یَعْقِلُ تِلْکَ الْجَوَاھِرَ مَعَ تِلْکَ
الصُّوَرِ لَا بِصُوَرٍ غَیْرِھَا بَلْ
بِاِعْتِبَارِ اَعْیَانِ تِلْکَ الْجَوَاھِرِ

اوسی طرح دونون معلولون مین بھی
حکم کرو تو اس وقت وجود معلولِ
اول اوس کے لیے نفس تعقل اوّل
ہوگا بلا احتیاج کسی نئی صورت کے
جو ذات اول مین حال ہو وہ اس
سے برتر ہے پھر جب جواھر عقلیہ
ایسے ہوے جو اون چیزون کا
تعقل کرتے ہین جو اون کے
معلولات نہین ہین بوجہ اون کے
حصول صور کے اور یہ تعقل اوّل
واجب ہے اور کوئی موجود نہین
مگر وہ معلول اول واجب ہے تو
تمام موجودات کلیہ و جزئیہ
کی صورتین بر ترتیب وجود اوس مین
حاصل ہوتی ہین اور اول واجب
ان جواھر کا مع اون صورتون کے
جن کو کوئی اور نہین تصور کر سکتا
ہے تعقل کرتا ہے بلکہ باعتبار ان
جواھر و صور کے اعیان کے

وَالصُّوَرِ وَكَذٰلِكَ الْوُجُوْدُ عَلٰی
مَا هُوَ عَلَيْهِ فَاِذَنْ لَا يَعْزُبُ
عَنْهُ وَعَنْ عِلْمِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ انتهى
پس رفع شد اجتماع النقیضین و درست
شد معنی این قول الآن کما
کان فرق این قدر بہ نظر عقل
مستفاد می شود کہ این ثابت مطلق
محض بود اکنون مقید شد و این اعتبار
محض است ما بہ نظر تخلف ازان علت
خود جدا ایم کہ مقید ساختن ما امرے
معتبر خواہد بود او بہ نظر یکتائی و صورت
نمائی چنانکہ پیشتر بود ہم باز ماند پس
چنان کہ زین پیش قادر و خدا
بود اکنون ہم است فافہم وباللہ التوفیق
و معنے بدین گونہ توان فہمید کہ این
قید اعتبارات ماست تا ما نمائیم چنانچہ
اکنون مائیم و اوست و آن علم حق
عین ذات ست یا غیر ذات و صفات و
علم منجملہ اوصاف الٰہیہ است و صفات

اور اسی طرح وجود کو بھی جیسا کہ وہ
اوس پر ہے پس اب ایک ذرہ
بھی اوس سے اور اوس کے علم
سے باہر نہ ہوا پس اجتماع النقیضین جاتا
رہا اور الآن کما کان کے معنے
ٹھیک ہو گئے اس قدر فرق البتہ
عقلاً معلوم ہوتا ہے کہ یہ ثابت مطلق
محض تھا اب مقید ہوا اور یہ محض اعتبار
ہے بہ نظر تخلف اوس علت سے
ہم خود جدا ہین کہ ہمارا ہی مقید کرنا
معتبر ہوگا وہ بہ نظر یکتائی و صورت نمائی
جس طرح پہلے تھا اب بھی ہے
تو جیسے اوس سے پہلے قادر و خدا
تھا ویسے اب بھی ہے جس کے
معنے یون سمجھنا چاہیے کہ یہ ہمارے
اعتبارات کی قید ہے کہ ہم ہم نظر
آتے ہین جس طرح کہ اب ہم ہین حالانکہ وہ
ہے اور وہ علم حق عین ذات ہے یا غیر ذات و
صفات اور علم منجملہ اوصاف الٰہی ہی اور صفات

پیش عامۂ متکلمین نہ عین ذات اند
و نہ غیر بلکہ من وجہٍ عین اند و من وجہٍ
غیر و عین ذات ست باتفاق صوفیہ
و حکما و محققین متکلمین و مراد ایشان نہ
آن است کہ مفہوم صفت و ذات
یکے ست بلکہ مقصود آنست کہ ذات و
صفات در نفس الامر یک عین اند یعنی
مترتب می شود بر مجرد ذات حق آنچہ
مترتب می شود بر ذات ممکن باصفات
مثلاً ذات تو کافی نیست در انکشاف
اشیا بر تو تا صفت علم کہ مبدأ انکشاف
است بہ تو قایم نہ باشد انکشاف
حاصل نہ شود بخلاف ذات خدا کہ
او در انکشاف اشیا محتاج نیست بہ صفتی
کہ قائم باشد بہ او بلکہ ذات او مبدأ
انکشاف است و باین اعتبار عین
علم است پس ذات و صفات
متحد اند در حقیقت و متغایر اند در مفہوم
و توہم نہ کنی کہ برین تقدیر نتوان گفت

عام متکلمین کے نزدیک نہ عین ذات
ہین نہ غیر بلکہ من وجہٍ عین اور من وجہٍ
غیر ہین اور بہ اتفاق صوفیہ و حکما
و محققین متکلمین عین ذات ہین اون کا
مطلب یہ نہین ہے کہ ذات و صفت کا
مفہوم ایک ہے بلکہ یہ مقصود ہے کہ نفس الامر
مین ذات و صفات ایک عین ہین یعنی
صرف ذات حق پر وہ چیزین مترتب
ہوتی ہین جو ممکن کی ذات پر صفات
سے مترتب ہوتی ہین مثلاً تمھاری
ذات انکشاف اشیا مین تمھارے لیے
کافی نہین جب تک صفت علم جو مبدأ
انکشاف ہے تم مین قائم نہ ہو انکشاف
حاصل نہ ہوگا بخلاف حضرت حق کے کہ جو
انکشاف اشیا مین کسی صفت قائم بالذات
کا محتاج نہین بلکہ اوس کی ذات ہی
مبدأ انکشاف ہے اور اس اعتبار سے عین علم ہے
تو ذات و صفات حقیقتاً متحد اور مفہوماً متغایر ہین
یہ وہم نہ کرنا چاہیے کہ اس صورت مین یہ نہین کہہ سکتے

که خدا عالم است چه مراد از عالم
ذاتے است که اشیا برو منکشف باشد
خواه مبدأ انکشاف ذات باشد یا صفتے
زاید بر ذات و برین مسلک چنانچه
می توان گفت که صفات خدا عین
ذات است نیز می توان گفت که غیر
ذات به اعتبار مفهوم است و می توان
گفت که نه عین ذات است و نه غیر
ذات و اگر ذات محل امور متکثره باشد
محذور نیست چه اشیا عین حق اند باعتبار
وجود و حقیقت و غیر اند باعتبار تقید
و تعین پس در حقیقت حال و محل
نیست بلکه یک چیز بصورت حالیه و
محلیه ظهور کرده و نفس الامر که محل حیرت
علماء و حکماء است عبارت ازین علم
محیط است و آنچه خواجهٔ نصیر الدین
طوسی گفته که نفس الامر صور علمیه
عقل اول است آن هم راست است
چه صور علمیه او صور علمیه حق است

کہ خدا عالم ہے کیونکہ عالم سے مراد وہ ذات
ہے جس پر اشیا منکشف ہوں خواہ مبدأ
انکشاف ذات ہو یا کوئی صفت زائد بر
ذات اور اس مسلک پر یہ کہہ سکتے ہیں
کہ صفات حق عین ذات ہیں - اور یہ بھی
کہہ سکتے ہیں کہ بہ اعتبار مفہوم غیر ذات
ہیں اور یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ نہ عین ذات
ہیں نہ غیر ذات اور اگر ذات محل امور
کثیرہ ہو تو دشوار نہیں کیونکہ اشیا
بہ اعتبار وجود و حقیقت عین حق ہیں
اور بہ اعتبار تقید و تعین غیر پس
در حقیقت حال و محل نہیں ہے بلکہ
ایک ہی چیز نے بصورت حالیہ و محلیہ
ظہور کیا ہے اور نفس الامر جو علما اور
حکما کا محل حیرت ہے وہ یہی علم محیط
ہے اور یہ جو خواجۂ نصیر الدین
طوسی نے کہا کہ نفس الامر صور علمیہ
عقل اول ہے یہ بھی ٹھیک ہے کیونکہ
اوس کے صور علمیہ صور علمیہ حق ہیں

و ماہیات و حقایق صور کلیہ اشیار است
در علم حق و اگر گوئی عین اسمار
و اشیار است ہم راست باشد و شیخ
ابو علی نیز بر آن است کہ علم حق
بہ عالم حصولی است و شیخ شہاب الدین
مقتول در حکمۃ الاشراق تصریح
کردہ کہ حضوری ست و در تلویحات
می گوید کہ ارسطو را بخواب دیدم و از
حقیقت علم پرسیدم گفت اَلتَّعَقُّلُ
حُضُوْرُ الشَّیْءِ لِلذَّاتِ الْمُجَرَّدَۃِ
عَنِ الْمَادَّۃِ و این مشکل است در
عدم معدومات و بعضے دفع اشکال
بہ آن کردہ اند کہ معدومات در عقول
عالیہ مرتسم اند و عقول عالیہ نزد
حق حاضر بالجملہ عینیت صفات
بدان اعتبار است کہ بہ اعتبار ذات
متجلی شدہ اند چنانکہ در کیفیت ظہور
وجود در مظاہر مبین شد و امّا بعضے
از متکلمان بہ واسطہ اختلاف در

اور ماہیات و حقایق صور کلیہ
اشیار ہین علم حق مین اور اگر یہ کہو کہ
عین اسمار و اشیار ہے تو بھی ٹھیک
ہے۔ شیخ ابو علی کے نزدیک بھی یہی ہے
کہ حق کو عالم کا علم حصولی ہے اور شیخ
شہاب الدین مقتول نے حکمۃ الاشراق
مین تصریح کی ہے کہ حضوری ہے اور
تلویحات مین کہتے ہین کہ مین نے ارسطو کو
خواب مین دیکھا اور اون سے حقیقت
علم پوچھی تو کہا کہ وہ حضور شے کا تعقل
ہے اوس ذات کے لیے جو مادہ سے مجرد
ہے اور یہ عدم معدومات مین مشکل ہے
اور بعضون نے اعتراض یون دفع کیا ہے
کہ معدومات عقول عالیہ مین منقوش
ہین اور عقول عالیہ حضرت حق کے نزدیک
حاضر بالجملہ عینیت صفات اس اعتبار سے
ہے کہ وہ بہ اعتبار ذات متجلی ہوئے ہین
جیسا کہ کیفیت ظہور وجود در مظاہر مین بیان
ہوا لیکن بعض متکلمین بوجہ اختلاف مفہوم

مفہوم گفتہ اند کہ صفات غیر ذاتست
و شیخ ابو الحسن اشعری نظر بآن کہ
در نفس الامر ہر یک حقیقت کہ بہ اعتبار
غیر متصف بہ صفات می شود یا نظر
بہ ذات مفہوم فرمودہ کہ صفات
نہ عین ذاتست و نہ غیر بلکہ
از وجہے عین است و از وجہے غیر
و چون حقیقت اسم معلوم شد کہ
ذات است بہ اعتبار اتصاف بہ صفات
ازین رو گفتہ اند کہ اسم عین ذات
است و اگر مراد از اسم الفاظ باشد
غیر بظاہر است اگرچہ بہ اعتبار احدیت
ذاتی و شمول غیریت نمی ماند نبذے
تحقیق نمایش وجود حقیقی و بیان
تقابل انسان و ظہور عکس وجود دران
و کیفیت ادراک آن و ماہیت مدرک
این کہ اعیان ثابتہ در علم حق
من الازل الی الابد ثابت اند و نور
وجود از ان اعیان کہ بمثابہ مرایاے

کہتے ہین کہ صفات غیر ذات ہین اور شیخ
ابو الحسن اشعری نے اس لحاظ سے کہ
نفس الامر مین ہر حقیقت باعتبار غیر
متصف بہ صفات ہوتی ہے یا لحاظ
بذات مفہوم کرکے فرمایا کہ صفات
نہ عین ذات ہین نہ غیر بلکہ من وجہٍ عین
ہین اور من وجہٍ غیر اور جب حقیقت
اسم معلوم ہوئی کہ ذات ہے بہ اعتبار
اتصاف بہ صفات اس لیے کہا ہے کہ
اسم عین ذات ہے اور اگر اسم سے
مراد الفاظ ہون تو بظاہر غیر ہے اگرچہ
باعتبار احدیت ذاتی اور شمول کے
غیریت نہین رہتی ہے اب تھوڑی سی
وجود حقیقی کے ظہور کی تحقیق اور انسان کے
مقابل ہونے اور اس مین وجود کا عکس ظاہر
ہونے کا بیان اور اوس کے ادراک کی کیفیت
اور مدرک کی ماہیت بیان کیجاتی ہے اعیان
ثابتہ علم حق مین ازل سے ابد تک ثابت ہین
اور نور وجود اون اعیان سے جو بمنزلہ آئینہ ہاے

وجود اند بحسب قابلیات وجود مختلفہ
ظاہر می شود مثلاً ہر صورتے کہ در آئینہ
می نماید آئینہ متصف بہ او نمی شود و
نہ حکم کردہ می شود بہ آن کہ آن صورت
آئینہ یا در آئینہ است ہمچنین نور وجود
نیز کہ برین اعیان و قوابل تافتہ
اعیان بدان متصف نمی شوند و حکم
بہ وجود ایشان نمی توان کرد ازین رو
گفتہ اند ماشَمَّت رائحۃ الوجود
و نظر بدین معنے است کہ ماہیات
مجعول بہ جعل جاعل نیستند چہ این
ماہیات کلیہ با بسائط وجود عینی
بہ ایشان ہرگز از مرتبۂ معقولیت
زائل نمی شوند و بہ درجۂ عینیت
نمی آیند اگرچہ توہم آن می شود
کہ اعیان در وجود ظاہر شدہ اند اما
فی الحقیقت وجود از اعیان ظاہر
شدہ مقرون بہ احکام ماہیات و
اعیان ایشان ہرگز بہ ظہور وجود

وجود ہین موافق قابلیات وجود مختلفہ
ظاہر ہوتا ہے چنانچہ جو صورت
آئینے مین دکھائی دیتی ہے آئینہ
اوس سے متصف نہین ہوتا اور نہ یہ کہا
جا سکتا ہے کہ وہ صورت آئینہ کی یا
آئینہ مین ہے اسی طرح وجود بھی۔ جو
ان اعیان و قوابل پر متجلی ہوا تو اعیان
اوس سے متصف نہین اور نہ اُن کے
وجود کا حکم دیا جا سکتا ہے اسی لیے کہا ہے
کہ اعیان نے وجود کی بو نہین سونگھی اور
اسی لیے ماہیات کسی کے بنائے نہین
ہین کیونکہ یہ ماہیات کلیہ وجود عینی کے
بسائط مین بھی ہرگز مرتبۂ معقولیت سے
زائل نہین ہوتے اور درجۂ عینیت
مین نہین آتے اگرچہ اس کا وہم ہوتا ہے
کہ وجود مین اعیان ظاہر ہوئے ہین
لیکن حقیقتاً وجود اعیان سے
مقرون بہ احکام ماہیات ہو کر ظاہر ہوا
ہے اور اعیان ہرگز ظہور مین

نمی آیند چنانکہ مرآت بذات خود
مقتضی ظہور نور آفتاب شدہ خود
ہرگز بہ آفتاب متصف وظاہر
نمی شود اما آفتاب بہ احکام آئینہ
از کوچکی وبزرگی والوان آئینہ
متصف می شود وآئینہ خود در نور
آفتاب محو ومخفی است پس ہر
عین ثابت بہ حکم تغایر علمی تقابل
ومحاذاتے با نور وجود حقیقی پیدا
گردانید وبہ حسب استعداد وقابلیت
ذاتی کہ دارد نور وجود عکسے بر ہر
یک انداخت بہ مثابہ آئینہاے
متلونہ ومتشکلہ بہ الوان واشکال
مختلفہ کہ در برابر آفتاب دارند
آفتاب در ہر آئینہ بہ رنگے وشکلے
می نماید واین عکوس متکثرہ را
عالم می گویند کہ آلۂ علم بہ وجود حقیقی
حق اند مانند خاتم کہ اسم آلۂ ختم و
مہر است پس وحدت نور واجبی از

نہین آتے جیسے کہ مرآت بذاتِ خود
مقتضی ظہور نور آفتاب ہوا خود
ہرگز آفتاب سے متصف وظاہر
نہین ہوتا مگر آفتاب آئینہ کے
احکام خوردی وبزرگی ورنگ
سے متصف ہوتا ہے اور آئینہ
خود نور آفتاب مین محو ومخفی ہے
پس ہر عین ثابت بحکم تغایر
علمی نور وجود حقیقی سے مقابل
ہے اور اون کے استعداد وذاتی
قابلیت کے موافق نور وجود اون
ہر ایک پر منعکس ہے جیسے
رنگین شیشے آفتاب کے روبرو کہ
آفتاب ہر شیشے مین جداگانہ
رنگ وشکل سے معلوم ہوتا ہے
اور ان عکوس کثیرہ کو عالم کہتے
ہین جو آلۂ علم بوجود حقیقی حق
ہین جیسے انگوٹھی جو ختم ومُہر کے
آلہ کا نام ہے تو وحدت نور واجبی

کثرت ماہیات و اعیان ممکنات
پدید آمد یعنی از بطون علمی بہ ظہور عینی
آمد و تعددے کہ دران نور واحد
پیدا شد از تعدد مرایا باز دید گشتہ
فَافْهَمْ وَانْصِفْ

سوال سوم - حق تعالے گفتہ
کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًا فَاَحْبَبْتُ
اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ
پس پیش از وجود خلق - اللہ تعالے
عالم بہ ذات خود بود یا نہ بود اگر عالم
بود پس چرا چنین فرمود و اگر عالم
نہ بود روا نیست پس معنی این حدیث
چہ باشد و چرا فرمود یا بَنِیْ اٰدَمَ
خَلَقْتُ الْاَشْیَاءَ لِاَجْلِكَ وَ
خَلَقْتُكَ لِاَجْلِیْ پس حق تعالے
محتاج آدم باشد و محتاج خدائی را
نہ شاید پس حق تعالے محتاجِ خلق
است یا نیست

اقول حق پیش از آفرینش عالم

کثرت ماہیات واعیان ممکنات سے
ظاہر ہوئی ہے یعنی بطون علمی سے ظہور
عینی مین آئی اور یہ جو تعدد اوس نور واحد
مین ظاہر ہوا وہ آئینون ہی کے تعدد سے
دکھائی دیتا ہے - لہذا سمجھ اور انصاف کر

تیسرا سوال - حق تعالے نے فرمایا کہ
مین پوشیدہ خزانہ تھا تو مین نے دوست
رکھا کہ پہچانا جاؤن لہذا خلق کو پیدا
کیا تو قبل وجود خلق - اللہ تعالے
اپنی ذات کا عالم تھا یا نہین - اگر عالم
تھا تو کیون ایسا فرمایا اور اگر عالم نہ تھا
تو یہ جایز نہین پھر اس حدیث کے کیا
معنے ہوے اور یہ کیون فرمایا کہ اے
بنی آدم مین نے اشیا کو تیرے لیے اور تجھکو
اپنے لیے پیدا کیا تو حق تعالے آدم کا
محتاج ہوا اور محتاج خدائی کے قابل
نہین - پس حق تعالے خلق کا محتاج
ہے یا نہین -

مین کہتا ہون کہ حق قبل از پیدایش عالم

عالم بذات خود بود و این حب نہ
بر سبیل احتیاج است و نہ از رہگذر
اقتصار بلکہ بہ محض عنایت خواست
کہ خود را در پردہ نماید عاشقے کہ شہرۂ
جمالش در شش جہت عالم اعتبار
انگنند کجا بود ناگاہ خود آن ذات
کہ معبر بہ عشق است بمحض عطوفت بہر
اظہار خویش پردہ برداشت و خود را
بر عین عالم جلوہ گر فرمود و عطوفت فرما
بہ حال عرفا شد ازین جہت قول عرفا
است کہ نشان کمال سالک آن ست
کہ در حسن مجازی حسن حقیقی بیند و
مظہر این انسان کامل است کہ
عبارت از ذات نبوی ست صلعم
و شرف رتبۂ انسان جہت مظہریت
علم و قدرت واحدیت جمع و
آخریت اول است پس اقتضاے
تکلیف کرد ازان کہ چون فیض حق
از مبدء نزول فرماید تا بہ محاق وسط

اپنی ذات کا عالم تھا اور یہ حب نہ
بر سبیل احتیاج ہے نہ بر سبیل ضرورت
بلکہ بہ محض عنایت اپنے کو در پردہ دکھانا
چاہا ایسا عاشق جو اوس کا شہرۂ
جمال تمام عالم مین مشہور کرتا کہان
تھا ناگاہ خود اوس ذات نے جو معبّر
بہ عشق ہے محض عطوفت سے اپنے
اظہار کے لیے پردہ اوٹھا دیا اور
خود عالم پر جلوہ گر ہو کر عارفین کے
حال پر عطوفت فرما ہوا اسی لیے
عارفین کا قول ہے کہ کمال سالک
کی علامت یہ ہے کہ حسن مجازی مین
حسن حقیقی کو دیکھے اور اوس کا مظہر
انسان کامل ہے جو آنحضرت صلعم کی
ذات اقدس ہے اور انسان کی بزرگی
مظہر علم و قدرت واحدیت جمع و
آخریت اول ہونے سے ہے پس اقتضار
تکلیف کی کیونکہ جب فیض حق مبدا سے
نازل ہوتا ہے تو جب تک وسط مین

نرسد عروج صورت نه بندد که ظهور
برای هر یکی از مظاهر لازم است ۵

نہین پہونچ جاتا عروج نہین ہوتا اس لیے
ہر مظہر کے لیے ظہور لازمی ہے ۵

ای عشق توئی آئینهٔ بود و نبود
بی غیر تو کس بود و نه کس خواهد بود
وین طرفه که بی روی کسی در روئیت
هر لحظه هزار نقش اغیار نمود

اے عشق تو ہی ہستی و نیستی کا آئینہ ہے
تیرے بغیر کچھ نہ تھا اور نہ ہوگا
اور یہ عجیب بات کہ بلا کسی صورت کے
ہر لحظہ ہزار غیر کے نقشے دکھائے

مراد از عشق درین مقام وجود حقیقی است
که عشق او نزد این طائفه عین ذات
است در مثال سایر صفات و تصویر
این معنی آن که هر حقیقتی که قائم بغیر
باشد موجود لذلک الغیر است و منشاء
اتصاف آن غیر است به او و چون
قائم به ذات خود باشد منسوب
به غیر نه باشد و موجود لذاته باشد
پس خود موصوف شود به خود مثلاً
اگر فرض کنی که حرارت از آتش برخیزد
و به ذات خود قایم باشد همه حرارت
باشد و هم حار باین معنی که حرارت
به او قائم است قیام الشئی بنفسه و

یہان عشق سے وجود حقیقی مراد ہے جس کا
عشق اس گروہ کے نزدیک عین ذات
ہے باقی صفات کی طرح اور اوس کی
تشریح یہ ہے کہ جو حقیقت قائم بغیر ہو
وہ اوس غیر کے لیے موجود اور اوس کا
منشا اتصاف ہے اور جب اپنی ذات مین قائم
ہوگا تو غیر کی طرف منسوب نہ ہوگا اور اپنی
ذات کے لیے موجود ہوگا تو خود با خود موصوف
ہوگا مثلاً اگر فرض کیا جائے کہ حرارت آگ
سے پیدا ہوتی ہے اور اپنی ذات
مین قائم ہوتی ہے تو سب حرارت ہوگی
اور حار بھی اس لیے کہ حرارت اوس سے
قائم ہے بسبب قیام شے کے اپنی ذات مین اور

ایمۂ علوم عقلیہ و نقلیہ بران متفق اند کہ صفات الٰہی عین ذات اند بنا برین طائفۂ محققان اطلاق عشق بران حضرت کنند فھو عشق و عاشق و معشوق کما انہ علم و عالم و معلوم و چون مقرر شد کہ اعیان ثابتہ را اتصاف بہ وجود نیست بلکہ بہ سبب ارتباط بہ موجود حقیقی وجود مجازی می یابند و آن نیز بہ حقیقت ظہور حق است بہ صفات آن اعیان پس اعیان بمنزلۂ صور مرآت باشند نسبت باذات حق ایدون درست شد معنی قول یا بنی آدم ؎

سایۂ معشوق گر افتاد بر عاشق چہ شد
ما بہ او محتاج بودیم او بہ ما مشتاق بود

در عالم اسباب است کہ مخدوم در امور ضروریہ محتاج بہ خادم می شود اما او را محتاج نمی گویند علی الخصوص

اور ائمہ علوم عقلی و نقلی اس پر متفق ہین کہ صفات حق عین ذات ہین اسی لیے یہ گروہ محققین عشق کا اطلاق اوس پر کرتے ہین تو وہی عشق و عاشق و معشوق ہے جس طرح وہی علم و عالم و معلوم ہے اور چونکہ یہ ثابت ہو چکا کہ اعیانِ ثابتہ متصف بہ وجود نہین بلکہ بوجہ موجود حقیقی سے مرتبط ہونے کے موجودِ مجازی ہین اور وہ بھی حقیقتاً حق ہی کا ظہور اون صفات سے ہے تو اعیان ذات حق کی نسبت سے بمنزلۂ صورت آئینہ ہوے اب قول یا بنی آدم کے معنے ٹھیک ہو گئے ؎

معشوق کا سایہ اگر عاشق پر پڑا تو کیا ہوا ہم اوس کے محتاج تھے اور وہ ہمارا مشتاق تھا ٭ عالم اسباب مین ہے کہ امور ضروری مین مخدوم خادم کا محتاج ہوتا ہے مگر اوس کو محتاج نہین کہتے خصوصاً

بر قول اہل توحید کہ ہمہ عین حق
دانند آن جا محتاجی گنجایش ندارد
کہ آن محتاج است بہ حاجت و محتاج و
محتاج الیہ و وجہ حاجت و این جا
ہمہ مفقود و ہمین مقصود است ہمچنین
دیگر تشریفات اند در بارہ مخلوقات
کہ معاذ اللہ نہ برائے حاجت ذات
خودی بود نہ برائے غرضے دیگر بلکہ خود
مشاہدۂ خویش منظور است سہ
خود کوزۂ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ
خود رند سبو کش
خود بر سر آن کوزہ خریدار بر آمد
بشکست و روان شد
احتیاج دریا بہ حباب بیش ہر عالم چنانکہ
ہست پوشیدہ نیست واللہ اعلم

سوال چہارم

حق فرمود کہ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ
بگو کہ ذات او بہ ما از رگ گردن نزدیک تر
است یا صفات او و نیز فرمود کہ

اہل توحید کے قول پر کہ وہ سب عین
حق جانتے ہین وہان محتاجی کی
گنجایش نہین کیونکہ اوس مین حاجت
و محتاج و محتاج الیہ و وجہ حاجت
کی ضرورت ہے اور یہان یہ کچھ نہین
اور یہی مقصود ہے اسی طرح اور بھی
بشارات مخلوقات کے بارے مین
ہین جو معاذ اللہ کسی ذاتی غرض
سے نہین ہین بلکہ خود اپنا مشاہدہ منظور ہے
سہ خود ہی کوزہ اور خود ہی کمہار اور خود ہی
کوزہ کی مٹی ہے اور خود ہی رند سبو کش
اور خود ہی اوس کوزے کو خریدا اور
توڑ کر چلتا بنا
احتیاج دریا بہ حباب جیسی کچھ ہے وہ
جاننے والے سے پوشیدہ نہین واللہ اعلم

چوتھا سوال

- خدا نے فرمایا کہ مین
شہرگ سے زیادہ اوس سے قریب
ہون تو اوس کی ذات ہماری شہرگ سے
زیادہ قریب ہے یا صفات اور بھی اوسنے فرمایا

نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْکُمْ وَلٰکِنْ لَا تُبْصِرُوْنَ پس چیزے کہ از ما ہم نزدیک باشد محال است کہ ما اورا نہ دانیم و نہ شناسیم و مقر است کہ چیزہائے کہ از ما دور تر اند مثل آسمان وغیرہ آن را می شناسیم و می بینیم از تقرب باطنی و ہم از نظر ظاہر پس حق کہ ہم بما نزدیک تر است چہ سبب کہ مشاہدہ نمی شود و معیت او با خود در نمی یابیم

اقول مراد از نزدیکی نزدیکی بہ علم و قدرت است نہ بہ مکان۔ ما وردی گفتہ کہ حبل الورید رگے ست متصل بہ دل و علم حق بہ بندہ نزدیک تر است از علم رگ دل و صاحب بحر الحقایق آوردہ کہ حبل الورید اقرب اجزاے نفس انسانی است بہ وے پس این سخن ایمائے ہست بآن کہ حق سبحانہ تعالے از ان قرب بہ بندہ اقرب ست

کہ مین اوس سے بہ نسبت تمھارے زیادہ قریب ہون لیکن تم دیکھتے نہین ہو تو جو چیز ہم سے زیادہ نزدیک ہوگی محال ہے کہ ہم اوس کو نہ دیکھین یا نہ پہچانین اور یہ مقرر ہے کہ جو چیزین ہم سے دور ہین جیسے آسمان وغیرہ اون کو ہم بصیرت و بصارت دونون سے دیکھتے اور پہچانتے ہین تو خدا جو ہم سے زیادہ نزدیک ہے اوسے ہم کیون نہین دیکھتے اور اوس کو اپنے ساتھ کیون نہین پاتے

مین کہتا ہون کہ نزدیکی سے مراد نزدیکی بہ علم و قدرت ہے نہ بہ مکان ما وردی کہتے ہین کہ حبل الورید وہ رگ ہے جو دل سے متصل ہے اور خدا کا علم بندے سے علم رگ دل سے زیادہ نزدیک ہے صاحب بحر الحقایق کہتے ہین کہ حبل الورید اجزاے نفس انسانی مین اوس سے سب سے زائد قریب ہے تو اسمین اس طرف اشارہ ہے کہ حق تعالے بندہ سے بہ نسبت اوس قرب کے بھی زائد قریب

پس چنانکہ انسان ہرگاہ کہ خود را طلبند
یابند حق را نیز ہرگاہ کہ جویند بیابند
وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي
فَإِنِّي قَرِيبٌ در زبور آمدہ است کہ
أَلَا مَنْ طَلَبَنِي وَجَدَنِي ؎

ہے جس طرح انسان خود کو ڈھونڈھتے
اور پاتے ہین خدا کو بھی اگر ڈھونڈھین تو
پاوین حق تعالے فرماتا ہے کہ جب میرے
بندے تم سے میری بابت پوچھین تو مین قریب ہون
زبور مین ہے کہ جس نے مجھکو ڈھونڈھا اوس نے
پایا ؎

نحن اقرب گفت من حبل الورید
تو فگندی تیر فکرت را بعید
اے کمان و تیرہا بر ساختہ
صید نزدیک و تو دور انداختہ

خدا نے فرمایا کہ مین شہرگ سے زیادہ
اوس سے قریب ہون + اور تم اپنی فکر
دور دوڑاتے ہو + تیر کمان بنا کر باوجود
شکار نزدیک ہونے کے تیر دور پھینکتے ہو +

کیفیت قرب جان کہ پیوستہ بتن است
درنمی توان یافت قرب حق را کہ
از کیفیت منزہ است چگونہ ادراک
توان کرد ؎

جب کیفیت قرب روح بہ جسم معلوم نہین
کر پاتے تو قرب حق کو جو کیفیت سے منزہ
ہے کیسے ادراک کرسکو گے
؎

قرب بے چون ست جانت را بتو
قرب حق را چون ندانی اے عمو
قرب نے بالا و پستی رفتن است
قرب حق از قید ہستی رستن است

جب قرب روح ہی تمھارے ساتھ بے چون
ہے تو قرب حق ویساہی کیون نہین جانتے کیونکہ
قرب اوپر نیچے سے جانا نہین ہے بلکہ
قید ہستی سے چھوٹنا قرب ہے +

در کشف الاسرار آوردہ کہ قرب بندہ
بحق آن ست کہ فرمود اقرب و در

کشف الاسرار مین ہے کہ بندہ کا قرب حق
سے یہ ہے جو اوس نے لفظ اقرب فرمایا اور

احادیث قدسیہ وارد است لایزال
العبد یتقرب الیّ بالنوافل واین
قرب با ایمان است وتصدیق باجنان
وتحقیق معنی مقام مشاہدہ ہم این ست
کہ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ
وقرب حق بہ بندہ را دو قسم است
یکے کافۂ خلق را کہ بہ علم وقدرت است
کہ وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ - دیگر
خواص درگاہ را بہ لطف وشواہد لطف
کہ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ اول خواص را
قربے دہند عینی تا از خیالش برہاند
پس قربے دہند حقیقی تا از آب وگلش
بازگرداند ہستی موہوم می کاہد و
ہستی اصلی ظہوری کند چنانکہ در
اول خود بود در آخر ہم خود باشد این جا
علایق مرتفع گردد واسباب منقطع و
رسوم باطل وحدود متلاشی وحق یکتا
بخود باقی ؎
موج بحر لمن الملک برآمد ناگاہ

احادیث قدسیہ مین آیا ہے کہ ہمیشہ
بندہ مجھ سے بذریعہ نوافل قرب
چاہتا ہے اور یہ قرب بہ ایمان و
تصدیق قلبی ہے اور مقام مشاہدہ
کی تحقیق بھی یہی ہے کہ اللہ کی عبادت
اس طرح کرو گویا تم اوس کو دیکھتے ہو اور
قرب حق بہ بندہ کی دو قسمین ہین
ایک تمام خلایق کے لیے بعلم وقدرت
کہ وہ تمھارے ساتھ ہے جہان کہین تم ہو-
دوسرے خواص درگاہ کے لیے بہ لطف و
شواہد لطف کہ ہم اوس سے قریب ترین اولاً
خواص کو قرب عینی عطا کرتے ہین جو اوسے
اپنے خیال سے چھوڑاتا ہے پھر قرب حقیقی
دیتے ہین جو اوسے مقتضیات ہستی سے باز رکھتا
ہے ہستی موہوم گھٹتی ہے اور ہستی اصلی ظاہر ہوتی ہے
جسطرح پہلے خود تھا آخر بھی خود ہی ہو گا یہان پر
علائق مرتفع ہو جاتے ہین اور اسباب منقطع اور رسوم
باطل اور حدود غایب اور حق یکتا بخود باقی
؎ دریاے لمن الملک سے ایک موج ناگاہ اوٹھی

غرق گردید درین بحر چہ درویش و چہ شاہ
خرمن ہستی موہوم چنان سوزانند
آتش عشق کہ نے دانہ بماند نے کاہ
واین جا مراد از نزدیکی ہمین نزدیکی
خواص است دیگر تحقیق این در درۃ الملتقہ
گفتہ ام باقی نہ دیدن ما اور ابسبب
حجاب غفلت خودی است چنانکہ
در خود مفہوم می شود کہ قفاے خویش
ہم خود را نظر نمی آید دیدن اشیاے
بعیدہ چندان مستبعد نیست و لطیفہ
دران ہمین است کہ این را بُعد و
حجاب فطرتی کہ عبارت از تعلق و
جدا شدن از مبدا است افتادہ تا این
حجاب مرتفع نہ شود ہستی حق بہ نظر
نہ آید بہ قدر نیستی تو ہستی حق ظاہر
می شود چنانچہ حدیث مُوتُوا قَبلَ
اَن تَمُوتُوا دلالت برین دارد ؎
تو در و گم شو وصال این است و بس
تو مباش اصلا کمال این ست و بس

جس مین امیر فقیر سب ڈوب گئے
آتش عشق نے خرمن ہستی ایسا جلایا
کہ نہ دانہ باقی رہا نہ بھوسی + اور یہان
نزدیکی سے خواص کی نزدیکی مراد ہے اور
اس کی تحقیق مین نے درۃ الملتقہ مین
لکھی ہے باقی ہم جو اوس کو نہین دیکھ پاتے
یہ بسبب اپنے حجاب و غفلت خودی کے
جیسے اپنی گدی اپنے آپ کو نظر نہین آتی تو دور
کی چیزون کا دیکھنا کچھ زیادہ مشکل نہین
اور اس مین یہ لطیفہ بھی ہے کہ یہ بُعد و
حجاب فطرت (جو تعلق بہ خلق اور مبدأ
سے جدائی ہے) ایسا آپڑا ہے کہ جب تک
یہ دور نہ ہو ہستی حق نظر نہین آسکتی
بہ قدر نیستی ہستی حق ظاہر ہوتی ہے
جس پر حدیث شریف مُوتُوا
قَبلَ اَن تَمُوتُوا دلالت کرتی
ہے ؎
اوس مین گم ہوجانا یہی وصال ہے
اور کچھ نہ ہونا یہی کمال ہے

اشارہ برین است واین مخصوص بہ
عرفاست تا حجاب خود بدر نزنند آفتاب
وحدت متجلی نہ شود وہمین بر انداختن
حجاب تمامی فقر است وَالْفَقْرُ اِذَا
تَمَّ هُوَ اللّٰہُ۔

سوال پنجم ما چون غیر حق ہستیم
چگونہ حق را با ما معیت باشد چہ
محال است کہ حق بہ غیر خود نزدیک
باشد اگر عین او ایم پس در یک
عین جنسیت می باشد وحالانکہ عین
جنس او نیستیم لقولہ تعالیٰ لَيْسَ
كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ما حادث ایم واو قدیم
پس چگونہ با ما باشد اگر گوئی معیت او
علمی است نہ ذاتی پس وقتے کہ او بود
وہیچ نہ بود چگونہ عالم بود آیا عالم
در ذات حق است یا حق در عالم اگر
ذات پاک او بزرگ است باید کہ عالم
در ذات او بود زیرا کہ انچہ در کاسۂ
خرد بود در کاسۂ بزرگ می باشد

اور یہ خاص عارفین کے لیے ہے جب تک
اپنا حجاب دور نہ ہوگا آفتاب
وحدت ظاہر نہ ہوگا اور یہی حجاب اوٹھانا
انتہاے فقر ہے اور فقر جب پورا ہوا
وہی اللہ ہے

پانچوان سوال جب ہم غیر حق ہین تو
اوس کی معیت ہمارے ساتھ کیسے ہوگی
کیونکہ حق کا اپنے غیر سے نزدیک ہونا محال
ہے اگر ہم عین ہین تو ایک عین مین
جنسیت ہوتی ہے حالانکہ ہم اوس کے
عین جنس نہین ہین کیونکہ خود فرماتا ہے
کہ اوس کی مثل کوئی چیز نہین ہم حادث
ہین اور وہ قدیم وہ کیسے ہمارے ساتھ
ہوسکتا ہے اگر یہ کہو کہ اوس کی معیت
علمی ہے نہ ذاتی تو جب وہ تھا اور کوئی نہ
تھا تو عالم کیونکر تھا آیا عالم ذات حق مین
ہے یا حق عالم مین اگر اوس کی ذات بزرگ ہے
تو چاہیے کہ عالم اوسکی ذات مین ہو اس لیے کہ جو کچھ
چھوٹے پیالے مین ہوتا ہے وہی بڑے پیالہ مین ہوتا ہے

واگر عالم بزرگ است باید کہ حق در
عالم بود پس چگونہ از ذات قدیم او
غیر ذات پیدا شد و حالانکہ گفت
کَانَ اللّٰہُ وَلَمْ یَکُنْ مَعَہٗ شَیْئًا
ہر آئینہ علم و قدرت و ارادت نیز
جملہ شئے است لازم شد کہ اگر اینہا
بودند پس چرا گفت کہ ہیچ شے نہ بود
ازین چنان معلوم می شود کہ
صفات او با ذاتِ او نہ بودہ اگر بودے
چگونہ غیر او نمی بود زیرا کہ او ہم
شئے است بچہ طور درست او کہ غیر از
ذات او نہ بود پس چگونہ غیر موجود
شد و اورا با غیر معیت واقعی شد

اقول بدین نظر کہ پرتوِ آن آفتاب
وحدتیم عین اوئیم و بہ خیال پندار
پیدائی چند روزہ اسیر زحمت دغیریت
جاوید۔ تفصیل این اجمال آن کہ
غیریت ما ممکنات در حدِ ذاتِ خود
ہیچ نیست چہ ممکن از خود ہیچ وجود

اور اگر عالم بڑا ہے تو حق کو عالم مین ہونا
چاہیے تو اوس کی ذات قدیم سے غیر ذات
کیسے ظاہر ہوئی حالانکہ اوس کا ارشاد ہے
کہ اللہ تھا اور اوس کے ساتھ کوئی چیز نہ تھی
البتہ علم و قدرت و ارادہ بھی منجملہ اشیاء
ہین لازم ہوا کہ اگر یہ سب تھے تو اوس نے
یہ کیون کہا کہ کوئی چیز نہ تھی اس سے
ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اوس کے صفات
اوس کی ذات کے ساتھ نہ تھے اگر تھے تو وہ
کیون اوس کے غیر نہ تھے اس لیے کہ صفت
بھی شئے ہے تو کیسے یہ درست ہو سکتا ہے
کہ بجز اوس کے کچھ نہ تھا تو غیر کیسے موجود ہوا
اور اوس سے غیر سے کیسے معیت ہوئی۔

مین کہتا ہون اس لحاظ سے کہ ہم اوس
آفتاب وحدت کے پرتو ہین اوس کے عین
ہین اور چند روزہ ظہور کی خودی کے خیال
سے زحمت و غیریت ابدی مین گرفتار اس
اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ ہماری غیریت امکانی
بذاتہ کچھ نہین ہے کیونکہ ممکن کا وجود ہی

نہ دارد پس ہمہ چیز از و مسلوب
باشد حتی خودی خود و نظر بحقیقت
ظاہرہ در وہمہ چیز است چہ حق
باہمہ صفات کمال اجمالاً در ہر
ذرہ از ذرات موجودات متجلی است ؎
رو دیدہ بدست آر کہ ہر ذرۂ خاک
جامے است جہان نمائے چون درنگری
و این سخن مطابق آن ست کہ بعضے
اہل شہود گویند الکل فی الکل
ہمانا درین مقام ممارسان حکمت
رسمی را شبہہ طاری می شود
چہ در علوم عقلیہ مقرر شدہ کہ
ماہیت فی حد ذاتہا از وہمہ چیز
غیر از ذات و ذاتیات او مسلوب
است چنانچہ می گویند لَیْسَتِ
المَاهِيَةُ مِنْ حَيْثُ هِيَ اِلَّا
نَفْسَهَا وَ ذَاتِيَاتِهَا فَلَيْسَتْ مِنْ
حَيْثُ هِيَ وَاحِدًا وَّ لَا كَثِيْرًا
وَلَا غَيْرَهُمَا مِنَ الْعَوَارِضِ

اپنا نہین ہے لہذا کل چیزین اوس سے
مسلوب ہون گی یہان تک کہ خودی بھی
اور بظاہر سب چیزین اوس مین ہین کیونکہ
حق مع تمام صفات کمال مجملاً ہر ذرہ
موجودات مین متجلی ہے ؎
جاؤ اور بینائی حاصل کرو کہ ہر
خاک کا ذرہ ایک جام جہان نما ہے
اور یہ بات بعضے اہل شہود کے مطابق ہے
جو یہ کہتے ہین کہ ہر چیز مین ہر چیز ہے
یہان پر اہل حکمت رسمی کو ایک شبہہ
ہوتا ہے کیونکہ علوم عقلیہ مین یہ طے ہو چکا
ہے کہ ماہیت فی حد ذاتہا سے بجز
اوس کی ذات و ذاتیات کے سب
چیزین مسلوب ہین چنانچہ کہتے
ہین کہ ماہیت من حیث الماہیت اپنی
ذات و ذاتیات سے مراد ہے تو
وہ من حیث الذات نہ ایک ہے نہ
بہت نہ اور عوارض اوس مین
ہین

وازین سخن لازم می آید کہ ممکن در
حد ذات خود خود باشد و ذاتیات
او او را ثابت باشند پس نتوان گفت
کہ در حد ذات خود ہیچ نیست و وجہ
دفع این شبہہ آن ست کہ در علوم عقلیہ
مقرر شدہ است کہ عقل بعد از
فرض ماہیت و ملاحظۂ او با قطع
نظر از امور در حین فرض او را
مشتمل بر ذاتیات خود می یابد و خالی
از غیر درین ملاحظہ و این معنی در
نفس الامر مقارن وجود است لیکن
عقل اغماض از تعقل وجود و دیگر
عوارض کردہ او را بدین حال می یابد و
حاصل آن کہ ماہیت مذکورہ موجود ست
در عقل اما عقل ملاحظۂ وجود او نہ
کردہ و این وجود عقلی او را نہ از ذات
خود است پس خود بخود ہیچ نہ باشد
اگر گویند کہ چون ممکن بذات خود
ہیچ نیست پس بودن او از ذات

اور اس سے لازم آتا ہے کہ ممکن بذاتہ
خود ہو اور اوس کی ذاتیات اوس کے
لیے ثابت ہون تو یہ نہین کہہ سکین گے
کہ اپنی ذات مین کچھ نہین ہے اور یہ شبہہ
یون دفع ہوتا ہے کہ یہ امر علوم عقلیہ
مین طے شدہ ہے کہ عقل بعد فرض
ماہیت اور اوس کے ملاحظہ کے
دیگر امور سے قطع نظر کر کے فرض
کرنے کے وقت اوس کو اپنی ذات و
ذاتیات پر شامل اور اس ملاحظہ
مین غیر سے خالی پاتی ہے اور یہ معنے
نفس الامر مین وجود کے مقارن ہین لیکن
عقل وجود و دیگر عوارض کے تعقل سے
اغماض کر کے اوس کو ایسا پاتی ہے
خلاصہ یہ کہ ماہیت مذکورہ عقل مین
موجود ہے لیکن عقل نے اوس کا وجود ملاحظہ
نہین کیا اور یہ وجود عقلی خود اوس کا
ذاتی نہین ہے تو وہ خود کچھ نہین اگر کہین
کہ جب ممکن بذاتہ کچھ نہین ہے تو اوس کا

غیر خود باشد پس بہ اعتبار بودن خود
مجہول باشد و این منافی آن ست
کہ سابقاً تحقیق رفت جواب
آن است کہ اثر اولی فاعل نفس
ذات است وچون ذات از فاعل
صادر شد احتیاج بہ تاثیر جدید
در بودن او خود نیست بلکہ عقل ازو
انتزاع می نماید کہ خود خود است بے
احتیاج بہ جعل اگر گویند کہ ازین
لازم می آید کہ اتصاف شے بذات
خود و ذاتیات او موقوف بر فاعل
باشد بنابر آن کہ ثبوت شے مر شے
را موقوف است بر وجود او و وجود ممکن
از فاعل جواب آن ست کہ بودن شے
شے مستلزم وجود اوست نہ موقوف
بر وجود پس بر تقدیر عینیت چرا
محال خواہد بود و بر ثبوت غیریت
ہم محال نہ خواہد بود معیت علمیہ
با معلوم گو اوراتضاعف یکے بر

غیر سے موجود ہونا پایا جائیگا جو بہ اعتبار
اپنی ہستی کے مجہول ہوگا اور یہ تحقیق
سابق کے خلاف ہے اس کا جواب یہ
ہے کہ اثر اولی فاعل نفس ذات ہے
اور جب فاعل سے نفس ذات صادر
ہوئی تو اوس کے خود ہونے مین تاثیر
جدید کی ضرورت نہین بلکہ عقل
اوس سے انتزاع کرتی ہے کہ خود ہی ہے
بلا ضرورت جعل اگر کہین کہ اس سے
لازم آتا ہے کہ شے کا اپنی ذات و
ذاتیات سے متصف ہونا فاعل پر
موقوف ہو کیونکہ شے کا ثبوت شے کے
لیے یہ اوس کے وجود پر موقوف ہے
اور وجود ممکن فاعل سے ہے جواب یہ ہے
کہ شے کا شے ہونا اوس کے وجود کو مستلزم
ہے نہ وجود پر موقوف پس بر تقدیر
عینیت کیون محال ہوگا اور بر ثبوت
غیریت بھی محال نہ ہوگا معیت علمیہ
معلوم کے ساتھ اگرچہ اوس کو ایک کی

دیگرے اطلاق کنند معیت نخوانند
ولیکن در حقیقت بوده است و نه بودن
جنسیت در یک بفهم نمی آید چه
ظاہر است کہ آفتاب و ماہتاب و
ستارہا در جنس فروغ یکے اند و باعتبار
مستفاد لہ غیر و نفی شلیت در آیہ کریمہ
نفی شلیت بہ صفت وجوب بوده
است نہ در غیر آخر در صفات دیگر
مثل حیوۃ و علم وغیرہ گو ناقص باشد
ثابت است و این ثبوت بدولت
ہمان نسبت معلولیت است ورنہ
ما حادثیم و او قدیم لیکن حدوث ما
از کجا است آرے از ہمان قدیم است
پس چگونہ باما نہ خواہد بود نوات باشجرہ
چہ سان ہمراہ نہ خواہد شد معیت
واجب بر مذہب علماے ظاہر علمی ست
و پیش حضرات صوفیہ ذاتی ست
و واقعی ہیچ شے با او نہ بود و بود عالم
در علم حق کہ متعلق آن ذات است

دوسری پر زیادتی کہتے ہین معیت نہین
کہتے مگر درحقیقت ہوتی ہے اور ایک مین
جنسیت نہ ہونا سمجھ مین نہین آتا کیونکہ ظاہر
ہے کہ آفتاب و ماہتاب و ستارے
چمکنے مین ایک ہین اور تاثیر مین علحدہ
اور آیت نفی شلیت مین صفت وجوب
کی نفی شلیت ہے نہ کچھ اور آخر دوسری
صفات حیات و علم وغیرہ مین اگرچہ
وہ ناقص طور پر ہو ثابت ہے کہ نہین اور
یہ ثبوت اوسی نسبت معلولیت کی بدولت
ہے ورنہ ہم حادث ہین اور وہ قدیم مگر
ہمارا حدوث آیا کہان سے اوسی قدیم
ہی سے تو پھر وہ کیسے ہمارے ساتھ
نہ ہوگا گٹھلی کی معیت درخت سے کیسے
نہ ہوگی ۔ معیت واجب بر مذہب علماے
ظاہر علمی ہے اور حضرات صوفیہ
کے نزدیک ذاتی اور واقعی اوس کے ساتھ
کچھ بھی نہ تھا اور عالم علم حق مین
تھا جو اوسی ذات سے متعلق ہے

حاشا ازین تعلق ترکیب او
تصور نہ کنی کہ عالم بہ نظر شیون
و مظہر واجبی عین اوست پس او در
عالم و عالم در و بزرگی و خردی
این جا ملحوظ نیست و علم و قدرت
فرض کردم کہ ہمہ شے اند لیکن
شئے عین اوست نہ غیر او و حقیقت
واجبی در ہر زمان بصورتے مناسب
اہل آن ظاہر می شود لِکُلِّ
قَوْمٍ هَادٍ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ
اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ و در آخر
با کمل صور ظاہر گشت و نبوت
تشریعی برو ختم شد قَالَ الشَّيْخُ
مُحْيِ الدِّيْنِ اِبْنُ الْعَرَبِيْ هُوَ
اَظْهَرُ الْاَشْيَاءِ تَحَقُّقًا وَاٰنِيَّةً
وَاَخْفَاهَا حَقِيْقَةً و حق ہم
ظاہر است و ہم باطن كَمَا قَالَ
تَعَالٰى هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ
وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ پس

لیکن اس تعلق سے اوس کی ترکیب
ہرگز تصور نہ کرنا چاہیے عالم بہ نظر شیون
و مظہر واجبی اوس کا عین ہے تو وہ
عالم مین اور عالم اوس مین ہے
بزرگی و خردی کا لحاظ یہان نہین
اور علم و قدرت اگرچہ سب شے ہین
لیکن شے اوس کی عین ہے نہ غیر اور
حقیقت واجبی ہر زمانے مین اوس زمانے
والون کے مناسب ظاہر ہوتی ہے
ہر قوم کا ایک ہادی ہے۔ اور ایسی
کوئی امت نہین جس مین کوئی ڈرانے
والا ہمیشہ نہ ہوا ہو آخر مین نہایت کامل
صورت مین ظاہر ہوئی اور نبوت تشریعی
اوس پر ختم ہوئی شیخ محی الدین ابن
عربی کہتے ہین کہ وہ ازروے تحقق سب
چیزون سے زیادہ ظاہر اور ازروے
حقیقت سب سے زیادہ پوشیدہ ہے اور
حق ظاہر بھی ہے اور باطن بھی جیسا کہ خود
فرماتا ہے وہی اول و آخر و ظاہر و باطن ہے پس

ظاہر و باطن جہان باین وجہ
معلوم شد و در تحت این معنے
دیگر است و آن این کہ ہر یک از
وجوب و امکان مرآت یک دیگر اند
و مرآت ازان رو کہ مرآت است
مرئی نیست و باطن است و مرئی ظاہر
پس بنا بر این اعتبار حمل ظاہر و
باطن بر ہر یک ازان دیگر توان کرد
سوال ششم چون حق فرمود
کہ خلق را برای شناختن آفریدہ ام
و نیز مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ
اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ گفتہ چون خلق
را برای شناختن ذات خود آفریدہ
پس قیامت و خرابی عالم برای
چیست۔
اقول اقامت قیامت برای
شناختن خود بہ خود نہایت مناسب
است چہ این بمنزلۂ آن ست کہ کسے
چیزے ساخت و حظ صحت بر داشتہ

ظاہر و باطن عالم ہونا اس طور سے
معلوم ہوا ہے اور اس مین ایک معنے اور
بھی یہ ہین کہ وجوب و امکان ہر ایک
دوسرے کا آئینہ ہے اور آئینہ
بحیثیت آئینہ ہونے کے مرئی نہین
آئینہ باطن ہے اور مرئی ظاہر اس
اعتبار سے ظاہر و باطن کا حمل ہر ایک
پر ہوسکتا ہے۔
چھٹا سوال حق تعالے نے فرمایا
کہ خلق کو ہم نے پہچاننے کے لیے پیدا
کیا اور یہ بھی فرمایا کہ ہم نے جن و
انس کو عبادت کے لیے پیدا کیا جب
خلق کو اپنی شناخت کے لیے پیدا
کیا تو قیامت اور خرابی عالم کی
کیا ضرورت ہے۔
مین کہتا ہون کہ قیامت قائم کرنا
اپنی شناخت کے لیے نہایت مناسب
ہے یہ ایسے کہ جیسے کسی نے ایک چیز
بنائی اور اوس کی اچھائی کا فائدہ اوٹھا کر

باز درہم شکست بدین غرض کہ بہتر
ازین خواہد ساخت یا حظ کامل کہ بانی
برین بنا شدہ بود کامل گشت د
لطیفۂ درین قیامت دیگر ہم
این است کہ ہمہ ممکنات در بقاے
سرمدی خود دعوی خدائی
می کردند چنانچہ بعض فرقہا از
ہمین قبیل تخیلات گمراہ شدہ اند
وخرابی وغیرہ بعینہ چنین است کہ
مصورے تصاویر می کشد ہمہ را
بہ ہر کس می نماید و ناکارہ را بر آشفتہ
می درد ہر چند کہ آن ناکارہ بہ مرتبۂ
خود کار آمد است لیکن بہ نسبت دیگر
ناکارہ ہمچنین حق تعالے عباد زہاد را
ملاحظہ فرمودہ از فرشتگان خواہد
فرمود کہ بہ بینید اینہا باتن ملوث
بہ الواث ردیہ ہمچو شما کہ از ہمہ
خواہش منزہائید کارہا کردہ اند و شما
می گفتید کہ نحن نسبح بحمدک

اوس کو توڑ ڈالا کہ اب اس سے اچھی
بناؤں گا یا پورا فائدہ جو اس بنانے کا
سبب ہوا تھا پورا ہوگیا اور اس
قیامت مین ایک دوسرا لطیفہ یہ
بھی ہے کہ تمام ممکنات اپنے بقاے
سرمدی مین خدائی کا دعوے کرتے
تھے چنانچہ بعض فرقے ایسے ہی
خیالات مین گمراہ ہوگئے اور خرابی
وغیرہ بعینہ ایسی ہے کہ جیسے کسی مصور
نے چند تصویرین بنائین اچھی تصویر ہر
شخص کو دکھائی اور بری تصویر غصے
سے چاک کر ڈالی اگرچہ وہ خراب
تصویر بھی بجائے خود اچھی ہے مگر بہ نسبت
دوسرون کے بری ہے اسی طرح حق
تعالے عباد زہاد کو دیکھکر فرشتون سے
فرمائے گا کہ دیکھو ان لوگون نے باوجود جسم
ملوث تمھاری طرح جو تمام خواہشون سے
منزہ ہو بہت کام کیے ہین اور تم کہتے
تھے کہ ہم تیری تسبیح ......

وَنُقَدِّسُ لَكَ یَعْنِی نَحْنُ
اَحَقُّ بِالْخِلَافَةِ لَا الْاِنْسَانُ
فَاِنَّهٗ یَسْفِکُ الدِّمَاءَ و بر بدان
عتاب خواہد فرمود کہ شما چرا بر
روے فرشتگان خجل گشتید گو خالق
این کمال و زوال ہمہ اوست
لیکن بہ ظاہر این ہمہ مبنی بر حکمت
است و خرابی بدن نیز ہمہ
حکمت است کہ شئے نو را گو نوی دران
کہنہ باشد مگر وقعت زائد می شود
چنانچہ پوشاک از ہر جنس پارچہ
کہ در نوع خود مختلف است از گزیے
بدنما است و از تن زیب خوش نما
فاما بیش موحدین صوفیہ صافیہ
این ہمہ یکے است تعمیرے کہ ہست
تخریب است و تخریبے کہ ہست تعمیر
و این کمال رحمت است کہ واجب
تعالے براے شناخت خویش خود را
درین مظہر پوشیدہ داشت

وتقدیس کرتے ہین یعنی خلافت کے
مستحق ہین نہ انسان جو خون ریزی
کرتا ہے اور برے لوگون سے عتاب
فرما کر کہے گا کہ تم کیون فرشتون کے
سامنے شرمندہ ہوے گو اس کمال
و زوال کا خالق وہی ہے۔ لیکن
بظاہر یہ سب حکمت پر مبنی ہے اور
خرابی بدن مین بھی حکمت ہے کہ
نئی چیز کی اگرچہ نیاپن اوس مین
پرانا ہو مگر وقعت زیادہ ہوتی ہے
چنانچہ ہر طرح کا لباس کہ جو اپنی
قسم مین مختلف ہے گزی سے بدنما
ہے اور تن زیب سے خوش نما لیکن
موحدین صوفیہ صافیہ کے نزدیک
یہ سب ایک ہے جو تعمیر ہے وہ تخریب
ہے جو تخریب ہے وہ تعمیر ہے اور
یہ کمال رحمت ہے کہ واجب تعالے
اپنی شناخت کے لیے آپ
اس مظہر مین پوشیدہ ہوا اور

اکنون تکمیل جزئی کہ عبارت از حصول کمالات است کردہ بہ تکمیل کلی کہ مراد ازخرابی این مظہر و صاف برآوردن خود است پرداختہ است۔

فائدہ مولانا رفیع الدین دہلوی در جواب سائلے ارقام می فرمایند کہ درین آیت وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ سہ اشکال متوہم می شوند یکے در لام تعلیل کہ قدریہ افعال الٰہی را معلل بہ غرض می دانند واہل سنت وحکما تعلیل بہ غرض درافعال الٰہی محال می گویند وانچہ اقرب بہ صواب می نماید آن ست کہ ملا سعد الدین تفتازانی در شرح مقاصد اختیار کردہ کہ جمیع افعال الٰہی را تعلیل بہ غرض کردن باطل است بہ جہت لزوم تسلسل ونفی غرض بالکلیہ نیز منافی بسیارے از ادلۂ سمعیہ و عقلیہ است پس بعضے معلل بغرض باشند

تکمیل جزئی یعنی حصول کمالات کر کے تکمیل کلی مین مشغول ہوا جس سے مراد مظہر کی خرابی اور اپنے آپ کو اوس سے صاف نکالنا ہے

فائدہ مولانا رفیع الدین دہلوی ایک سائل کے جواب مین لکھتے ہین کہ اس آیت وَمَا خلقت الجن والانس الا لیعبدون مین تین اعتراض پیدا ہوتے ہین - ایک لام تعلیل مین کہ قدریہ افعالِ الٰہی کو معلل بہ غرض جانتے ہین اور اہل سنت وحکما تعلیل بہ غرض افعال الٰہی مین محال کہتے ہین مگر قریب بہ صواب وہ ہے جو ملا سعد الدین تفتازانی نے شرح مقاصد مین لکھا ہے کہ کل افعال الٰہی کو معلل بہ غرض کرنا بسبب لزوم تسلسل کے باطل ہے اور بالکل نفی غرض بھی اکثر دلائل عقلی وسمعی کے خلاف ہے تو بعض افعال معلل بہ غرض ہون گے

و بعضے نہ۔ اشکال دوم در لفظ عبادت
کہ اگر بر عبادت کاملہ یا صحیحہ حمل کردہ
شود بلکہ اگر بر محض معرفت نیز حمل
کردہ آید چنانکہ گفتہ اند در معنی لِیَعْبُدُوْن
ای لِیَعْرِفُوْنَ این در جمیع جن
وانس متحقق نیست و تخلف مراد الٰہی
غیر جایز و تحقیق آن کہ حمل بر عبادت
صحیحہ کردہ شود ہر چند متحقق در بعض است
اشکال سوم در حصر از کلمہ الا مفہوم
است بدلالت وَلَقَدْ ذَرَءْنَا لِجَهَنَّمَ
وَلَا یَزَالُوْنَ تحقیق معنی آیت آنکہ
غایت دو قسم است یکے غایت وجود
نوع یعنی اگر نوع بہ کمال خود متحقق گردد
چنین آثار بروے متفرع باشند و
جائے کہ نہ باشند آن چیز در ذات
خود موصوف بہ نقصان و خسران باشد
دوم غایت وجود تشخص کہ ہر شخص معین
باخصوصیات خود منشا و مورد چنین آثار
ولوازم باشد خواہ کمال او بود یا

اور بعضے نہین دوسرا اعتراض لفظ
عبادت مین کہ اگر عبادت کاملہ یا صحیحہ
بلکہ اگر محض معرفت پر بھی حمل کی جائے
چنانچہ کہا ہے لیعبدون کے معنے
مین کہ لیعرفون یہ کل جن وانس مین
ثابت نہین اور تخلف مراد الٰہی جایز نہین
اور تحقیق یہ ہے کہ عبادت صحیحہ پر حمل
کیا جائے گا اگرچہ بعض ہی مین متحقق ہے
تیسرا اعتراض کلمہ الا مین حصر کرنے سے
پیدا ہوتا ہے آیہ ولقد ذرءنا لجہنم و
لا یزالون کی دلالت سے جس کی تحقیق
یون ہے کہ غایت دو قسم کی ہے ایک
غایت وجود نوع یعنی نوع اگر اپنے کمال
سے متحقق ہو تو ایسے آثار اوس پر متفرع
ہون گے اور جہان نہ ہونگے وہ چیز بذاتہ
نقصان سے موصوف ہوگی دوسری غایت
وجود تشخص کہ ہر شخص معین اپنی خصوصیات
سے ایسے آثار ولوازم کا منشا و مورد
ہوگا خواہ اوس کا کمال ہو یا

نقصان ونیز غایت نوع دو قسم است
یکے آنچہ اشرف کمالات است
اورا غایت حقیقی و مقصود اصلی توان
گفت دیگر آنچہ کمتر بود اورا غایت
ضمنی و مقصود تبعی توان گفت پس
مدلول آیۂ کریمہ این است کہ نہ پیدا
کردہ ام نوع جن وانس را مگر بوضعے
کہ کمال شرف نوعی آنہا عبادتِ
من است دہر کہ ازین فضیلت قاصر
ماند از کمال خود محروم است و مقصود
در آیۂ وَلَقد ذَرَأنَا لِجَهَنَّمَ غایات
شخصیہ اند یعنی بعضے افراد را ناقص آفریدیم
تا طعمۂ جہنم باشند و دران جا
مظہر انواع قدرت الٰہی و موردِ
ہزاران صفات جلال گردند اگرچہ
از کمال نوعی خود دور افتند پس
اختلاف رفع شد مثالش این کہ
مزارع گندم را برائے خود می کارد
ازان جملہ بسیارے طعمۂ جانوران

نقصان اور نوعی غایت بھی دو طرح
کی ہے ایک وہ جو اشرف کمالات ہے
جس کو غایت حقیقی و مقصود اصلی
کہنا چاہیے اور دوسری وہ جو کمتر ہو
جس کو غایت ضمنی و مقصود تبعی کہنا
چاہیے تو آیۂ کریمہ کے معنے یہ ہین کہ مین نے
نوع جن وانس کو نہین پیدا کیا مگر اس
وضع سے کہ اون کا کمال شرف نوعی
میری عبادت ہے اور جو اس عبادت
سے قاصر رہا وہ اپنے کمال سے محروم
ہے اور آیت ولقد ذرءنا لجہنم مین
غایات شخصیہ مقصود ہین یعنی بعض افراد
کو مین نے ناقص پیدا کیا ہے تا کہ
دوزخ کی خوراک بنین اور مظہر انواع
قدرت الٰہی و مورد صفات جلال
ہون اگرچہ اپنے کمال نوعی سے دور
پڑین پس اختلاف جاتا رہا جس کی مثال
یہ ہے کہ کسان گیہون اپنے لیے بوتا
ہے جس مین بہت کچھ جانورون کی غذا

می شود و بسیارے در خاک ضایع
می گردد و بعضے سوختہ می گردد این
بحسب غایت شخصیہ است و برخے
بکار می آید در ضماد و مرہم و پیوند
کاغذہا این ہم غایت کمالیہ است
کہ منفعت مقصود است اما در جنب
منفعت کہ خواہد شد شمار نہ توان کرد
و برین قیاس باید کرد احوال اکثر
صناعات بلکہ پرورش کردن اکثر
حیوانات کہ ہر قسم اغراض و غایات
در وے متحقق می باشد واللہ اعلم
مختصر این کہ ہمچنانکہ امر الٰہی دو قسم است
تکوینی و تشریعی ہمچنین غایات نیز
دو قسم اند تکوینی و تشریعی مثلاً غایت
تشریعی شمس و قمر معرفت مواقیت
و استدلال بر صانع است و تکوینی
اصلاح عناصر و موالید بلکہ عالم
است چنانکہ امر تکوینی را تخلف نیست
و تشریعی را ہست ہمچنان غایت

ہوتا ہے اور بہت سا مٹی مین ضایع
ہو جاتا اور کچھ جل جاتا ہے یہ غایات
شخصیہ کے موافق ہے اور کچھ ضماد و
مرہم اور کاغذ جوڑنے مین کام آتا ہے یہ
غایت کمالیہ ہے کہ منفعت مقصود ہے
لیکن نفع کے مقابلے مین ان نقصانات
کو شمار مین نہین لاتے اور اسی پر اکثر
صنعتون کا حال قیاس کرنا چاہیے بلکہ
اکثر جانورون کی پرورش کہ جس مین
ہر قسم کے اغراض و غایات متحقق
ہوتے ہین واللہ اعلم مختصر یہ کہ
جس طرح حکم الٰہی دو قسم پر ہے تکوینی
و تشریعی اسی طرح غایات بھی دو قسم
پر ہین تکوینی و تشریعی مثلاً غایت
تشریعی آفتاب و ماہتاب دریافت
اوقات اور صانع پر استدلال ہے
اور غایت تکوینی عناصر و موالید بلکہ
تمام عالم کی اصلاح ہے جس طرح امر تکوینی
کو تخلف نہین اور تشریعی کو ہے اوسی طرح غایت

تکوینی را تخلف نیست و تشریعی را
هست پس معنیش آنکه غایت تشریعی
خلقت جن و انس عبادت است
بجا آوردن یا نه و غایت تکوینی تعمیر
نشأتین است که آن حتمی الوقوع است
انتهی و حاشا ازین تقریر سابق
نه فهمی که قائل به جبر محض شده ام
اما این مسئلۂ جبر و اختیار که
اهم المسائل است اگر خواهی نیز
قدرے بشنو مذہبے نیست که
خرمنش سوختۂ این صاعقه
نباشد و ملتے نه که شوراب این بلا
جگرش نخراشد برہمی اصول و
عقاید خدا پرستی و ایجاد فضول
و قواعد ناخدا ترسی را سفسطۂ
ہمین یک مسئله باعث است
نیچریان اندرین سموم خیز
وادی بادہا بیموده اند چنانکه
سروده اند که اولاً انسان بالکلیه

تکوینی کو تخلف نہین اور تشریعی کو ہے تو
اس کے معنے یہ ہین کہ پیدایش جن و
انس کی غایت تشریعی عبادت ہے
بجا لائین یا نہ لائین اور غایت تکوینی
تعمیر عالم ہے جو حتمی الوقوع ہے انتہے۔
اور ہرگز پہلی تقریر سے یہ نہ سمجھنا چاہیے
کہ مین جبر محض کا قائل ہوا ہون لیکن
یہ مسئلہ جبر و اختیار جو مشکل ترین
مسائل ہے اگر چاہو تو تھوڑا اسن لو
کیونکہ کوئی ایسا مذہب نہین جس کی
خرمن پر یہ بجلی نہ گری ہو اور نہ کوئی
ایسا شرب جس کا جگر اس کی
وجہ سے خون نہ ہو۔ اصول و عقائد
خدا پرستی کی برہمی اور فضول و
قواعد ناخدا ترسی کی ایجاد کا
سبب یہی ایک مسئلہ ہے۔
نیچریون نے اس وادی سموم خیز
مین بہت خاک اوڑائی ہے چنانچہ
کہتے ہین کہ اولاً انسان بالکلیہ

از فطرت مجبور است و در صورت
تعین و تحقق قادر مطلق مجبور محض
یعنی چہ سان تواند کہ پیش قبضۂ
قدرتش دم اختیار زند جز این کہ بہ
مشیت وے تن زند چہ بہ سبیل
منع الخلو از احد الامرین لابد است
کہ یا آن خداے احسن است یا
معاذ اللہ قبیح پس بہ فرض صورت
اولے وجود قبیح کہ خلاف رضاے
قضاے وی است چون موجود شد
و ما احسن چرا نہ شدیم بالعکس
این کہ آن را قبیح انگاریم چون توانیم
کہ از گریبان نکوئی سر برآریم
لاجرم ضرور شد کہ قبیح شویم تا
خلاف مرضی او نہ شود بہر حال
مسائل شتّی مثل مشیت و تقدیر
ایزدی و وجود نیکی و بدی و سزا
و جزا وغیرہ تعلق بدین مسئلہ
دارند و فحواے این مباحث خداو

فطرت سے مجبور ہے اور در صورت
تعین و ثبوت قادر مطلق مجبور
محض یعنی کیسے اوس کے قبضۂ
قدرت کے سامنے اختیار کا
دم بھر سکتا ہے بجز اس کے کہ
مشیت ایزدی پر سکوت کرے
اب دو حال سے خالی نہین یا
وہ خدا اچھا ہے یا بُرا اگر اچھا
ہے تو بُرا اوس کی مرضی کے
خلاف کیسے موجود ہوا اور ہم اچھے
کیون نہ ہوے - اور اگر وہ بُرا ہے تو
ہم اچھے کیسے بن سکتے ہین
خواہ مخواہ خراب ہون گے تا کہ
اوس کی مرضی کے خلاف
نہ ہو ہر حال مختلف مسائل
مثلاً مشیت و تقدیر ایزدی و
وجود نیکی و بدی و سزا و جزا
وغیرہ اسی مسئلے سے متعلق
ہین اور ان مباحث کا مضمون خدا

وخدائیش را بمفهوم کالعدم می آرد
پس درین مقام به بیان چند چیز
که بمنزلهٔ مبادی مقدمه توانند بود
حاجت افتاد تا این سخن تمام
شود اوّل اثبات وجود خیر و شر بر
طبق مذاهب مختلفه دوّم ماهیت
و نوعیت مرضی و اختیار سوّم اثبات
وجود اختیار در انسان که موضوع
مسئله همان ست - چهارم بیان
آن که تعمیل امر مرضی الٰهی محتاج
مرضی ما نیست اما در مقام اول که
مطلوب اثبات وجود خیر و شر بر
وفق مذاهب مختلفه باشد پس
اول الاولین و اسبق السابقین
آویزندگان آتش پرست بودند که
از بادهٔ پر زور توحید مست بودند چون
به تاسیس اساس کاخ وحدت
سخت کوشیدند هر فرد را خدا
گفتند و مبدء خیر محض انگاشتند

اور خدائی کو کالعدم کرتا ہے لہذا
بیان چند امور کے بیان کرنے کی
جو بمنزلۂ مبادی مقدمہ ہو سکتے ہین
ضرورت پڑی تاکہ یہ بات تمام ہو
اوّل اچھائی و برائی کا وجود مختلف
مذہبون کے موافق ثابت کرنا دوسرے
مرضی و اختیار کی ماہیت و نوعیت
تیسرے انسان مین اختیار کا وجود
ثابت کرنا جو موضوع مسئلہ ہے چوتھے
اس کا بیان کہ تعمیل امر مرضی الٰہی
ہماری مرضی کی محتاج نہین لیکن
مقام اول مین کہ نیکی و بدی کا
ثابت کرنا موافق مذاہب مختلف مقصود
ہے تو سب سے پہلے اس کے
متعلقین آتش پرست لوگ ہین
جو بادۂ پر زور توحید سے مست
تھے جب اونھون نے وحدت کو قائم
کیا تو ہر فرد کو خدا کہنے اور خیر
محض کا مبدء سمجھنے لگے ....

اما ہر گاہ کہ از وجود بدی مفر نہ دیدند
ناچار او را بنام اہرمن کہ موجد شر محض
تواند بود انگاشتند و در میان آنہا
مناقشت شبانروزی نہادند کہ
اول طالب خیر است و ثانی طالب
شر و ہمین سان ہر دو محارب و
معارض می شوند آخر غلبہ و ترجیح
نصیب جانب ثانی است یعنی خیر
محض و دانستنی است کہ گو غلبہ نکوئی
ازین مستنبط شد لیکن وحدت کلیہ
معدوم شد ثانیاً پیروان کیش
موسوی کہ نزد شان اصل خیر و شر
ہمین قدر است کہ چون صانع عالم
در جنت آلاء گوناگون و نعمای بوقلمون
آفرید بہر شناخت زشتی و نکوئی
نہالے غرس فرمود کہ ثمرش آدم
علیہ السلام باغوائے شیطان
نوش فرمود خوردن ہمان بود و
پیش آمدن عیوب ہمان چون

لیکن جب برائی کے وجود سے مفر
نہ دیکھا تو مجبوراً اوسے اہرمن یعنی
شر محض کا موجد کہنے اور اون
دونون مین رات دن کے جھگڑے
اوٹھانے لگے کہ اول اچھائی اور دوسرا
برائی کا طالب ہے اور اسی طرح
دونون لڑتے جھگڑتے ہین آخر
خیر محض ہی کو غلبہ ہوتا ہے مگر یہ
سمجھ لینا چاہیے کہ اگرچہ نیکی کا
غلبہ اس سے پایا جاتا ہے لیکن وحدت
بالکل معدوم ہے دوسرے مذہب
موسوی والے جن کے نزدیک اچھائی
برائی کی اصل صرف اتنی ہے کہ
جب صانع عالم نے طرح طرح کی
نعمتین جنت مین پیدا کین تو اچھائی و
برائی کی پہچان کے لیے ایک درخت
پیدا کیا جس کا پھل حضرت آدم علیہ السلام
نے شیطان کے بہکانے سے کھایا
کھاتے ہی عیوب پیش آئے جب

بہ پاداش این جرلیہ آدم از بہشت
راندہ آمد از ہمان دم میان او و
شیطان بغض قلبی خواندہ آمد
ثالثاً عیسوی کیش کہ گو در انجیل
شان اثرے ازین مقال یافتہ
نمی شود لیکن اہتمام و انہماک زائد
از اوشان کسے درین مسئلہ نمی دارد
حتے کہ در عقیدۂ آنہا عموماً چہ نبی
و چہ ولی کسے من حیث الانسانیت
معصوم نیست جرائم دیگر یکسو ہمان
بزہ اولین کہ در خلد از آدم علیہ السلام
سر زدہ بود ہنوز ساقط و عفو نہ شدہ
است و ازین جاست کہ ضرورت
کفارۂ عیسے علیہ السلام می سنجند رابعاً
اہل اسلام کہ بالاجماع بہ صراط
مستقیم گام زدہ اند جائے کہ انسان
را مختار مرضی خویش قرار دادہ
بہ حضرت کردگار جوابدہ اعمال
خویش نیز نہادہ اند و حق را از

اوس جرم کی سزا مین بہشت سے
نکالے گئے تو اوسی وقت سے اون
مین اور شیطان مین بغض قلبی
پڑگیا۔ تیسرے عیسائی لوگ کہ گو
اون کی انجیل مین اس کے متعلق
کچھ بھی نہین ہے مگر جتنا اون کو اس
مسئلہ مین انہماک ہے اوتنا کسی کو
نہین یہان تک کہ عموماً اون کے
عقیدے مین کوئی نبی و ولی بہ حیثیت
انسانیت معصوم نہین اور گناہون
کو الگ کر کے صرف وہی پہلا گناہ
جو حضرت آدم سے بہشت مین ہوا تھا
اب تک ساقط و معاف نہین ہوا ہے
اور اسی لیے کفارۂ عیسیٰ علیہ السلام
کی ضرورت سمجھتے ہین۔ چوتھے اہل
اسلام جو باتفاق صراط مستقیم پر
چلتے ہین جہان انسان کو اپنی مرضی کا
مختار قرار دیتے ہین وہان اوس کو خدا کے
نزدیک اپنے اعمال کا جوابدہ بھی سمجھتے ہین اور خدا کو

شوائب نقص و دواعی قدح مبرّا
فہمیدہ اند والحق کہ ہمین اقرب
الی الصواب است اما در مقام دوم کہ
مقصود ماہیت و نوعیت مرضی و اختیار
باشد پس مرضی صرف این سنت
را می گوئیم کہ علت و باعث حدوث
در صدور افعال و اعمال ما ہمان
تواند بود وازین جا از اہل خیال دو
گروہ ہستند یکے آن کہ مرضی را فی نفسہ
قوتے علحدہ می پندارند کہ بطور خود
موجود است و او را پابند اسباب
نمی گویند یعنی مرضی بر اسباب
تقدم دارد نہ اسباب براو و دیگر آن کہ
مرضی را تابع اسباب می کنند و وجود
سبب را بر وجود مرضی تقدم می دہند
چراکہ حدوث خواہشے بلا وجود سببے
محال است مثال ہر دو این است
کہ مثلاً زید و عمرو ہر دو بجائے
دلکش کہ از دیرگاہ شایق تفرجش بودند

تمام نقایص وغیرہ سے مبرا سمجھتے ہین
اور بے شک یہی قریب بہ صواب ہے
لیکن دوسرے مقام مین جہان مرضی
واختیار کی ماہیت و نوعیت مقصود
ہے تو مرضی صرف اوس عادت کو ہم
کہتے ہین جو ہمارے افعال و اعمال
کے صدور مین حدوث کا باعث و
علت ہو سکتی ہے اور یہین سے اہل
خیال دو گروہ ہین ایک وہ جو فی نفسہ
مرضی کو ایک علحدہ قوت سمجھتے ہین
کہ وہ بہ طور خود موجود ہے اور اوسے پابند
اسباب نہین کہتے یعنی مرضی اسباب
پر مقدم ہے نہ کہ اسباب اوس پر
اور دوسرے وہ جو مرضی کو تابع اسباب
کرتے اور وجود سبب کو مرضی پر مقدم
رکھتے ہین کیونکہ بلا سبب کسی خواہش
کا پیدا ہونا محال ہے دونون کی مثال
یہ ہے کہ مثلاً زید و عمرو دونون ایسی جگہ
سیر کرنے چلے جس کے وہ مدت سے مشتاق تھے

خرامیدند اتفاقاً در اثنائے راہ سخن
از مسئلۂ جبر و اختیار بمیان آمد
زید بہ رعایت آن بحث کہ مرضی را
تابع اسباب می کند از عمرو گفت
ہمی حرکت شما کہ بہ شوق تماشائے
این جا تکلیف گوارہ نمودید بہ ثبوت
مدعاے من کافی است کہ اگر سبب
نبودے چرا شما این جا مے آمدید
عمرو ازین اعراض نمودہ گفت کہ اصلا
پابند سببے نیستم محض بہ اختیار خود
آمدم و از ہمان جا باز گشت پس زید
خروشید کہ بہر نوع مقصود ما حاصل
است حالا شما بر اثبات دعواے خود
برمی گردید و ہمین سبب است عمرو
باز گفت کہ من ازین رجعت نمونۂ اختیار
خود وا می نمایم کہ حاشا تابع سبب
نیستم ہرچہ می خواہم می کنم و سببے
مرا مانع نیست الحاصل ہر دو سخن
خود ہا قائم ماندند و کسے را حظ نہ داد

اتفاقاً راہ مین مسئلۂ جبر و اختیار
مین گفتگو ہونے لگی زید نے اس بحث
کی رعایت سے کہ مرضی تابع اسباب
ہے عمرو سے کہا کہ تم جو تماشہ کے
شوق سے یہان تک آئے یہ میرے
ثبوتِ مدعا کو کافی ہے اگر سبب نہ
ہوتا تو یہان کیون آتے عمرو نے
کہا کہ نہین مین ہرگز کسی سبب کا پابند
نہین ہون محض اپنے اختیار سے آیا
ہون اور وہین سے لوٹ پڑا زید نے
کہا کہ میرا مقصد ہر طرح سے
حاصل ہے اب تم اپنے دعوے
کے اثبات پر واپس ہوئے اور
یہی سبب ہے عمرو نے بھی کہا کہ
مین نے اس واپسی سے اپنے اختیار
کا نمونہ دکھا دیا کہ مین ہرگز سبب
کا تابع نہین ہون جو چاہتا ہون
کرتا ہون غرض کہ دونون اپنی
بات پر قائم رہے اور کوئی قائل نہ ہوا

این بود مثال هر دو خیال اہل خیال
کہ نسبت مرضی است اکنون در مقام
سوم کہ مقصود اثبات وجود اختیار
در انسان است پس چنان ست کہ
ہر گاہ انسان ضعیف البنیان بمعرض
عتاب رب المنان آمدہ از بہشت
راندہ شد و مرگ سزایش خواندہ آمد
از اندیشۂ فکر زیست ناچار شد چراکہ
تا قرب ایزدی بود جمیع کائنات
سر بپای سود حالیا چون باب
تفقد و تلطف بستہ شد لاجرم بانواع
ہموم و غموم خستہ شد اندرین حال
خیالے کہ نخست بہ قلب انسان پیچیدہ
ہمین بود کہ باوجود این چنین اسباب
مخالف اکنون چون شاید زیست
پس ازہمین جا آغاز اختیار باید
نگریست کہ اختیار در اصل اقرار
ہستی ہاست چہ بہ ہستی خود ہست
شدیم معاً داعیۂ این خواہش کہ

یہ اہل خیال کے خیالون کی مثال
تھی جو مرضی انسانی کی نسبت ہے
اب تیسرے مقام مین کہ انسان
مین اختیار ثابت کرنا مقصود ہے
وہ یون ہے کہ جب انسان معرض
عتاب مین آکر بہشت سے نکالا گیا
اور موت اوس کی سزا مقرر کی گئی
تو وہ اپنی زندگی کے خیال سے مجبور
ہوا کیونکہ جب تک خدا کا قرب
تھا تمام دنیا قدم پر سر رکھتی تھی
اب جو باب عنایت و توجہ بند ہوا
تو ہر طرح کی رنج و پریشانی مین
پڑا اوس حال مین پہلا جو خیال
اوس کے دل مین آیا وہ یہی تھا
کہ باوجود ان مخالف اسباب کے کس
طرح زندگی بسر کرنا چاہیے یہین سے
اختیار شروع ہوا کہ اختیار در اصل اپنی
ہستی کا اقرار ہے کیونکہ جب اپنی
ہستی سے ہم مست ہوئے تو معاً یہ خواہش

به همین سان باشیم بدلالت التزامی
سر بر زد پس معنی اختیار بحسب
اصطلاح جز این نتواند بود که اختیار
خیال حفاظت وجود ماست یعنی
این خیال را که باوجود اسباب
مخالف زنده باشیم در اصطلاح
اختیار نامند اما در مقام چهارم که
ماسول بیان محتاج شدن امر
و مرضی الٰهی به مرضی ما باشد درین جا
پیش ازان که سخن از نفس
مطلوب گفته آید ایراد نظرے که
معترضان را هویدا دید این دعوے
دامنگیر خواهد شد واجب می نماید
یعنی خواهند گفت که مرضی محدودهٔ
انسان چون باشد که محتاج الیه
اختیار غیر محدود حضرت یزدان شد
علاوه ازین که بطلان قدرت قادر
مطلق ازین دعوے می تراود پس
این زعم باطل بدین مثال رفع

که اسی طرح ہم رہین بدلالت التزامی
پیدا ہوئی تو اصطلاح کے موافق
اختیار کے معنے اس کے سوا نہ ہون گے
کہ اپنی حفاظت کا خیال اختیار ہے
یعنی اس خیال کو کہ باوجود اسباب
مخالف ہم زندہ رہین اصطلاح مین
اختیار کہتے ہین۔ لیکن چوتھے مقام
مین کہ امر و مرضی الٰہی کے ہماری مرضی
کا محتاج ہونے کا بیان مقصود ہے
بیان پر قبل اس کے کہ نفس مطلوب
بیان کیا جائے اوس اعتراض کا بیان
کرنا جو معترضین کو اس دعوے
کے دیکھتے ہی پیدا ہوگا ضروری
معلوم ہوتا ہے یعنی کہین گے کہ انسان
کی محدود مرضی کیسے حضرت حق کے
غیر محدود اختیار کی محتاج الیہ
ہوسکتی ہے علاوہ اس کے کہ قدرت قادر
مطلق کا بطلان اس دعوے سے پیدا
ہوتا ہے تو یہ بدگمانی اس مثال سے رفع

گردد مثلاً فرض کردہ شود کہ مرضی
بحسب اصطلاح اہل جغرافیہ
گردش زمین است کہ غلتک آسا
بطرفے کہ کسے می راند ہمی رود امّا
چون روش او موقوف و مشروط بہ
ہمین است کہ اوّلاً گرد محور گردد تا بعدہٗ
بجانبے دیگر معاً گرد خود ہم می گردد
کہ فوت شرط مستلزم فوت جزء است
پس تردید آن ایراد کہ پیش مرضی پروردگار مرضی
ما بیکار است ازین جا کما ینبغی می شود
چہ نمی بینی کہ تا غلتک گرد تو نہ خود
نہ گردد ہرگز پیش نہ گردد یعنی گو بہ مجرد
تحرک محرک متحرک خواہد شد و نوعے
قصور در تعمیل امر نہ خواہد کرد امّا
ازان جا کہ تحرکش مشروط ہمین است
کہ نخست گرد خود گردد بہ حرکت واحدہ
معاً مصدر دو گردش گردد از گردونش
گردیدن ناچار است پس واضح شد
کہ در تعمیل امر نیز خاص تابع مرضی

ہوتی ہے کہ مثلاً فرض کیا جاوے کہ
مرضی بحسب اصطلاح اہل جغرافیہ زمین
کی گردش ہے چرخے کی طرح ہے کہ
جس طرف اوس کو کوئی چلاتا ہے پھرتا
ہے مگر چونکہ اوس کی روش اسی پر
موقوف ہے کہ پہلے محور کے گرد پھرے پھر
دوسری طرف تو معاً اپنے گرد بھی
پھرتا ہے کہ شرط کا فوت ہونا جزا کے
فوت ہونے کا مستلزم ہے پس اس
اعتراض کی تردید کہ خدا کی مرضی کے سامنے
ہماری مرضی بیکار ہے بیان پر پوری طرح
ہو جاتی ہے کیونکہ جب تک پہیہ اپنے دُھرے
کے گرد نہیں پھرتا ہے ہرگز آگے نہیں گھومتا
یعنی اگرچہ محرک کے حرکت دیتے ہی متحرک ہو جائیگا
اور تعمیل امر مین کوئی قصور نہ کریگا مگر چونکہ اسکی
حرکت اسی سے مشروط ہے کہ پہلے اپنے گرد گھوم لے
اور ایک ہی حرکت مین دو گردشون کا مصدر ہو
تو اوسکا اپنے گرد گھومنا بھی ضروری ہے تو
معلوم ہوا کہ تعمیل امر مین بھی خاص اپنی مرضی کا

خود است و ہمین مطلوب است کہ
جبر نیز عین اختیار است و مجبور
مختار واللہ اعلم بالصواب

سؤال ہفتم چون جن وانس را
براے شناخت نیز براے عبادت
خویش آفرید پس معرفت او بر ما
ضروری ست ازین لازم شد کہ ما
ہمہ عبادت او کما حقہ کنیم واو را
شناسیم زیرا کہ ما را براے این کار
آفریدہ است واگر چنین است
عذاب وثواب براے چیست واگر
از ما بعضے شناختند وبرخے نہ وعبادت
نہ کردند چرا نہ کردند زیرا کہ او قادر
بود چنانکہ فرمود وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ
شَیْءٍ قَدِیْرٌ پس چرا بعض را
باغی از خود کرد۔

اقول بغاوت واطاعت ہمہ
بہ اقتضاے تعدد مجالی ومظاہر
ہادی ومضل است ونیز بہ غرض

تابع ہے اور یہی مطلوب ہے کہ جبر
بھی عین اختیار ہے اور مجبور مختار ہے
واللہ اعلم

ساتوان سوال۔ جب جن وانس کو
اپنی پہچان اور عبادت کے لیے پیدا
کیا تو اوس کی معرفت ہم پر ضروری ہے
اس سے لازم ہوا کہ ہم سب اوس کی
عبادت خوب کرین اور اوسے پہچانین
کیونکہ اوس نے ہم کو اسی کام کے لیے پیدا
کیا ہے اور اگر ایسا ہے تو عذاب وثواب
کیون ہے اور اگر ہم مین سے بعض نے
پہچانا اور بعض نے نہین اور عبادت
نہ کی تو کیون نہ کی کیونکہ وہ قادر تھا
جیسا کہ فرمایا کہ اللہ ہر چیز پر قادر
ہے۔ تو کیون بعض کو اوس نے اپنا
باغی کر لیا۔

مین کہتا ہون کہ بغاوت واطاعت
سب بہ مقتضاے تعدد مظاہر ہادی و
مضل ہے۔ نیز اپنی شناخت کی غرض

شناخت خویش کہ اظہار خویش
بہ قید می شود شناخت بالفعل کہ
در بعضے نیست بسبب تلوث بہ حدثان
وغشاوۂ جسم وجسمانیت بودہ است
چہ نظر بر ظاہر حقیقت من الوجہ
الاطلاقی از اسم ورسم وانتساب
او بہ غیر وانتساب غیر بہ او متعالی
است پس ادراک متعلق بہ این مرتبہ
نہ شود زیرا کہ ادراک مستلزم تمیز
مدرک است از غیر و درین مرتبہ
امتیاز کلی مفقود است وحکم بہ این
مرتبہ با آنکہ متعقل نمی شود از قبیل
حکم بر مجہول مطلق است وآن ممتنع
آرے در مرتبۂ فنا فی اللہ ادراک
این مرتبہ حاصل می شود چہ کہ
مدرک درین مرتبہ غیر حق نیست و
خفائے حق از غایت ظہور او ست
صوفیہ گویند کہ ادراک حق من حیثُ
ہی ہرگز در ہیچ حال از انسان بلکہ

ہے کہ اپنا اظہار تقید سے ہوتا ہے اور
بعضوں مین جو بالفعل شناخت نہین ہے
وہ بسبب آلودگی حدوث اور حجاب
جسم وجسمانیت کے ہے کیونکہ یہ ظاہر
ہے کہ حقیقت مرتبۂ اطلاق مین اسم ورسم
اور کسی کی طرف منسوب ہونے یا کسی کے
اوس کی طرف منسوب کیے جانے سے
پاک و برتر ہے پس ادراک اوس مرتبے تک
نہین پہونچتا کیونکہ ادراک کے لیے مدرک کا
غیر سے تمیز کرنا لازم ہے اور یہان تمیز بالکل
مفقود ہے اور اس مرتبہ پر حکم کرنا باوجودیکہ
وہ عقل مین نہین آتا ایسا ہے جیسے
مجہول مطلق پر حکم کرنا جو ممتنع ہے ہان
مرتبۂ فنا فی اللہ مین اس مرتبہ کا
ادراک حاصل ہوتا ہے کیونکہ اس مرتبہ مین
مدرک بجز حق اور کوئی ہے نہین اور حق کا
خفا بوجہ اوس کے انتہاے ظہور کے ہے
صوفیہ کہتے ہین کہ ادراک حق من حیث
الذات ہرگز کسی حال مین انسان بلکہ

از ہیچ موجود درین معنے منفک
نیست ہیچ تفاوت میان افراد
موجودات نیست واین ادراک را
معرفت وعلم بسیط خوانند وتفاوت
در ادراک ادراک است وشعور بہ آن کہ
مدرک حق است وتکلیف از جہت
تحصیل این ادراک است کہ آن را
علم مرکب خوانند وبدان کہ از وجہے
اعیان ثابتہ مظاہر حق اند واز وجہے
امر بالعکس پس ہر یک بمنزلۂ آئینہ
باشند دیگر را چنانکہ اَلْمُؤْمِنُ
مِرْاٰتُ الْمُؤْمِنِ اشارے لطیف
بہ آن می نماید وہر یک بہ نظر جلی
منصبغ بہ صبغ دیگر است صِبْغَۃَ اللّٰہِ
وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَۃً
وَنَحْنُ لَہٗ عٰبِدُوْنَ ونیز باید
انگاشت کہ اعیان ثابتہ کہ صور علمیۂ
حق اند بہ اعتبار ثبوت در علم قدیم
حق قدیم اند واز ان وجہ کہ صفات

کسی موجود سے منفک نہین اور اس بارہ
مین افراد موجودات مین کوئی فرق
نہین اور اس ادراک کو معرفت وعلم
بسیط کہتے ہین فرق ادراک ادراک
مین ہے اور اس کے شعور مین کہ مدرک
حق ہے اور تکلیف اس ادراک کے حاصل
کرنے کے لیے ہے جسے علم مرکب کہتے ہین
اور جاننا چاہیے کہ ایک وجہ سے اعیانِ ثابتہ
مظاہر حق ہین اور ایک وجہ سے اس کے
برعکس تو ہر ایک دوسرے کے لیے بمنزلہ
آئینہ کے ہین جس کی طرف اَلْمُؤْمِنُ
مِرْاٰتُ الْمُؤْمِنِ مین اشارہ ہے اور
ہر ایک صاف طور پر دوسرے کے رنگ سے
رنگین ہے ۔ اللہ کا رنگ ہے اور کون اللہ
سے رنگ مین اچھا ہے اور ہم اوس کی
عبادت کرتے ہین اور یہ بھی جاننا چاہیے
کہ اعیانِ ثابتہ جو صورِ علمیۂ حق ہین
وہ بہ اعتبار علم حق مین ثابت ہونے
کے قدیم ہین اور بہ حیثیت صفات

ایشان در وجود ظاهر می شود
موجود اند و ازان وجه که ذات
ایشان بر معدومیت خود باقی ست
معدوم اند و معهذا مرآت وجود حقیقی
اند و چون وجود حقیقی متصف به جمیع
صفات کمال است و در هر مظهر
که ظاهر می شود صفات ازو منفک
نے پس هر یک از اعیان گنجایش
نمایش جمیع اعیان بدین اعتبار
دارد اگرچه در بعضے به حجاب کمون و
اجمال محتجب است و در بعضے به ظهور
تفصیل ظاهر چنانچه در عالم و آدم
مفصل است و مراتب تفصیل مختلف
اند و مرآت بودن ایشان وجود را این
همه بنابر عدم ایشان است چه
آئینه تا از رنگ خالی نه باشد رنگ
ننماید پس ازین بیان واضح
شد که در مرتبۂ ذات ما عابد
و معبود هر دو ایم و در مرتبۂ تعین

وجود مین ظاہر ہونے کے موجود اور بحیثیت
اپنی معدومیت ذاتی پر باقی رہنے کے
معدوم ہین اور پھر بھی آئینۂ
وجود حقیقی ہین اور چونکہ وجود حقیقی کل
صفات کمال سے متصف ہے اور ہر
مظہر مین صفات اوس سے منفک
نہین تو اس اعتبار سے ہر عین ثابت
مین کل اعیان کے ظہور کی گنجایش
ہے اگرچہ بعض مین بوجہ اخفاو
اجمال پوشیدہ ہے اور بعض مین بظہور
وتفصیل ظاہر جس طرح آدم و عالم
مین مفصل ہے اور مراتب تفصیل
مختلف ہین اور وجود کے لیے اون کا
آئینہ ہونا بوجہ اون کی عدمیت
کے ہے کیونکہ جب تک آئینہ بے رنگ
نہ ہوگا اوس مین رنگ معلوم
نہ ہوگا تو اس بیان سے معلوم
ہوا کہ مرتبۂ ذات مین ہم عابد و
معبود دونون ہین اور مرتبۂ تعین مین

عابد خواه ناقص یا کامل بر طور اختلاف
محل چه که حکم هر چیز به اختلاف
مواضع مختلف می شود مثلاً حکم
آفتاب دیگر و حکم سایه دیگر آفتاب
اگر بر ظلمت افتد ظلمت دفع شود
و اگر نه افتد بماند زیاده زبان درازی
است همین قدر کافی است

سوال هشتم چون حق گفت که
شیطان دشمن شما است متابعت
او نه کنید والا بدوزخ خواهم فرستاد
پس بگو شیطان بر ما قادر است یا
حق اگر حق است پس چرا گذاشت
که متابعت شیطان کنیم و به دوزخ رویم

اقول شیطان علم خودی و تعین
ماست گویا حق می فرماید که از جهالت
خودی خویش دور مانید ورنه دوزخ
غیریت و بعد نقد وقت شما است
و مقتضائے آن علم تعدد خودی و
خدائی ست و موجب جزا و سزا

صرف عابد خواہ ناقص ہون یا کامل
حسب اختلاف محل کیونکہ ھر چیز کا حکم
بہ اختلاف مواضع مختلف ہوتا ہے مثلاً
آفتاب کا حکم اور ہے اور سایہ کا حکم اور
آفتاب اگر ظلمت پہ چمکے تو ظلمت دفع ہوجائیگی
اور اگر نہ چمکے تو رہے گی۔ زیادہ زبان درازی
ہے اسی قدر کافی ہے۔

آٹھوان سوال خدا نے جو یہ فرمایا کہ شیطان
تمھارا دشمن ہے اوس کی پیروی
نہ کرو ورنہ ہم دوزخ مین بھیجین گے تو شیطان
ہم پر قادر ہے یا خدا اگر خدا ہے تو اوس نے
کیون ہم کو شیطان کی متابعت کرنے
اور دوزخی ہونے کے لیے چھوڑ دیا۔

مین کہتا ہون کہ شیطان ہمارے تعین و خودی
خودی کا علم ہے گویا حق تعالے فرماتا ہے کہ
اپنی خودی و جہالت سے دور رہو ورنہ دوزخ
غیریت و بُعد تمھارا نقد وقت ہے
اور اوسی علم کا مقتضا تعدد خودی و
خدائی ہے اور وہی سبب جزا و سزا

وسیاست ۔ دیگر بحث این مسئلہ از
سابق فہمیدنی است

سوال نہم ۔ ابلیس بہ آدم چرا سجدہ
نہ کرد و از خطاب حق سر کشید آیا حق
بر ابلیس قادر بود یا نہ بر تقدیر ثانی
کفر لازم می آید و بر تقدیر اول گویا
حق نہ خواست درین صورت لعنت
بر ابلیس چرا است ۔

اقول ابلیس عبارت ست از مظہر
انانیت و امر بہ سجدہ بدین غرض
بودہ کہ حق سبحانہ بہ کمال رحمت
فرمود کہ این انانیت بہ سجدہ کہ در حقیقت
تواضع است مبدل بہ انکسار گردد امر
بہ سجدہ آن ہم بہ تقاضاے مظہریت
بود و تمرد و سرکشی از انانیت و
محکومیت ۔ تعبیر این مسئلہ مانند آنست
کہ کسے جزو خود را از خود جدا سازد و
او راضی نہ بود مگر بہ مجبوری حتے الوسع
گردن کشی کند ہر چند کہ ناتوان

وسیاست ہے باقی اس مسئلہ کی بحث
بیان سابق سے سمجھنا چاہیے ۔

نوان سوال شیطان نے حضرت آدم کو
کیون نہ سجدہ کیا اور خدا کا حکم کیون نہ مانا
خدا شیطان پر قادر تھا یا نہین دوسری
صورت مین کفر لازم آتا ہے اور پہلی
صورت مین گویا خدا نے خود نہ چاہا پھر
شیطان پر لعنت کیون ہے ۔

مین کہتا ہون کہ شیطان سے مظہر
انانیت مراد ہے اور سجدہ کا حکم اسی غرض
سے تھا کہ خداوند تعالے نے کمال رحمت
سے فرمایا کہ یہ انانیت سجدہ سے جو در حقیقت
تواضع ہے مبدل بہ انکسار ہو جاے اور
سجدہ کا حکم بھی تقاضاے مظہری سے تھا
اور سرکشی انانیت محکومیت سے ہے
اس مسئلہ کی تعبیر یون ہے کہ جیسے
کوئی اپنا جزو اپنے سے جدا کرے
اور وہ راضی نہ ہو مگر مجبوراً حتے الوسع
گردن کشی کرے گا اگرچہ ناتوان

محض است مگر اقتضاے آن وقت
وحالت ہمین است صوفیہ گویند
کہ ابلیس یعنی مظہر اسم مضل را چون
ہنگام ظہور رسید اسم مظہر رحمت خاص
رسید بران راضی نہ شد و نظر ہمت
بران کلمۂ لعن کہ عبارت از دور انداختن
است راند و این ہمہ مظاہر اند
لعن مظہر قہر و جلال و حلم مظہر جمال
و کمال و این ہمہ یکے اند کذا سمعت
عن جدی و استاذی مولانا
شاہ تقی علی قلندر نور اللہ ضریحہ
المعطر

سوال دہم چون مقصود از ایجاد
خلایق اظہار فضل است پس دوزخ و
عذاب براے چیست۔

اقول مقصود از ایجاد صرف اظہار
فضل نیست بالذات بلکہ دیدن خود است
باقی دوزخ براے تنقیح آن ظہور است
کہ بہ تلوث امکان متلوث گشتہ

محض ہے مگر اوس وقت وحالت
کا مقتضا یہی ہے۔ صوفیہ کہتے
ہین کہ ابلیس یعنی مظہر اسم مضل
کا جب وقت ظہور ہوا اسم مظہر
رحمت خاص پہونچا اوس پر راضی نہ
ہوا اور نظر ہمت اوسی کلمۂ لعنت
پر رکھی جس سے مراد دور پھینکنا ہے
اور یہ سب مظاہر ہین لعنت مظہر قہر و
جلال اور حلم مظہر جمال و کمال ہے اور یہ سب
ایک ہین ایسا ہی مین نے اپنے جد و
استاد حضرت مولانا شاہ تقی علی قلندر
سے سنا۔

دسوان سوال۔ جب کہ ایجاد
خلق سے اظہار فضل مقصود ہے تو دوزخ
و عذاب کس لیے ہے۔

مین کہتا ہون کہ ایجاد سے بالذات مقصود
صرف اظہار فضل نہین ہے بلکہ اپنا دیکھنا
ہے باقی دوزخ اوس ظہور کے صاف کرنیکے
لیے ہے جو لوث امکان سے آلودہ ہوگیا ہے

تفصیل این مسئلہ بہ بسط و شرح
از رسالۂ فیض التقی توان جست

سوال یازدہم حق تعالے بہ خلق
محتاج بود یا نہ اگر بود پس نیاز لازم
می آید و اگر نہ بود از وجود خلق او را
چہ فائدہ کہ یکے را بہ دوزخ و یکے
را بہ بہشت برد۔

اقول رع ما بہ او محتاج بودیم او بما
مشتاق بود ، دوزخ و بہشت این
ہمہ مقتضیات مرتبہ تفصیل اند باقی
جواب بالتفصیل در سابق گذشت

سوال دوازدہم انچہ در ازل بر خلق
نوشتہ اند ہمان می شود پس ابوجہل
وقتیکہ نہ بود چہ گناہ کردہ کہ ابوجہل
شد و محمد وقتیکہ نہ بود چہ طاعت
کرد کہ پیغمبر شد

اقول باید دانست کہ بہ مقتضاے
فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ محبت ظہورے
ہنوز بہ غایت مقصد کہ عبارت از

اس مسئلہ کی تفصیل شرح و بسط سے رسالہ
فیض التقی فی حل مشکلات ابن العربی مین دیکھنا چاہیے

گیارھوان سوال۔ حق تعالے خلق کا
محتاج تھا یا نہین اگر تھا تو نیاز لازم آتا ہے
اور نہ تھا تو خلق کے وجود سے اوس کا
کیا فائدہ اور کیون کسی کو دوزخ اور کسی کو
جنت مین لیجائے گا۔

مین کہتا ہون کہ ہم اوس کے محتاج تھے
اور وہ ہمارا اشتاق تھا، دوزخ و بہشت
مقتضیات مرتبہ تفصیلی ہین۔ باقی
مفصل جواب پہلے ہو چکا۔

بارھوان سوال جو کچھ ازل مین خلق
کے لیے لکھدیا ہے وہی ہوتا ہے پس
ابوجہل جب نہ تھا تو اوس نے کون ایسا گناہ کیا
تھا جو وہ ابوجہل ہوا اور محمد صلعم نے جب وہ
نہ تھے کون ایسی طاعت کی جو وہ پیغمبر ہوے

مین کہتا ہون کہ بہ مقتضاے
فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ
محبت ظہور ابھی غایت مقصد پر جو

معرفت قلبی و رویت علمی است نرسیده
بود تا در نشأ کاملہ و حقیقت جامعہ
حاملہ صورت انسانی ظہور خود ندید و مقصودش
بحصول نہ انجامید پس بدولت این
صورت جامعہ چندین عوالم و مظاہر
پیدا آورد و این ہمہ را بحسب ہر
عالمے و مظہرے تدبیرے و تصرفے ہست
کہ وجدان ایشان تا حدے می رسد و
بحسب آن حکم قطعی می نماید و از روے
خبر مخبر صادق حکم حد دیگری شنود
بران یقین می کند و ہر دو در نفس الامر
تعارض ندارند مگر باعتبار اجراے احکام
عالمے بر عالمے دیگر مثلاً زید عمرو را کشت
حاکمان عادل او را بقصاص او کشتند
این قدر در وجدان ایشان می گنجد
و بحسب این علم فعل زید ظلم بود و فعل
حاکم کہ او را در جزاے عمل او کشت
سراسر انصاف و در عالمے دیگر اجل
عمرو تا این وقت نوشتہ بود و ملک الموت

معرفت قلبی اور رویت علمی سے مراد ہے
نہ پہونچی تھی جب تک نشأ کاملہ و حقیقت
جامعہ حاملہ صورت انسانی مین اپنا ظہور
نہ دیکھا اوس کا مقصود حاصل نہوا تو اس
صورت جامعہ کی بدولت اتنے عوالم و مظاہر
ظاہر کیے اور ان سب کو ہر عالم و مظہر کے
موافق ایک تدبیر و تصرف ہے جن کا وجدان
ایک حد تک پہونچتا اور ویسا ہی حکم قطعی
رکھتا ہے اور بخبر مخبر صادق دوسری حد
کا حکم سنتا اور اوس پر یقین کرتا ہے اور
دونون نفس الامر مین مختلف نہین مگر ایک
عالم کے احکام دوسرے عالم پر جاری کرنے
کے اعتبار سے مثلاً زید نے عمرو کو مار ڈالا حاکم
عادل نے اُس کو عمرو کے قصاص مین مار ڈالا
اس قدر اون کے وجدان مین آتا ہے
اور اس علم کے موافق زید کا فعل ظلم
تھا اور حاکم کا فعل سراسر انصاف اور
دوسرے عالم مین عمرو کی اجل اوسی وقت
تک لکھی تھی بحکم الٰہی ملک الموت نے

بحکم الٰہی بروقت معلوم روح او را قبض
کرد و این از وجدان ایشان بالاتر است
اکنون اگر کسے اعتراض کند کہ فعل
زید ظلم نہ بود حاکم چرا او را کشت روح
عمرو بر اجل خود بہ دست ملک الموت
قبض شد زید را چہ گناہ حاکم او را بہ ظلم
کشت این اعتراض مستحق جواب نیست
زیرا کہ معترض خلط احکام عوالم در یکدیگر
چنانکہ کردہ است بر عاقل پوشیدہ نیست
پس ہمچنین صورت معینہ ابوجہل وغیرہ
کہ مقتضاے آن عالم بود و این از عالمے
کہ می پرسند حال آن این ست کہ
این گناہ و ثواب نیز کہ ہر یک می کنند کے
فاعل حقیقی اینہا بودہ اند ہمہ تقاضاے
دوئی صوری ست ۔

سوال سیزدہم [۱۳] ۔ حق تعالےٰ فرمودہ
وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ پس اگر بدوزخ
رویم ہم او با ما خواہد بود پس از دوزخ
چہ عذاب و چگونہ خدا در دوزخ بیاید

وقت معین پر اوس کی روح قبض کی
اور یہ اون کے وجدان سے بالاتر ہے
اب اگر کوئی اعتراض کرے کہ زید کا فعل
ظلم نہ تھا حاکم نے کیون اوس کو مار ڈالا
عمرو اپنی مدت پر پہونچ کر مرا زید کا کیا
گناہ حاکم نے اوسے ظلم سے مارا تو یہ اعتراض
قابل جواب نہین کیونکہ معترض نے عوالم کے
احکام جس طرح باہم خلط کر دیے ہین وہ
عاقل پر مخفی نہین اسی طرح صورت معینہ
ابوجہل وغیرہ ہین جو اوس عالم کے مقتضا
تھے اور جس عالم کے متعلق سوال ہے اُس کا
یہ حال ہے کہ یہ گناہ و ثواب بھی جو ہر
ایک کرتے ہین اس کے کب وہ اصلی
فاعل ہین یہ سب تقاضاے دوئی
صوری ہے ۔

تیرھوان سوال حق تعالےٰ نے فرمایا کہ وہ
تمھارے ساتھ ہے جہان کہین تم ہو تو اگر ہم دوزخ مین جائین
تو بھی وہ ہمارے ساتھ ہوگا پس دوزخ سے عذاب
کا کیا ڈر اور کیسے دوزخ مین خدا جا سکتا ہے

واگر آن جانخواہد بود پس معنی آیت
چہ خواہند بود معیت علمی این جا مراد
نمی تواند بود زیرا کہ بہ آن تصریح فرمودہ
است پس معیت ذاتی او چگونہ منقسم
شدہ و این ہمہ عذاب و ثواب
مطیعان از چہ رو است زیرا کہ کفر و ایمان
ہمہ بدست قدرت اوست۔

اقول حقیقت واقعیہ بر مذہب اہل
توحید ہمین است کہ این ہمہ موجودات خود
وجود واجب الوجود است کہ بہ چندین
ہزار اشکال ظاہر است و بہ بے چونی
و چگونی بصد ہزار چونی و چگونی ہویدا
گشتہ غیر او موجود نیست ہر چہ ہست
از وست و ہمہ اوست صاحب فنا
فی الذات ذات خود را و تمامی عالم
را ذات حق پندارد و بہ یقین می داند
کہ حضرت حق از مرتبہ اطلاق
نزول فرمودہ بدین صور و اشکال
مختلفہ ظاہر شدہ ازین جا گفتہ اند

اور اگر وہان نہ ہوگا تو اوس آیت کے
کیا معنے ہون گے معیت علمی یہان مراد
ہو نہین سکتی ہے کیونکہ اوس کی
تصریح فرمائی ہے لہذا معیت ذاتی
اوس کی کیسے تقسیم ہوئی اور یہ عذاب
و ثواب کیون ہے کیونکہ ایمان و کفر سب
اوسی کے قبضۂ قدرت مین ہین

مین کہتا ہون کہ حقیقت واقعی اہل توحید
کے مذہب پر یہ ہے کہ یہ سب موجودات
خود وجود واجب الوجود ہے جو اس قدر
شکلون مین ظاہر ہے اور با وجود بے چونی
و چگونی لاکھون طرح سے ظاہر ہوا
ہے اوس کے سوا کچھ نہین جو کچھ ہے
سب وہی ہے صاحب فنائے الذات
اپنی اور تمام عالم کی ذات کو ذات
حق سمجھتا ہے اور یہ یقین کرتا ہے
کہ حضرت حق مرتبۂ اطلاق سے نزول
کر کے مختلف صورتون اور شکلون مین
ظاہر ہوا ہے اسی لیے یہ ارشاد ہوا کہ

مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ وَعَرَفْتُ رَبِّیْ بِرَبِّیْ تا کہ من آدم بودم شناختم خود را و چون از خود رفتم حق را حق شناخت۔

سوال چہاردہم۔ چون حق فرمود کہ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ الْجَھْرَ وَمَا یَخْفٰی و وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ پس چہ حاجت کہ کراماً کاتبین احوال ہر کس بنویسند۔

اقول این حسب قاعدہ مقررہ ما یانست کہ درین نشاۂ دنیا ہر امر بہ شہادت دو کس محتاج می شویم آن جا ہم مجوز معاملات این جا برائے تسلی و تسکین و زجر بر فرشتگان می فرماید کہ برائے خلافت آدم مانع شدہ بودند اکنون بر ایشان مخالفان را مسلط داشتہ تا شرمندہ دار آگاہ مانند و بر جزائے کردار ہائے نیک و بد آگاہ ماندہ بسوے

جس نے اپنے نفس کو پہچانا اوس نے اپنے پروردگار کو پہچانا۔ اور مین نے اپنے رب کو رب سے پہچانا۔ جب تک مین آدم تھا مین نے اپنے کو پہچانا اور جب میری خودی جاتی رہی تو حق نے حق کو پہچانا۔

چودھوان سوال حق تعالے فرماتا ہے کہ اللہ کھلا اور چھپا سب جانتا ہے "اور۔ اللہ ہر چیز جانتا ہے پھر اس کی کیا ضرورت کہ کراماً کاتبین ہر شخص کے حالات لکھین۔

مین کہتا ہون کہ یہ ہمارے مقررہ قاعدہ کے موافق ہے کہ ہم کو دنیا کے ہر کام مین دو آدمیون کی گواہی کی ضرورت ہوتی ہے وہان بھی یہین کے معاملات کی طرح تسلی و تسکین اور اون فرشتون پر زجر کے لیے فرمائے گا جو خلافت آدم کے خلاف تھے اب ان پر مخالفین کو مسلط کیا تا کہ شرمندہ ہو کر خبردار رہین اور اچھے برے افعال کی جزا پر آگاہ ہو کر

اعمال صالحہ رغبتے ومیلے زیادہ
نمایند پس ہر کہ اعمال نیک بجا آورد
حق تعالے بعد حساب از فرشتگان
خواہد فرمود کہ ببینید این ہمان سفاکِ
ظنی شما است وہر کہ بد کردار بود ے
مخالفانِ خویش شرمندہ خواہد شد و
دران پشیمانی حق بجانب او خواہد بود
این است نزد اہل ظاہر امّا اہل توحید
کہ ہمہ یکے دانند وغیر او در میان نہ بینند
می گویند کہ این ہمہ خود اوست وازو
چہ ممکن بذاتہ وجود ندارد نہ ذہناً ونہ خارجاً
پس نظر بذات او تمام مفہومات ازو
مسلوب باشند وہیچ مفہوم اورا باین
اعتبار ثابت نہ باشد چنانکہ در کتب
عقلیہ در بحث ماہیت مقرر شدہ وبہمین
منوال نہ موجود باشد ونہ معدوم
زیرا کہ صدق موجبہ مستدعی وجود موضوع
است وچون عدم در حد ذات خود
وجود ازو مسلوب است پس عدم نیز ازو

نیک اعمال کی طرف زیادہ رغبت کرین
جو شخص نیک کام کرے گا تو حق تعالے
بعد حساب فرشتون سے فرمائیگا کہ دیکھو
وہی ہے جسے تم سفاک سمجھتے تھے اور جو برائی
کرے گا وہ اپنے مخالفون کے روبرو شرمندہ
ہوگا اور اوس پشیمانی مین حق بجانب
ہوگا یہ اہل ظاہر کے نزدیک ہے مگر
موحدین جو سب ایک جانتے اور کسیکو
غیر نہین دیکھتے یہ کہتے ہین کہ یہ سب
خود وہی ہے اور اوسی سے کیونکہ ممکن
بذاتہ ذہناً وخارجاً موجود نہین لہذا
بلحاظ اوس کی ذات کے تمام مفہومات
اوس سے مسلوب ہین اور کوئی مفہوم
اس اعتبار سے اوس کو ثابت نہین
جیسا کہ کتب عقلیہ مین ماہیت کے تحت
مین مقرر ہوا اور اسی طرح نہ موجود ہوگا
نہ معدوم کیونکہ صدق موجبہ مستدعی
وجود موضوع ہے اور چونکہ وجود عدم سے
فی نفسہ مسلوب ہے تو عدم بھی اوس سے

مسلوب باشد و عدم از جملہ مفہومات
خارجیہ است چہ نہ عین است و نہ جزو او
پس آن نیز از و مسلوب باشد و انچہ
متاخرین گفتہ اند کہ صدق موجبہ
سالبۃ المحمول مقتضی وجود موضوع نیست
خلاف تحقیق است و انچہ گفتہ اند کہ
عقل از مقدمۂ مشہورہ کہ ثبوت شئ مر شئ
را مقتضی وجود موضوع است استثناء
محمول سلبی می کند و استثناے محمول
عدولی نمی کند تحکمے صریح است کہ عقل سلیم
ساعد او نیست بلکہ این قضیہ کہ ایشان
آن را سالبۃ المحمول نام کردہ اند معدولہ
است چہ حرف سلب جزو محمول است و
در کتب عقلیہ تحقیق این بسیار است
پس انچہ مشہور است کہ ممکن در ذات
خود معدوم است باین معنی فرا باید گرفت
کہ بہ ذوات خود موجود نیند نہ آن کہ صفت
عدم اورا ثابت است زیرا کہ این معنی
اقتضاے آن می کند کہ آن خود بہ ذات

مسلوب ہوگا اور عدم منجملہ مفہومات
خارجیہ کے ہے کیونکہ نہ اوس کا عین ہے نہ
جزو تو وہ بھی اوس سے مسلوب ہوگا اور یہ
جو متاخرین کا مقولہ ہے کہ صدق موجبہ
سالبۃ المحمول مقتضی وجود موضوع نہین ہے
یہ تحقیق کے خلاف ہے اور یہ جو کہا ہے کہ
عقل مقدمۂ مشہورہ سے (کہ شئ کا ثبوت
شئ کے لیے وجود موضوع کا مقتضی ہے)
استثناے محمول سلبی کرتی ہے اور
استثناے محمول عدولی نہین کرتی یہ
صریحی تحکم ہے جس کے عقل سلیم موافق
نہین بلکہ یہ قضیہ جس کو وہ سالبۃ المحمول
کہتے ہین معدولہ ہے کیونکہ حرف سلب
جزو محمول ہے اور کتب عقلیہ مین اس کی
بہت تحقیق ہے تو یہ جو مشہور ہے کہ ممکن
اپنی ذات مین معدوم ہے اوس کے یہ
معنے لینا چاہیے کہ اپنی ذات سے موجود نہین
ہے نہ یہ کہ صفت عدم اوس کے لیے ہے
کیونکہ یہ معنی اس کے مقتضی ہین کہ وہ بذات خود

خود ثابت باشد بنحوے از انحاء ثبوت و
معلوم است کہ ممکن را ہیچ ثبوت از ذات
خود نیست چنانچہ در بحث مجعولیت ماہیات
مفصل مذکور است و آنچہ شیخ محی الدین
ابن عربی در رسالۂ انشاء الدوایر می فرمائد
کہ معدوم عین عدم است و امرے
زائد بر عدم نیست غرض شیخ آن نیست
کہ او را صفتے ثابت ہست و چگونہ چیزے کہ
اصلا ثبوت نہ داشتہ باشد او را صفتے
ثابت باشد بلکہ غرضش آن ست کہ او را
ہیچ زات و صفت نیست پس تعین
او نہ توان کرد مگر بحسب فرض و عبارت
شیخ مشعر بر این است کما لا یخفےٰ و ازین
بحث معلوم شد کہ انچہ در علوم عقلیہ
مقرر شدہ کہ ممکن ہا گرچہ قدیم زمانی باشد
حادث است باین معنے کہ عدم او
سابق بر وجود اوست پس محمول ست
بر تقدم سلب ثبوت نہ بر تقدم ثبوت
سلب و در تقدم سلب ثبوت نیز

اوسی نہ کسی طرح ثابت ہو اور معلوم ہے
کہ ممکن کے لیے کوئی ثبوت ذاتی نہین ہے
چنانچہ بحث مجعولیت ماہیات مین
مفصل مذکور ہے اور یہ جو حضرت شیخ اکبر
رسالۂ انشاء الدوایر مین فرماتے
ہین کہ معدوم عین عدم ہے کوئی امر
زائد بر عدم نہین تو اون کا مطلب یہ
نہین ہے کہ اوس کے لیے کوئی صفت
ثابت ہے کیونکہ جو چیز بالکل ثابت ہی
نہ ہوگی کیسے اوس کی کوئی صفت پائی
جائیگی بلکہ اون کی غرض یہ ہے کہ اوسکی
نہ کوئی ذات ہے نہ صفت پس اوس کا
تعین فرضی ہے اور یہی اون کی عبارت
سے معلوم ہوتا ہے اس بحث سے معلوم
ہوا کہ یہ جو علوم عقلیہ مین مقرر ہے کہ ممکن
اگرچہ قدیم زمانی ہو حادث ہے اس لیے کہ
اوس کا عدم اوس کے وجود پر سابق ہے
تو تقدم سلب ثبوت پر محمول ہے نہ تقدم
ثبوت سلب پر اور تقدم سلب ثبوت مین بھی

غموضے تمام است چنانچہ در تعلیقات و
حواشی کتب عقلیہ تفصیل آن موجود است
باید کہ طالب بہ آن رجوع نماید و چون
مقرر شد کہ موجود حقیقی غیر حق نیست
و ہر چہ غیر اوست نسبت بہ آن ذات
موجود نامی شود پس ہر کمالے کہ در ممکن
ظاہر شود فرع و ظل کمال او باشد
نہ آنکہ کمال آنحضرت از ممکنات باشد
اگر گوئی کہ چون حق ازلاً و ابداً بہ جمیع
صفات کمال متصف است و غناے
ذاتی آنحضرت مسلّم پس ایجاد عالم چرا
فرمود گوییم کہ اسماے الٰہی مقتضی ظہور در
مجالے عینی اند مثلاً حسن مقتضی تجلی
عشقی است منقول است کہ حضرت
خواجہ روزبہان در اول حال کہ خطۂ
شیراز را بہ قدوم خویش مورد برکات
ساخت در جامع عتیق متصدی تذکیر
شد روز اول کہ می رفت تا وعظ گوید در
راہ دید کہ زنے دختر خود را نصیحت می کرد کہ

دقت تمام ہے جس کی تفصیل تعلیقات و
حواشی کتب عقلیہ مین موجود ہے طالب کو
دیکھنا چاہیے اور جب یہ ثابت ہوگیا کہ بجز
حق کے موجود حقیقی کوئی نہین اور اوس کے
علاوہ جو کچھ ہے وہ اوسی کی طرف منسوب
ہونے سے موجود ہے تو جو کمال ممکن
مین ظاہر ہوگا وہ اوس کے کمال
کا فرع و ظل ہوگا نہ یہ کہ اوس کا کمال
بذریعہ ممکنات ہو اگر یہ کہا جائے کہ جب
حق ازلاً ابداً کل صفات کمال سے متصف
ہے اور اوس کا غناے ذاتی مسلّم ہے تو
عالم کی ایجاد اوس نے کیون فرمائی
تو مین کہون گا کہ اسماے الٰہی مجالی
عینی مین ظہور کے مقتضی ہین جیسے حسن
تجلی عشقی کا مقتضی ہے نقل ہے کہ
حضرت خواجہ روزبہان جب شیراز تشریف
لائے اور جامع عتیق مین واعظ مقرر ہوئے ایک
روز وعظ کہنے جا رہے تھے راستہ مین دیکھا کہ
ایک عورت اپنی لڑکی کو نصیحت کر رہی تھی کہ

اے دختر حسن خود را پوشیدہ دار تا خوار
و بے اعتبار نہ گردی شیخ چون این
سخن بشنید گفت اے زن حسن بہ آن
راضی نیست کہ تنہا و متفرد باشد البتہ
می خواہد کہ با عاشق قرین باشد و
حسن و عشق را در ازل باہم عہدے بستہ
اند کہ ہرگز از ہم جدا نہ شوند شیخ چون
بہ مجلس در آمد اول این حکایت را
نقل کرد اصحاب را از استماع این چندان
وجد و حال رسید کہ بعضے از خود شدند
و برخے خود را دادند و بیان این معنی
بہ زبانِ دیگر آن کہ وجود الٰہی بر مقتضاے
ارادہ افاضہ پرتو نور وجود بر اعیان
ممکنات نمود پس بہ محض ارادت بے غرضی
از اغراض ذرات مکونات را از کتم عدم
در عرصۂ شہود وجود ظاہر آورد و فعل
حق تابع ارادہ نیست چہ آن فاعل
مختار است و شیخ اشعری و متابعان
او بر آنند کہ افعال اللہ معلل بہ غرض

بیٹی اپنا حسن پوشیدہ رکھ تاکہ ذلیل
اور بے اعتبار نہ ہو شیخ نے یہ سن کر فرمایا
بی بی حسن تنہائی پر راضی نہین ہے
بلکہ یہ چاہتا ہے کہ عاشق کے ساتھ
ہو اور حسن و عشق مین باہم ازل
سے اس کا عہد ہے کہ ہرگز ایک
دوسرے سے جدا نہ ہون گے پھر
اونھون نے مجلس مین آکر پہلے یہی بیان
کیا جس کو سن کر لوگون کا یہ حال ہوا
کہ بعض بے ہوش ہو گئے اور بعض مر گئے
اور دوسرے الفاظ مین اس کا مطلب
یہ ہے کہ وجود الٰہی نے بہ مقتضاے ارادہ
اعیان ممکنات پر پرتو نور وجود کا افاضہ
کیا اور محض ارادہ سے بلا کسی غرض کے
ذرات ممکنات کو کتم عدم سے عرصۂ
شہود و وجود مین لایا اور حق کا فعل
ارادہ کا تابع نہین ہے کیونکہ وہ فاعل
مختار ہے اور شیخ اشعری اور اون کے تابعین
اس کے قائل ہین کہ افعال الٰہی معلل بغرض

نیست اگرچہ خالی از حکم و مصالح
نیست و معنی این سخن این است کہ
ہر چیز از آنحضرت صادر می شود
بہ شعور و ارادت بے آن کہ تصور آن
باعث و محرک آن باشد بہ آن فعل
ہمچنانکہ در افعال اختیاریہ انسان کہ تصور
آن مطلوب محرک فاعل می شود و اورا
فاعل می سازد کہ این نقص است و
ستلزم تاثیر حق تعالے است از شعور
بہ ممکنات و آنکہ غیر متمم فاعلیت باشد
ہمچنانکہ در افعال حیوان غایت متمم
فاعلیت است و درین مقدمہ مناقشہ
امجال است بنا بر آن کہ علم بہ ممکنات
و غایات مترتبہ بران صفت حق است
پس اگر فعل حق موقوف بران باشد
استکمال واجب بغیر لازم نیاید
زیرا کہ صفات او سبحانہ عین ذات اویند
نہ خارج بلکہ ترتف صفت فاعلیت او
بر صفات ذاتیہ او لازم می آید و درین

نہین ہین اگرچہ حکمتون اور مصلحتون
سے خالی نہین اور اس کا مطلب یہ
ہے کہ ہر چیز اوس سے بہ شعور و ارادہ
صادر ہوتی ہے بغیر اس کے کہ اوس کا
تصور اوس فعل کا باعث و محرک ہو
جیسے انسان کے افعال اختیاریہ جس مین
مطلوب کا تصور محرک و فاعل ہو کر
اوس کو فاعل بناتا ہے کہ یہ نقص ہے اور
اس کا مستلزم کہ تاثیر حق تعالیٰ
شعور ممکنات سے ہو اور یہ کہ غیر پتمام
کنندہ فاعلیت ہو جس طرح کہ افعال
حیوان مین غایت متمم فاعلیت ہے اور
اس مقدمہ مین مناقشہ کی گنجایش ہے
اس لیے کہ ممکنات اور اوس کے غایات
مترتبہ کا علم یہ صفت حق ہے تو اگر فعل حق
اس پر موقوف ہو تو واجب کا غیر سے کامل
ہونا لازم نہین آتا ہے کیونکہ اوس کے صفات
عین ذات ہین بلکہ اوسکی صفت فاعلیت کا
توقف اوسکے صفات ذاتیہ پر لازم آتا ہے اور اسمین

محذورے نیست زیرا کہ صفات ذاتیہ
او بعضے بر بعضے موقوف اند مثل حیات
و علم و کلام و قدرت و ارادت پس اگر
فعلے کہ صفت او اضافی موقوف بر علم
بہ غایت باشد کہ صفت حقیقی است و
ذو اضافت بغایت نا محذور باشد
بلے نشاید کہ بہ واسطۂ شعور بغایت
شوقے و میلے و انفعالے در و پیدا شود
ہمچنانکہ در حیوانات تعالیٰ عن ذالک
علواً کبیراً و ہمانا غرض اشعری از نفی
غایت نفی این معنی باشد و عبارت
حکما و درین مقام آن ست کہ اللہ تعالیٰ
خود غایت افعال خود است و متاخرین
ایشان گویند کہ آنچہ مشہور است کہ
غایت در وجود عینی مترتب بر فعل
است مخصوص بہ غایات متکونہ است
اما غایت فعل حق کہ ممکنات اند در
افعال اختیاری ایشان پس بہ این
اعتبار خود غایت فعل خود باشد و این

کچھ حرج نہین کیونکہ اوس کے بعض
صفات ذاتیہ بعض پر موقوف ہین
جیسے حیات و علم و کلام و قدرت و
ارادہ تو اگر کوئی فعل جس کی صفت اضافی
علم بہ غایت پر موقوف ہو جو صفت
حقیقی ہے اور صاحب اضافت نہایت
ضروری ہوگا۔ ہان یہ نہ چاہیے کہ بذریعہ
شعور غایت کوئی شوق یا میل یا انفعال
اوس مین پیدا ہو جیسے حیوانات مین
ہے وہ اس سے بہت بزرگ ہے اور بیشک
اشعری کی غرض نفی غایت سے اس
معنی کی نفی ہے اور حکما کی عبارت یہان
یہ ہے کہ اللہ تعالے خود اپنے افعال کی
غایت ہے اور متاخرین حکما کہتے ہین کہ یہ
جو مشہور ہے کہ وجود عینی مین غایت
فعل پر مترتب ہے یہ غایات متکونہ سے
مخصوص ہے لیکن غایت فعل حق کہ ممکنات
ہین اون کے افعال اختیاری مین پس اس
اعتبار سے خود اپنے فعل کی غایت ہے اور یہ

سخن راجع بہ نفی علت غائی می شود
وانچہ مشہور است کہ غایت در وجود عینی
مترتب بر فعل مخصوص بہ غایات
منکونہ است اما غایت فعل حق کہ اعلےٰ
از کون است مرتب بر فعل نہ دارد
حقیقت این سخن آن کہ فاعلیت حق
بہ ذات خود تمام است چہ ذات فاعل
است و ترتب بر فعل ندارد چہ فاعلیت
او بر ذات خود تمام است بے واسطہ
امرے دیگر پس ذات او متمم فاعلیت
است واللہ اعلم

سوال پانزدہم حق را علم ہر نیک و بد
است پس حاجت قائم کردن میزان
چہ باشد اگر بہر آن ست کہ تا خلق نہ گویند
کہ حق بر ما ظلم کرد پس ہر یک اعمال
خود را بیند و داند کہ جزاے او چیست و
از گفتن خلق او را چہ نقصان۔

اقول قائم کردن میزان ہمانا
جزا دادن ہر یک است بہ حیثیت اعمال

کلام نفی علت غائی کی طرف راجع ہوتا
ہے اور اوس کی طرف بھی جو مشہور ہے
کہ وجود عینی مین غایت فعل مخصوص بہ
غایات منکونہ پر مترتب ہے مگر فعل حق کی
غایت جو کون سے اعلےٰ ہے فعل پر
مترتب نہین اس کلام کی حقیقت یہ ہے کہ
فاعلیت حق اپنی ذات سے پوری ہے کیونکہ
ذات فاعل ہے اور فعل پر مترتب نہین
کیونکہ اوس کی فاعلیت اپنی ذات پر تمام
ہے بغیر کسی دوسری چیز کے تو اوس کی
ذات خود متمم فاعلیت ہے واللہ اعلم

پندرھوان سوال خدا کو جب ہر اچھائی و
برائی کا علم ہے تو میزان قائم کرنے کی کیا
ضرورت اگر اس لیے ہے کہ خلق یہ نہ کہے کہ
خدا نے ہم پر ظلم کیا تو ہر ایک اپنے اعمال
دیکھکر جان لے گا کہ اس کا بدلہ کیا ہے اور
خلق کے کہنے سے اوس کا کیا نقصان۔

مین کہتا ہون کہ میزان قائم کرنا ہر ایک کو
بہ حیثیت اعمال بدلہ دینے کی وجہ سے ہے

واین محض رحمت است کہ با معاملہ چون ما بما
فرمود حاشا ازین چیزے بجناب حق
مضرتے نہ دارد و نہ رساند این اثر ہمان
تقاضاے نسبت حبّیہ است و بہ برین
آن می خواہد کہ اینہا بروز جزا
بہ یافتن سزا شکستہ دل نہ شوند حسب
معاملہ دنیاوی با خود ہا این جا ہم
حساب برگیرند در عالم اسباب است کہ
چون طفل می گرید مادر و پدرش
گہے آن را زجری کنند و گاہے شفقت
تا خموش شد حالانکہ گریستن طفل جز
پریشانی ظاہری چیزے نیارد و صد رہ
افزون تر است شفقت عامۂ حق
و مصداق ہمین است سبقت رحمتی
علے غضبی ھکذا سنح فی خاطری

سوال شانزدہم۔ حق کریم و جواد است
پس چرا بعضے چنین محتاج بہ دلمے د
درمے اند و حق را گنجہاست وَلِلّٰہِ خَزَائِنُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

جو محض رحمت ہے کہ ہمارے ساتھ ہم
لوگون کا ایسا معاملہ فرمائے گا ہرگز اس سے
اوس کا کوئی نقصان نہین اور یہ بھی وہی
نسبت حبی کا تقاضا ہے جس کا منشا یہ
ہے کہ قیامت کے روز سزا پانے سے وہ
لوگ شکستہ دل نہ ہون معاملہ دنیاوی
کی طرح وہان بھی اپنا حساب کرلین
عالم اسباب مین ہے کہ جب لڑکا روتا ہے
توماں باپ اوس کو کبھی گھُرکتے ہین اور کبھی
چمکارتے تاکہ چپ ہو رہے حالانکہ لڑکے کے
رونے سے بجز ظاہری پریشانی کے کچھ
نہین ہوتا اور شفقت عامۂ حق اس
سے سو درجہ زیادہ ہے اور سَبَقَتْ
رَحْمَتِیْ الخ کا بھی مصداق ہے ایسا ہی
میرے دل مین گذرا۔

سولھوان سوال حق کریم وجواد ہے
تو کیون بعضے ایسے محتاج ہین حالانکہ خدا کے
پاس خزانے ہین وَلِلّٰہِ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ۔

اقول بے شک حق کریم وجواد است
محتاج ساختن بہ درمے صرف بغرض
شناختن غنا وافتقار بودہ ومحتاج
اگر کافرست ومومن ثانی را بہ تمول
آخرت کہ ابدالآباد است بر نواختہ واول
حال آن خود ظاہر۔

سوال ہفتدہم [۱۷] حق فرمود کہ مَنْ
کَانَ فِیْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰی فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ
اَعْمٰی ونیز آمدہ کہ ہر کہ بہ حق در دنیا
ایمان نیارد او را لقاے حق در آخرت
نباشد پس چیست معنی این آیت
واین قول کہ مومنان دیدار حق در آخرت
خواہند یافت

اقول معنی آیت این است کہ ہر کہ چشم
معرفت در دنیا کہ دار العمل است دارد
خواہد داشت در آخرت وہر کہ نابینا است
در دنیا نابینا خواہد ماند در آخرت
کہ دار الجزاء است ونہ بودن دیدار حق
در آخرت کہ از آیت لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ

مین کہتا ہون بے شک خدا کریم وجواد
ہے دام ودرم کا محتاج کرنا بغرض شناخت
غنا واحتیاج ہے اور محتاج یا کافر
ہے یا مومن مومن کو تو اوس نے آخرت
کے تمول ابدی سے سرفراز فرمایا ہے
اور کافر کا حال خود ظاہر ہے۔

سترھوان سوال خدا نے جو یہ فرمایا
کہ جو شخص یہان اندھا ہے وہ آخرت
مین بھی اندھا ہوگا نیز یہ کہ دنیا
مین جو خدا پر ایمان نہ لائے گا اوسے خدا
کا دیدار آخرت مین نہ ہوگا تو اس آیت
اور اس قول کے کیا معنے ہین کہ مومنین کو
خدا کا دیدار آخرت مین ہوگا۔

مین کہتا ہون کہ آیت کے معنے یہ
ہین کہ جسے اس دار العمل دنیا مین
چشم معرفت حاصل ہے اوسے آخرت
مین بھی ہوگی اور جو یہان اندھا ہے
وہ وہان بھی اندھا رہے گا اور آخرت مین
جو دیدار نہ ہونا آیت لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ سے

فهمیده شود پس نزد علما مراد از ابصار
ابصارِ کفار اند تفصیل این اجمال آن که
در کتب عقاید است که خدای تعالے
روز قیامت خود را به بندگان مومن بنماید
پیغمبر صلعم فرمود اِنَّکُمْ سَتَرَوْنَ
رَبَّکُمْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ کَمَا تَرَوْنَ
الْقَمَرَ لَیْلَۃَ الْبَدْرِ مقصود تشبیه
رویت به رویت است نه مرئی به مرئی
و در دیدار وے تعالے روز قیامت
مقابله و مواجهه و قرب و بُعد نه بود بصر
را قوت بصیرت دهند انچه امروز به دیدهٔ
دل بینند فردا به چشم سر نگرند بالجمله اکنون
چنانکه بے کیف می دانند فرداش
بے کیف خواهند دید که عالم آخرت
محل ظهور حقیقت است پس جواب
سوال واضح گشت فافهم

سوال هیجدهم [۱۸] چون حضرت رسالت
فرمود که اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰهِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ
مِنْ نُوْرِیْ پس محمد عین نور خدا است

معلوم ہوتا ہے تو علماء کے نزدیک اس سے
ابصار کفار مراد ہین اس اجمال کی تفصیل یہ ہے
کہ کتب عقائد مین ہے کہ خداوند تعالے قیامت
مین مومنین پر تجلی فرمائیگا آنحضرت صلعم
کا ارشاد ہے کہ تم قیامت مین اپنے رب
کو اس طرح دیکھو گے جیسے چودھوین رات
کا چاند دیکھتے ہو تشبیہ رویت بہ رویت
مقصود ہے نہ مرئی بہ مرئی اور قیامت کے
روز خداوند تعالے کے دیدار مین مقابلہ
و مواجہہ و قرب و بُعد نہ ہوگا بصر کو بصیرت
کی قوت ملے گی جو کچھ یہان دیدہ دل سے
دیکھتے ہین وہ وہان انھین ظاہری آنکھون
سے دیکھین گے اب جس طرح اوس کو
بے کیف جانتے ہین کل اوس کو بے کیف دیکھین گے
کیونکہ عالم آخرت محل ظہور حقیقت ہے پس سوال کا
جواب واضح ہوگیا سمجھ لینا چاہیے۔

اٹھارھوان سوال آنحضرت صلعم نے جو فرمایا
کہ مین اللہ کے نور سے ہون اور مومنین میرے
نور سے ہین تو آنحضرت صلعم عین نور حق ہین

یا فرع او و نور حق عین ذات حق است
یا غیر اگر عین است پس چرا نام
او محمد شد و غیر نام خدا گشت و چگونہ
از و محمد در وجود آمد مگر آن نور بہ چیزے
دیگر آمیختہ شد یا از ہمان نور صرف بود
پس آن ذات چگونہ غیر حق شد من کہ
انسانم محال کہ غیر انسان باشم اگر
روح معتبر است پس روح نہ از کس زائیدہ
و در حدیث دیگر آمدہ کہ اَوَّلُ مَا
خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ وَخَلَقَ الْخَلَایِقَ مِنْ
رُوْحِیْ و روح او عبارت از نور است کما قال
عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنَا مِنْ نُوْرِ اللّٰہِ ہر آئینہ این انانیت
روح اضافت است پس در روح محمد
کدام چیز غیر روح محمد داخل شد
تا از و عالم موجود گشت و از روح صرف
محمد صلعم موجود شد پس روح محمد
چگونہ روح خود شد و بہ صورتِ
خلق پدید آمد زیرا کہ یک عین صورتِ
خود را تبدیل نمی کند تا بہ سوے عینِ

یا فرع اور نور حق عین ذات ہے یا غیر اگر
عین ہے تو وہ بھی عین حق ہوئے پھر اون کا
محمد کیون نام ہوا اور غیر کیون ہوئے اور
اوس سے کیسے موجود ہوئے کیا وہ نور کسی
دوسری چیز سے ملایا اوسی نور محض سے
تھے تو وہ غیر حق کیسے ہوئے مین انسان
ہون میرا غیر انسان ہونا محال ہے اگر روح
معتبر ہے تو روح کسی سے پیدا نہین دوسری
حدیث مین ہے کہ سب سے پہلے خدا نے
میرا نور پیدا کیا اور میری روح سے
خلق کو پیدا کیا آپ کی روح نور سے مراد
ہے جیسا کہ ارشاد ہے کہ مین خدا کے نور سے
ہون البتہ یہ انانیت روح اضافت ہے
تو آپ کی روح مین کون چیز آپ کی
روح کے علاوہ داخل ہوئی جس سے
عالم پیدا ہوا اور صرف روح سے آپ تو
آپ کی روح کیسے اپنی روح ہوئی اور پھر
خلق کی صورت مین ظاہر ہوئی کیونکہ ایک
ذات اپنی صورت کو جب تک وہ دوسری ذات

دیگر داخل نہ شود چنانچہ در رنگ
سرخ تا رنگ دیگر نیامیزند متغیر نہ شود
پس چون اول غیر روح محمدی ہیچ
نبود چگونہ ازوے اشکال مختلفہ
ظاہر شدند۔

اقول بودن آنحضرت صلعم از نور حق
ترکب و تفرع آن نور را تقاضا نمی کند
در بدیہیات است کہ چراغ خود روشن
است و تمامی خانہ ازو روشن و روشنی
خانہ علیحدہ از نور چراغ محسوس است
این جا درست می گویند کہ نور ضیائے
آن چراغ است چراغ بہ مرتبۂ
اطلاق بود یعنی ازین جہت کہ تا روغن
و چراغ و فتیلہ صورتِ خاصّہ
نداشت کسے او را ہمی شناخت چون
برین ہیئت اجتماعی آمد خود صورت
گرفت و صورتہا نمود بعینہٖ ہمین مثال
نور واجبی و فروغ محمدی ست فرق
صرف امکان و وجوب است ازینجاست

مین داخل نہو نہین بدلتی جیسے سرخ
رنگ مین جب تک دوسرا رنگ نہ ملایا
جائے گا وہ نہ بدلے گا تو جب روح محمدی
کے سوا کچھ نہ تھا تو یہ مختلف شکلین اوس سے
کیونکر ظاہر ہوئین۔

مین کہتا ہون کہ آنحضرت صلعم کا نور حق
سے ہونا یہ اوس کے ترکب کا مقتضی نہین
بدیہیات مین ہے کہ چراغ خود روشن
ہے اور سارا گھر اوس سے روشن اور
گھر کی روشنی چراغ کی روشنی سے علیحدہ
محسوس ہے یہان یہ کہنا ٹھیک ہے کہ نور
اوس چراغ کی ضیا ہے چراغ بمرتبۂ
اطلاق تھا جب تک روغن و چراغ و
فتیلہ خاص صورت نہین رکھتے تھے کوئی
اوسے نہین جانتا تھا جب اس ہیئت
مجموعی سے آیا تو خود بھی ظاہر ہوا اور
اور صورتین بھی ظاہر کین بعینہٖ یہی نورِ
واجبی و فروغ محمدی کی مثال ہے فرق
صرف امکان و وجوب کا ہے اسی لیے

که تعین محمدی را تنزل اول واجبی
گفته ام سهل تستری وشیبان راعی
از حضرت خضر شنیدند که خضر بایشان
می فرمود خلق الله نور محمدٍ
من نورہٖ فصوّرہٗ وصدّرہٗ علی
یدہٖ فبقی ذلك النور بین
یدی الله مائة الف عامٍ فکان
یلاحظه فی کل یومٍ ولیلةٍ
سبعین لحظةً ویکسوہ فی کل
لحظةٍ نورًا جدیدًا وکرامةً
جدیدةً ثم خلق منها الموجودات
کلها واہل وحدت گویند که دریاے
اول که ذات خداست گنج پنہان بود
خواست که آشکارا شود تجلی کرد واز
باطن بظاہر آمد دریاے دوم شد
ازین گونه دریاے سوم وچہارم ووجودے
از وجدا نیست ونه جدا شدن ممکن است
جنیدؒ ازین وجه گفته که لیس فی
جبتی سوی الله معروف کرخی ہم

مین نے تعین محمدی کو تنزل اول واجبی
کہا ہے سہل تستری وشیبان راعی نے
حضرت خضرؑ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ اللہ تعالے
نے نور محمدی کو اپنے نور سے پیدا کیا اور
اپنے ہاتھ پر رکھا تو وہ نور اوس کے
روبرو ایک لاکھ سال رہا وہ اوس نور
کو رات دن مین ستر بار دیکھتا تھا اور
ہر بار اوسے نور وکرامت جدید پہناتا
تھا پھر تمام موجودات اوسی سے
پیدا کیے - اہل وحدت کہتے ہین
کہ دریاے اول یعنی ذات حق نے
جو گنج پنہان تھی جب ظاہر ہونا
چاہا تو تجلی کی اور باطن سے ظاہر
مین آیا دوسرا دریا ہوا اسی طرح
تیسرا اور چوتھا اور کوئی وجود نہ اوس
سے جدا ہے اور نہ جدا ہونا ممکن ہے
حضرت جنیدؒ نے اسی لیے فرمایا کہ
میرے جبّہ مین خدا کے سوا کوئی
نہین اور حضرت معروف کرخیؒ نے بھی

فرمود لَیْسَ فِی الْوُجُوْدِ اِلَّا اللّٰہُ
ابو العباس نیز گفت لَیْسَ فِی الدَّارَیْنِ
غَیْرُ اللّٰہِ و این فہم بے مرتبۂ فنائے
بحت کہ آن را فناء الفناء گویند حاصل
نمی تواند شد و بودن مومنان از نورِ
آنحضرت مشابہ آن ست کہ نور بر اشیاء
رسد و اشیاء معاین شوند ہر نور کہ افتادہ
آن نور شعبۂ خارجہ آن سراج است
باقی بودن کافران و مومنان
شعبۂ نوری را منافات شرافت آن
ندارد و علی ہذا بودن آنحضرت بر تقدیر
فرض در شکم کافر آخر دُر در صدف
می شود و صدف در قعر دریا و در دریا
نجس و پلید ہمہ است ہیچ یک نجاستے
بہ دُر نمی تواند رسانید واللہ اعلم

سوال نوزدہم ۱۹ پیغمبر فرمود مَنْ
عَرَفَ نَفْسَہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ
بگو نفس این کس غیر رب این کس است
یا عین اگر عین است پس از شناخت عمرو

فرمایا کہ بجز حق کوئی موجود نہین شیخ
ابو العباس نے بھی کہا کہ دارین مین اللہ کے
سوا کوئی نہین اور یہ فہم بلا حصول مرتبۂ
فنائے بحت جس کو فناء الفناء کہتے ہین حاصل
نہین ہوتی اور مومنین کا آنحضرت کے نور
سے ہونا ایسے ہے کہ جیسے نور اشیاء پر پہونچتا
ہے اور اشیاء دکھائی دیتی ہین اور وہ نور
اوس نور چراغ کا شعبۂ خارجہ ہے باقی
کافرون و مومنون کا آپ کے نور کا شعبہ
ہونا یہ اوس نور کی شرافت کے منافی
نہین اسی طرح آنحضرت صلعم کا بر تقدیر
فرض کافر کے شکم مین ہونا ایسا ہے کہ جیسے
سیپی مین موتی ہوتا ہے اور وہ دریا کی تہ مین اور
دریا مین نجس و پلید سب ہی ہوتا ہے مگر اوس سے
موتی نجس نہین ہوتا واللہ اعلم

اونیسوان سوال آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ
جس نے اپنے نفس کو پہچانا اوس نے اپنے
رب کو پہچانا تو اوس شخص کا نفس غیر رب ہے
یا عین اگر عین ہے تو عمرو کی شناخت سے

چگونہ زید را بشناسیم تا زید را بذاتہ نہ شناسیم
واگر غیر است واین کس مربوب ہر آئینہ
از شناخت مربوب رب می توان شناخت
پس این سخن بطریق مجاز است نہ
بحقیقت زیرا کہ از شناخت مربوب
صورت وحقیقت رب نمی توان شناخت
ہر آئینہ ذات مربوب غیر ذات رب است
واگر ہر دو یک باشند ربوبیت ومربوبیت
نہ باشد نفس کہ غیر رب باشد چگونہ از
شناخت نفس رب خود را بشناسم ونیز
جنسیت لازم می آید وحق از جنس
منزّہ است وہیچ چیز با غیر خود عین
نمی شود ودر شناختن مخلوقات واسطۂ
جنس است کہ عالم ارواح در عالم اجسام
محجوب است وآن صفت ماست وحق
تعالے از صفتہائے ما منزّہ ومبرا است
پس چگونہ از شناخت نفس خود رب را
بشناسیم واگر نفس عین اوست
محال است زیرا کہ در یک عین شناخت

ہم زید کو کیسے پہچانین گے جب تک زید کو خود
نہ پہچان لین گے اگر غیر ہے اور یہ شخص مربوب
تو البتہ شناخت مربوب سے رب کو پہچان
سکتے ہین تو یہ بات مجازاً ہے نہ حقیقتاً کیونکہ
مربوب کی شناخت سے ہم صورت وحقیقت
رب نہین پہچان سکتے کیونکہ ذات مربوب غیر
ذات رب ہے اور اگر دونون ایک ہون تو
ربوبیت ومربوبیت نہ رہیگی نفس جو غیر
ہے اوس کی شناخت سے ہم رب کو کیسے
پہچانین گے اور جنسیت بھی لازم آتی ہے
اور حق جنس سے منزّہ ہے اور کوئی چیز اپنے
غیر سے عین نہین ہوتی اور مخلوقات کی
شناخت بواسطۂ جنس ہے کہ عالم
ارواح عالم اجسام مین محجوب ہے جو
ہماری صفت ہے اور وہ ہماری
صفتون سے منزّہ ہے تو کیونکر اپنے
نفس کی شناخت سے ہم رب کو پہچانین گے
اگر یہ کہا جاے کہ نفس اوس کا عین ہے
تو محال ہے کیونکہ ایک عین مین شناخت

نمی باشد و یک عین چگونہ غیر خود
راشناسد کہ یک جزو عدم است و
در عدم شناخت میسر نمی شود مگر بہ علم و
علم ہر یک را بہ ذات خود نہ باشد اگر
دیگر کس ہم باشند آن زمان بداند کہ
من ہستم و این کس ہم ہست البتہ
این سخن درست می آید و حق تعالے
بصورت جنس محمد است یا نیست اگر
ہست روا نیست زیرا کہ آنحضرت صلعم
محبوس بود لقولہ تعالے إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ
مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ و حق محبوس
نیست و نہ میرد و نہ زاید و در آنحضرت صلعم
این صفت بود کہ ہم زائید و ہم مُرد و نیز
اگر حق تعالے بہ صورت و صفت محمد
بود پس حق را جسم و مکان لازم می آید
و این محال است پس این حدیث چہ
معنے دارد۔

اقول نظر بہ فطرت اصلی و مبدء اصلی
پیش موحدین ہمہ عین حق است

نہین ہوتی اور ایک عین اپنے غیر کو کیسے
پہچان سکتا ہے جس کا ایک جزو عدم ہے
اور عدم کی شناخت بجز علم کے میسر نہین
ہوتی اور ہر شخص کو اپنی ذات کا علم نہین
ہوتا اگر دوسرا شخص بھی ہو اوس وقت
البتہ وہ جانتا ہے کہ مین ہون اور یہ بھی
ہے تب یہ بات ٹھیک ہوتی ہے اور حق
بصورت جنس محمد صلعم ہے یا نہین اگر ہے تو
جایز نہین کیونکہ آنحضرت صلعم اس ارشاد
کے موافق کہ مین تمھاری طرح آدمی ہون مجھپر
وحی بھیجی گئی محبوس تھے اور خدا محبوس نہین
نہ مرتا ہے نہ پیدا ہوتا اور آنحضرت صلعم مین یہ
صفت تھی پیدا بھی ہوے اور وفات بھی
پائی اگر حق تعالے آنحضرت صلعم کی
صورت و صفت پر تھا تو اوس کے لیے جسم و
مکان لازم آتا ہے جو محال ہے پھر اس حدیث
کے کیا معنے ہوے۔

مین کہتا ہون کہ موحدین کے نزدیک
بہ نظر فطرت اصلی سب حق ہے

پس علم خویش بروجہ انقطاع از
تعین شخصیہ عین علم حق است ونفس
این کس بہ نظر شخصیت غیر است و بہ نظر
عینیت عین شناخت زید شناخت
عمرو است چنانکہ بر عالم پوشیدہ نیست
آن کہ از حقیقت گل واقف از ماہیت
آبخورہ وسبوے کلان وخنبہ و دیگر
ظروف گلی ماہر ازین تغایر و امکان
حق رب است ونفس این کس مربوب
ہر آئینہ از شناخت مربوب قابلیت
شناخت رب پیدا باشد ہمچو دلالت
صنع بر صانع واین سخن بر طریق حقیقت
است پیش اہل حقیقت ومجاز است
نزد اصحاب مجاز واز شناخت مربوب
صورت وذات رب چرا نمی توان
شناخت چہ کہ ہرگاہ معلوم شد کہ
آفرینندۂ این آفریدہ کسے ہست
این معرفت است وآن آفرینندہ متصف
بہ صفت خالقیت است این معرفت

تو اپنا علم بھی تعین شخصیہ چھوڑ کر عین
علم حق ہے اور اوس کا نفس بہ نظر شخصیت
غیر ہے اور بہ نظر عینیت عین شناخت زید
شناخت عمرو ہے جیسا کہ جاننے والے پر
مخفی نہین جو شخص مٹی کی حقیقت سے
واقف ہے وہ گھڑے وآبخورہ وغیرہ کی
ماہیت سے بھی واقف ہے اسی تغایر و
ارکان کی وجہ سے حق رب ہے اور نفس
مربوب بے شک مربوب کی شناخت سے
رب کی شناخت کی قابلیت پیدا ہوتی
ہے جیسے صنع کی صانع پر دلالت اور یہ
کلام بر طریق حقیقت ہے اہل حقیقت
کے لیے اور مجاز ہے اصحاب مجاز کے
روبرو اور شناخت مربوب سے صورت
وذات رب کیون نہین پہچان سکتے
ہین اس لیے کہ جب یہ معلوم ہوا کہ
اس کا پیدا کرنے والا کوئی ہے تو
یہ معرفت ہوئی اور وہ پیدا کرنے والا صفت
خالقیت سے موصوف ہے یہ معرفت

صفت است و عرفان آن کہ او از امکان
و حدوث و جملہ نقایص منزہ است
این معرفت حقیقت است گو این معرفت
تمام نہ باشد لیکن از نفی عرفان
کلیہ مبرا است و نقص آن عرفان بہ نظر
این غیریت اعتباریہ است پس حاصل
معنی حدیث آن کہ ہر کہ از غیریت نفس
خویش غافل و بہ علم عینیت نفس با واجب
عاقل آمد خود را چہ شناخت خدا را شناخت
و علامتش آن کہ خیال من و تو و فکر
ہر چیز برود و از این جنسیت لازم نیاید
کہ معنی جنسی این جا صادق نمی آیند
آرے جنس بمعنی ذات البتہ می تواند بود
و آن منافی نیست و تنزہ حق از جنسیت
بمعنی مشہور جنسیت است و نہ بودن عین
ما غیر مسلم لیکن در غیرے کہ من وجہٍ غیر
و من وجہٍ عین باشد مسلّم باشد اگر
از راستی گوئیم این ہمہ خیالات
اعتباری دور دارندہ از مبدء اند این

صفت ہوئی اور اس کا عرفان کہ وہ امکان و
حدوث و دیگر نقایص سے منزہ ہے یہ معرفت
حقیقت ہے گو پوری معرفت نہو مگر نفی عرفان
کلیہ سے مبرا ہے جس کا نقص اس غیریت
اعتباریہ کی وجہ سے ہے تو خلاصہ معنی
حدیث یہ ہین کہ جو کوئی اپنی غیریت نفس
سے غافل اور بوجہ علم عینیت نفس با واجب
تعالے عاقل ہو تو اوس نے اپنے کو کیا پہچانا
خدا کو پہچانا اور اس شناخت کی علامت یہ ہے
کہ من و تو کا خیال اور ہر چیز کی فکر جاتی رہے
اور اس سے جنسیت لازم نہین آتی کیونکہ
وہ معنے یہان صادق نہین آتے ہان جنس
بمعنی ذات البتہ ہو سکتے ہین اور یہ منافی
نہین اور حق کا جنسیت سے منزہ ہونا بمعنی
مشہور جنسیت ہے اور ہمارا عین نہ ہونا
یہ غیر مسلم ہے لیکن اوس غیر مین جو ایک
طرح سے غیر اور ایک طرح سے عین ہو
مسلم ہے سچ تو یہ ہے کہ یہ سب خیالات
اعتباری مبدأ سے دور رکھنے والے ہین

قول آنحضرت بعد وصول به مرتبهٔ
بقا باللہ است چون سالک از فنا
فے اللہ باز آید خود را عین وجود متصف
به جمیع صفات بیند و مردن و
زائیدن از مرتبهٔ دیگر است زیاده
طوالت کلام است والسّلام

سپاس ایزدی که این سوالات را
جوابات چنانکه به فهم آمد نبشته شدند
اکنون چند سوالات که سابقاً موفق
به جواب نگاری آنها شده ام مناسب
می دانم که این جا ثبت نمایم

سوال۱ چیست فرق میان واجب و
ممکن و ممتنع و تعریفات آنها۔

جواب هر موجودے که هست یا وجود
او متعلق به غیر است که اگر عدم آن فرض
کنند عدم آن وجود لازم آید مثلاً خانه
که از فرض عدم یکے از علل اربعهٔ او
عدم خانه لازم می آید و این را ممکن
خوانند و یا وجود او متعلق نیست به غیرے

آنحضرت صلعم کا یہ ارشاد بعد وصول
مرتبۂ بقا باللہ ہے جب سالک مرتبۂ فنا
فے اللہ سے واپس ہوتا ہے تو وہ خود کو عین
وجود تمام صفات سے موصوف پاتا ہے۔ اور
مرنا و جینا دوسرے مرتبے سے ہے زیادہ طوالت
کلام ہے والسلام

خدا کا شکر ہے کہ ان سوالات کے جوابات
جیسے سمجھ مین آئے لکھے گئے۔ اب اور چند
سوال جن کے جواب لکھنے کی مجھکو پہلے
توفیق ہوئی تھی اون کا بیان لکھدینا
مناسب سمجھتا ہون

سوال۱ واجب اور ممکن اور ممتنع مین کیا
فرق ہے اور ان کی کیا تعریفین ہین۔

جواب ہر موجود کا وجود یا غیر سے
متعلق ہے کہ جس کے عدم فرض کرنے سے
اوس کا عدم لازم آتا ہے مثلاً گھر کہ اگر اوسکے
علل اربعہ مین سے کسی کا عدم فرض کرین تو
گھر کا عدم لازم آتا ہے اور اسے ممکن کہتے
ہین یا اوس کا وجود کسی غیر سے متعلق نہین ہے

که از فرض عدم آن عدم او لازم آید
مثلاً آفتاب و روشنی آن که اگر عدم
آن فرض کنند عدم آفتاب لازم نه شود
و مصطلح میان حکما آنست که واجب
آن است که وجود او ضروری است و
ممتنع آن که عدم او ضروری بود و ممکن
آن که نه عدم او ضروری بود و نه وجود او
اکنون گویم هر ممکن را که با غیرے تعلق
است سه اعتبار است یکے آن که اگر
وجود آن غیر را اعتبار کنند که او علت
وجود اوست حکما آن را واجب الوجود
خوانند از بہر آن که بوجود علت وجود معلول
بعضهم بانهما كانا من اهل الفترة ولا عذاب
عليهم مع اختلاف في المسئلة انتهى اقول
غلو علي القاري في هذه المسئلة شطط فانه
مع ان ذلك اهانة صريحة لرسول الله
وسوء ادب في جنابه لما رجح الحافظ السيوطي
اقوال القائلين باسلامهما بالدلائل فمع ما
ذكره من الخلاف لم يبق لدعويه الاجماع محل
واما قوله بالكتاب والسنة فحاله ان منهما
ما هو ضعيف لا يقوم به الحجة ومنهما ما هو
ماول ومحمول على خلاف ظاهره ومنهما ما هو
منسوخ فما بقي فيها احتجاج كما حققت بعضه
ههنا ودريت بتحقيقها في رسائل السيوطي
ومن طالبها فليراجع اليها قوله بالقياس
فلا ادري ما المراد منه غير ان بعض ما ورد
في بعض اهل الفترة وقد تحقق في موضعه
ان اهل الفترة مختلف فيهم والجمهور على نجاتهم

مطلوب من المکلف ایمان غیبی ہے اللہ تعالی نے فرمایا
ولو ردوا الخ اور یہ حدیث صحیح اس امر کی صریح رد میں ہے
جسکو بعض نے ثابت کیا کہ وہ اہل فترت سے تھے اور
اہل فترت پر عذاب نہیں مع اختلاف مسئلہ انتہی ۔
مین کہتا ہون کہ اس مسئلہ مین علی قاری کا غلو برا ہی کیونکہ
اس مین رسول اللہ صلعم کی صریحی اہانت اور اونکے
حضور مین بے ادبی ہے جب حافظ سیوطی نے اقوال
قائلین اسلام کو بدلائل ترجیح دی تو باوجود ذکر خلاف کے
بہی اون کے دعوے اجماع کے لیے محل باقی نہین رہا
اب علی قاری کا یہ قول کہ بالکتاب والسنۃ
تو اس کا حال یہ ہے کہ اون مین سے بعض ضعیف ہین
جنسے حجت قائم نہین ہو سکتی اور بعض ماول اور خلاف
ظاہر پر محمول اور بعض منسوخ ہین تو اوس سے احتجاج
باقی نہین جن مین سے بعض کی تحقیق مین نے رسائل سیوطی
سے کی جو اوس کا طالب ہو وہ اوس مین دیکھے ۔
اب علی قاری کا یہ کہنا کہ بالقیاس تو مین یہ نہین
جانتا کہ اس سے کیا مراد ہے بجز اس کے کہ بعض
اہل فترت کے نسبت وارد ہوئین اور یہ بات مقرر
ہو چکی کہ اہل فترت کی بارہ مین بہی اختلاف ہے جمہور اونکی نجات ہین

وبعضهم على انهم يمتحنون في الاخرة مع ان
هذين الوالدين تقرر وتحرر انهما من اهل الفطرة
لا الفترة فبطل القياس وزال الالتباس ومما
اغرب غرابة على القاري في كلام ابن حجر انما
لم يحن له ان ابن الحجر في نظره كرامة النبي صلعم
فاقتضى حسن ظنه بشان ابويه فوجه وجهاً
كاد وجيهاً واما قوله قبل الايمان لا يستحق
الاستغفار فليس له حاصل اذا اهل الفترة
عند الجمهور ناجون وكونهم اهل الفترة لا يمنع
الاستغفار لهم بل هم اليه احوج من غيرهم
كما اشار اليه ابن حجر لقوله في حق امه عليه السلام
ودعوى الجمهور على موت ابويهما على الكفر نقيضاً
كدعاويه السابقة لان هذه المسئلة راجعة
الى مسئلة اهل الفترة قال التفتازاني في التلويح
اذا بلغ في شاهق الجبل ولم تبلغه الدعوة
فمات ولم يسلم كان معذراً عند عامة المشائخ
انتهى وقال ابن حجر والذي عليه اكثر اهل السنة
والجماعة انه لا يجب توحيد ولا غيره الا بعد
ارسال الرسل وفي مكان اخر قال ما عليه

اور بعض اسکے قائل ہین کہ اونکا امتحان آخرت مین ہوگا
علاوہ اسکے ان والدین کی نسبت ثابت ہوچکا اور لکھا
جاچکا کہ وہ اہل فطرت سی ہین نہ فترت سی لہذا قیاس باطل
وشبہ زائل ہوگیا اور نہایت عجیب بات وہ ہی جو علی قاری نے
کلام ابن حجر کے متعلق لکھی شاید وہ یہ نہین جانتے کہ
ابن حجر کی نظر آنحضرت صلعم کی کرامت پر تہی جو شان
ابوین مین حسن ظن کی مقتضی ہوئی تو ایسی توجیہ کی جو تقریباً
وجیہ ہوگئی اور علی قاری کا یہ قول کہ ایمان کے قبل
استغفار کا استحقاق نہین فضول ہے اس لیے کہ
جمہور کے نزدیک اہل فترت ناجی ہین اور یہ اون کے
حق مین استغفار کو مانع نہین بلکہ وہ دوسرون کی نسبت
استغفار کے زیادہ محتاج ہین جسکی طرف ابن حجر نے اپنے
قول سے آنحضرت صلعم کی والدہ کے حق مین اشارہ کیا کہ جمہور کا
دعوے موت ابوین بحالت کفر پچھلے دعوون کی طرح ہی
کیونکہ یہ مسئلہ اہل فترت کے مسئلہ کی طرف راجع ہی تفتازانی نے
تلویح مین کہا کہ اگر کوئی پہاڑ کی چوٹی پر پہونچکر مر گیا اور اوسے
دعوت نہ پہونچی اور نہ اسلام لایا تو عام مشائخ کی نزدیک وہ معذور ہے
انتہی اور ابن حجر نے کہا کہ اکثر اہل سنت وجماعت کے نزدیک توحید
یا ورا توحید جبتک رسول نہ بہیجی جائین واجب نہین دوسری جگہ کہا

الاشاعرة من اهل الكلام والاصول والشافعية من الفقهاء ان اهل الفترة لا يعذبون انتهى وكذا في المواهب قال الشعراني في اليواقيت والجواهر اعلم يا اخي ان المراد باهل السنة والجماعة في عرف الناس اليوم هو الشيخ الاشعري ومن سبقه بالزمان كالشيخ ابي المنصور الماتريدي وقد كان الماتريدي اماما عظيما في السنة كالشيخ الاشعري ولكن لما غلب اصحاب الاشعري على اصحاب الماتريدي كان الماتريدي اقل شهرة فان اتباع الماتريدي ماوراء نهر سيحون واما اتباع الاشعري فهم منتشرون في اكثر بلاد الاسلام كخراسان والعراق والشام ومصر وغيرها من البلاد ولذلك صار الناس يقولون فلان عقيدة اشعرية وليس مرادهم نفي صحة عقيدة غير الاشعري مطلقا كما اشار ذلك في شرح المقاصد انتهى قال اليافعي في ذكر مناقب الاشعري فلما كثرت تواليفه ونصر مذهب اهل السنة وبسطت تعلقت بها اهل السنة من المالكية والشافعية واكثر الحنفية

کہ اشاعرہ اہل کلام و اصول و فقہاے شافعیہ کے نزدیک اہلِ فترت پر عذاب نہین ہوگا انتہے کما فی المواہب۔ امام شعرانی یواقیت والجواہر مین لکھتے ہین کہ آجکل عام طور پر اہل سنت وجماعت سے شیخ اشعری مراد ہین اور وہ جو اون سے پہلے ہین جیسے شیخ ابی منصور ماتریدی اور یہ شیخ اشعری کی طرح اہلِ سنت کے بڑے امام تھے لیکن جب اصحابِ اشعری اصحابِ ماتریدی سے بڑھ گئے تو ماتریدی کی شہرت کم ہوگئی کیونکہ تابعین ماتریدی ماوراے نہر سیحون ہین اور تابعین اشعری اکثر بلادِ اسلام خراسان و عراق و شام و مصر مین پھیلے ہوے ہین اسی لیے لوگ کہنے لگے کہ فلان اشعری عقیدہ کا ہے جس سے اون کا مطلب غیر اشعری کے عقیدہ کی نفی صحت مطلقاً نہین جیسا کہ شرح مقاصد مین ہے انتہے۔ امام یافعی نے ذکر مناقب اشعری مین لکھا ہے کہ جب اون کی تالیفات بہت ہوئین اور مذہب اہل سنت مدد پاکر پھیلا تو اون تالیفات سے بیشتر مالکیہ و شافعیہ و اکثر حنفیہ وابستہ ہوے اب اہل سنت

فاهل السنة بالمغرب والمشرق بلسانه یتکلمون وبحجته یحتجون انتهی وکذا البیهقی فی اثناء الکلام فی الثناء علی الاشعری قال وکثرت الاصحاب من الحنفیة والمالکیة والشافعیة الی آخرہ فهذہ العبارات تنادی باعلاء النداء ان اکثر اهل السنة هم الاشاعرة من المالکیة والشافعیة واکثر الحنفیة ولم یخرج الا قلیل من الحنفیة وهم اهل ماوراء النهر فاذا کان نجات اهل الفترة مذهب الاشاعرة وهم من ذکر قبل فلا یصح

قوله ثم الجمهور علی خلاف ذلک فلیس الا عدم التامل فی ما هنالک بل قال الشیخ ابن الهمام فی عقیدة السائرة ما حاصله ان الحنفیة ایضاً اختلفوا فی من یبلغه الدعوة ومات ولم یومن فعند ابی المنصور الماتریدی واکثر المشائخ انه یخلدون فی النار کمذهب المعتزلة وعند ائمة البخاری من الحنفیة انه لیس من اهل النار کمذهب الاشاعرة انتهی ولاشک انهم اقل والحنفیة منتشرون فی اکثر بلاد الاسلام وحینئذ یتعین ان یقال

مغرب و مشرق مین انہین کے کلام و دلیل کو پیش کرتے ہین انتہیٰ اسی طرح بیہقی نے اثنائے کلام اشعری کی تعریف مین کہا کہ اور بہت ہوگئے اصحاب حنفیہ و مالکیہ و شافعیہ مین سے الی آخرہ تو یہ عبارتین بلند آواز سے پکارتی ہین کہ بیشتر اہل سنت اشاعرہ مالکیہ و شافعیہ و اکثر حنفیہ ہین اور خارج کمتر حنفیہ ہین جو اہل ماوراء النہر ہین تو جب مذہب اشاعرہ نجات اہل فترت ہوا اور اشاعرہ وہ ہین جنکا ذکر ہوچکا تو علی قاری کا یہ قول صحیح نہین ہے

کہ ثم الجمہور الخ لہذا یہ قول محض سرسری ہے بلکہ شیخ ابن ہمام نے عقیدہ سائرہ مین کہا جسکا خلاصہ یہ ہے کہ حنفیہ نے بہی اون لوگون کے متعلق جو قبل تبلیغ دعوت بلا ایمان مرجائین اختلاف کیا ہے ابی منصور ماتریدی اور اکثر مشائخ کے نزدیک تو وہ دوزخی ہین مثل مذہب معتزلہ کے اور ائمہ بخاری حنفیہ کے نزدیک مثل مذہب اشاعرہ کے وہ دوزخی نہین ہین انتہیٰ اور بیشک وہ کم ہین اور حنفیہ اکثر اسلامی شہرون مین پہیلے ہوئے ہین اور اس وقت یہ کہنا ٹہیک ہوگا کہ

القول بأن اهل الفترة ناجون هو مذهب
جمهور الحنفية فضلاً عن من سواهم من سائر
المذاهب واما قول علی القاری ومنعو اجواز
ايضاً بان ايمان الياس غير مقبول اجماعاً فاجاب
ابن حجر بان كون الايمان لا ينفع بعد الموت
محله فی غير الخصوصية والكرامة انتهى واما
ما قال هذا الحديث صريح فی رد ما تثبت به
بعضهم فينبغی ان اقول لا رد فيه لذلك التثبيت
فانه ليس فيه الا عدم الاذن فی الاستغفار
وهذا لا يقتضی عدم كونهما من اهل الفترة
لانه يمكن ان الاستغفار كان لامر خاص انتهى

خاتمه - فی عنوان البصائر شرح اشباه
والنظائر اعلم ان السلف اختلفوا فی ابوی
الرسول صلعم هل ماتا علی الكفر ام لا فذهب
الی الاول جمع منهم صاحب التيسير وذهب
الی الثانی جماعة منهم متمسكين باحاديث دالة علی
طهارة لنسبه الشريف من دنس الشرك وشين
الكفر ونفر من الجمع الاول قالوا بنجاتهما من
النار منهم الامام القرطبی فانه قال ان الله

اہلِ فترت کا ناجی ہونا جمہور حنفیہ کا مذہب ہی باقی
مذاہب چھوڑ کر - اب علی قاری کا یہ قول کہ اس کے
جواز کو بھی منع کیا ہے اسلیے کہ ایمان یأس اجماعاً
مقبول نہیں ابن حجر نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ
ایمان بعد موت کے نافع نہ ہونے کا محل خصوصیت
وکرامت کے ماسوا ہے انتہے - اور یہ جو علی قاری نے
کہا کہ یہ صریح حدیث اوس چیز کے رد میں ہے جو
بعض لوگ ثابت کرتے ہیں تو مین کہہ سکتا ہون کہ
اس ثبوت کی رد اسمین نہیں ہے کیونکہ اوسمین بجز
عدم اجازتِ استغفار کے اور کچھ نہیں جو اونکی اہلِ فترت سے
نہ ہونے کا مقتضی نہیں کیونکہ ممکن ہی کہ امر خاص کے لیے استغفار ہو انتہے

خاتمہ - عنوان البصائر شرح اشباہ والنظائر
مین ہے کہ سلف نے والدین آنحضرت صلعم کے متعلق
اختلاف کیا ہی کہ کیا وہ کفر پر مرے یا نہیں بہت لوگ تو
امر اول کیطرف گئے ہین اونہین مین صاحب تیسیر ہین اور بہت سے
امر ثانی کی طرف اور وہ اون احادیث سے متمسک ہین جو نسب
شریف کی کثافت شرک وکفر سے طاہر ہونے پر دلالت کرتی ہین
اور جماعت اول سے چند لوگ جو اونکی دوزخ سے نجات پانیکے
قائل ہین اونہین مین امام قرطبی ہین جو کہتے ہین کہ خدا نے

احیاهما له علیه السلام وآمنا به فان قلت
الیس الحدیث الذی ورد فی احیائهما موضوعاً
قلت زعمه بعض الناس الا ان الصواب انه
ضعیف لا موضوع ولقد احسن الحافظ ناصر الدین
الدمشقی حیث قال ؎

حبا الله النبی مزید فضل	علی فضل وکان به رؤفا
فاحیی امه وکذا اباه	لایمان به فضلاً لطیفا
فسلم فالقدیم بذا قدیر	وان کان الحدیث به ضعیفا

نص علی کون الحدیث ضعیفاً لا موضوعاً۔
فائدة مهمة۔ قال الخفاجی فی نسیم
الریاض شرح شفاء قاضی عیاض قال النووی فی
الاذکار ذکر الفقهاء والمحدثون انه یجوز ویستحب
العمل فی الفضائل والترغیب والترهیب بالحدیث
الضعیف ما لم یکن موضوعاً واما الاحکام کالحلال
والحرام والمعاملات فلا یعمل الا بالحدیث الصحیح
او الحسن الا ان یکون فی احتیاط فی شیء من ذلک
کما اذا ورد حدیث ضعیف بکراهة بعض البیوع
او الانکحة فان المستحب ان یتنزه عن ذلک ولکن لا یجب
وقال محمد بن علان البکری فی شرح الاذکار قال الزرکشی

اونکو آنحضرت صلعم کے لیے زندہ کر دیا اور وہ آپ پر ایمان
لائے۔ اگر تم یہ کہو کہ حدیث احیا۔ کیا موضوع نہین ہے
تو مین کہونگا کہ اگرچہ بعض نے اوسکو موضوع جانا ہی
مگر حقیقتاً وہ ضعیف ہے موضوع نہین حافظ ناصر الدین
دمشقی نے خوب کہا کہ ؎ اللہ نے نبی کی زیادہ بزرگی
ثابت کی اور وہ اونپر بہت مہربان تہا تو اون کی مان
اسی طرح باپ کو فضل لطیف سے اونپر ایمان لانیکیلیے زندہ کیا
لہذا مان لے کیونکہ قدیم اسپر قادر ہے اگرچہ اسکے متعلق حدیث ضعیف ہو
یہ اسکی دلیل ہے کہ حدیث ضعیف ہے نہ موضوع۔
فائدہ مہمہ۔ خفاجی نے نسیم الریاض شرح شفاء قاضی
عیاض مین کہا کہ اذکار امام نووی مین ہے کہ فقہا و محدثین
کے نزدیک فضائل و ترغیب و ترہیب مین عمل بحدیث ضعیف
اگر وہ موضوع نہ ہو تو جائز و مستحب ہے لیکن احکام حلال
وحرام و معاملات مین بجز حدیث صحیح یا حسن کے عمل
جائز نہین مگر جب کسی چیز سے احتیاط کے متعلق ہو
چنانچہ جب حدیث ضعیف بعض بیعون یا نکاح کے
مکروہ ہونے کے متعلق وارد ہو تو اوس سے
احتراز مستحب ہے واجب نہین اور محمد بن
علان بکری نے شرح اذکار مین کہا کہ زرکشی نے کہا

نقل المصنف في الجزء الذي جمعه في اباحة القيام
الاتفاق فقال اجمع اهل الحديث وغيرهم
على العمل في الفضائل ونحوها مما ليس فيه حكم
ولا شيء من العقائد وصفات الله تعالى بالحديث
الضعيف في فضائل الاعمال انتهى وذكر في شرح
المهذب انه يعمل بالضعيف اذا روي من طرق
مفرداتها ضعيفة فانها تقوي بعضها بعضا او
يصير حسنا ويحتج به ويجوز العمل بالضعيف مع
شاهد القوي دون الموضوع مع الشاهد
لان للضعيف اصل في السنة وهو غير مقطوع
بكذبه ولا اصل للموضوع فشاهده كالبناء
على الماء انتهى والضعيف هو ما لم يجتمع فيه
شروط الصحيح والحسن وتتفاوت درجاته في
الضعيف بحسب بعده من شروط الصحيح والحسن
ويجوز عند العلماء التساهل في اسانيد الضعيف
وروايته والعمل به دون الموضوع من غير
ضعفه في المواعظ والقصص وفضائل الاعمال
وسائر فنون الترغيب والترهيب لا في صفات
الله تعالى واحكام الحلال والحرام وسائر الا

کہ مصنف نے اوس جزو مین جسکو اونے اباحت قیام
اتفاق مین جمع کیا نقل کیا ہے کہ اہل حدیث اس امر پر
متفق ہین کہ فضائل وغیرہ مین حدیث ضعیف پر عمل و درست
درست ہے کہ جب وہ متعلق باحکام وعقائد وصفات الٰہی نہون
انتہے اور شرح مہذب مین ہے کہ حدیث ضعیف پر اوس وقت
عمل کیا جائیگا جب وہ کئی طریقون سے مروی ہو اور اوسکے
مفردات ضعیف ہون کیونکہ وہ بعض بعض کو قوی کر دیتی ہین
تو حدیث حسن ہو جاتی ہے اور اوس سے حجت لائی جا سکتی ہے
اور حدیث ضعیف پر عمل جائز ہے با شاہد قوی کے ہونے نہ کہ حدیث
موضوع پر باوجود شاہد کیونکہ احادیث مین ضعیف کی تو ایک
اصلیت ہے اور کذب شاہد ہے اسکی اصلیت نہین جا سکتی
اور حدیث موضوع کی اصلیت ہی نہین اوسکا شاہد مانند
نقش بر آب ہے انتہے۔ اور ضعیف وہ ہے جسمین شرط صحیح وحسن جمع
نہ ہون جسقدر درجات اوسکے ضعف مین مختلف ہونگے اوسی قدر
شروط صحیح سے اوسکا بعد ہوگا اور علما کے نزدیک اسانید حدیث ضعیف
اور اوسکی روایت وعمل مین تساہل جائز ہے نہ کہ موضوع مین
بلا اوسکے ضعف کے نصیحتون اور قصون اور فضائل اعمال
و باقی فنون ترغیب وترہیب مین نہ اللہ تعالی کے
صفات وحلال وحرام کے احکام وباقی مسائل متعلقہ

تعلق بالعقائد والاحکام انتہی وفی منہج الوصول
الی الاحادیث الرسول فی الخلاصۃ وغیرھا
ان عند العلماء والمحدثین التساھل فی اسانید
الضعیف جائز لا فی الموضوع بدون بیان ضعفہ
فی المواعیظ والقصص وفضائل الاعمال لا فی
صفات ذی الجلال واحکام الحرام والحلال
انتہی قلت ھذہ لزیادۃ الاھتمام بشان الصفات
والاحکام قال ابن الصلاح وممن یرخص فی
روایۃ الضعیف فیما ذکرناہ یعنی الترغیب
والترھیب انتہی وقال علی بن مبارک شاہ
والذی اظنہ صوابا ان الاحکام الخمسۃ لا یثبت
شئ منہا الا بالحدیث الصحیح او الحسن ویجوز
روایۃ الضعیف فی فضل ما ثبت منہما صرح
بذلک ابن الصلاح وایضا نقل ابن الصلاح
عن حافظ ابن مندہ عن محمد ابن سعد ان
العمل بحدیث الموضوع غیر جائز وبحدیث
الضعیف فی الاحکام ایضا جائز ان کان للاحتیاط
فی شئ وقال من مذھب النسائی تخریج الحدیث
عن الذی ترکہ لیس بمجمع علیہ وفی الخلاصۃ

عقائد واحکام مین انتہی اور منہج الوصول الی احادیث
الرسول مین ہے کہ خلاصہ وغیرہ مین ہے کہ علماء ومحدثین
کے نزدیک حدیث ضعیف سے سند لینے مین تساہل جائز ہے
نہ موضوع مین بلا اوسکے بیان ضعف کے مواعیظ وقصص
وفضائل اعمال مین نہ کہ صفات حق اور حرام وحلال کے
احکام مین انتہی۔ میرے نزدیک یہ اسلیے ہو کہ شان صفات
واحکام کے لیے زیادہ اہتمام درکار ہے ابن صلاح نے لکھا
کہ اور جنمین روایت ضعیف کی اجازت دیجاتی وہ ترغیب
وترہیب ہے انتہی۔ اور علی بن مبارک شاہ نے کہا کہ میرے
نزدیک صواب یہ ہے کہ احکام پنجگانہ مین کوئی چیز بجز
حدیث حسن یا صحیح کے ثابت نہین ہوسکتی اور روایت
ضعیف اون فضائل مین جو اون سے ثابت ہین
جائز ہے اسکی تصریح ابن صلاح نے کی نیز ابن
صلاح نے حافظ ابن مندہ سے اونہون نے
محمد بن سعد سے نقل کیا کہ عمل بحدیث موضوع
جائز نہین اور بحدیث ضعیف احکام مین جائز ہے
اگر کسی چیز مین احتیاط کے لیے ہو اور کہا کہ
تخریج حدیث اوس چیز سے جس کا ترک متفق
علیہ نہین مذہب نسائی ہے اور خلاصہ

والبوداؤد ایضاً اخذ بماخذ النسائی ویخرج الضعیف
لما لم یجد فی ذلک الباب غیر ذلک الحدیث
لان الضعیف عندہ اقوی من رای الرجال
وفی تدریب الراوی یعمل بالضعیف فی الاحکام
اذاکان فیہ احتیاط واللہ اعلم وقال الحافظ
ابن سید الناس فی السیرۃ روی ان عبد اللہ
ابن عبد المطلب وآمنۃ بنت وھب ابوی
النبی صلعم اسلما وان اللہ احیاھما لہ فآمنا بہ
وروی ذلک ایضاً فی حق جدہ عبد المطلب
ثم قال وھو مخالف لما اخرجہ احمد عن ابی
رزین العقیلی قال قلت یارسول اللہ این
امی فقال امک فی النار قلت فاین من مضی
من اھلک قال اما ترضی ان تکون امک
مع امی قلت ھذا ایضاً غیر مضر لنا لما یرجی بہ
لفظ ترضی وعلی العاقل لایخفی ثم قال فی السیرۃ
وذکر بعض اھل العلم فی الجمع ما حاصلہ ان من
الجائز ان تکون ھذہ الدرجۃ حصلت لہ
علیہ السلام بعد ان لم تکن وان یکون الاحیاء
والایمان متاخراً عن ذلک فلا معارضۃ

وابوداود مین بھی ماخذ نسائی سے اخذ کیاہے اور
تخریج حدیث ضعیف کی جائیگی جبکہ اوس باب مین
بجز اوس کے کوئی اور حدیث نہ ہو اسلیے کہ ضعیف
اونکے نزدیک آدمیون کی رائے سے بہتر ہے اور
تدریب الراوی مین ہے کہ احکام مین حدیث ضعیف پر
عمل کیا جائیگا جب اوسمین احتیاط ہو واللہ اعلم۔
حافظ ابن سید الناس نے سیرت مین کہا کہ عبد اللہ بن
عبد المطلب و آمنہ بنت وہب آنحضرت صلعم کے والدین اسلام
لائے اور اللہ نے اونکو آپکیلیے زندہ کیا اور وہ ایمان لائے اور
ایسا ہی آپکے دادا عبد المطلب کے حق مین بھی مروی ہے پھر کہا
کہ وہ اوس حدیث کے مخالف ہے جسکو احمد نے ابی رزین
عقیلی سے روایت کیا کہ مین نے کہا کہ یارسول اللہ میری ماں
کہاں ہے فرمایا کہ دوزخ مین مین نے کہا کہ اور آپکے اگلے بزرگ
فرمایا کہ کیا تم اپنی ماں کی میری ماں کے ساتھ ہونے پر راضی نہیں
مین کہتا ہون کہ یہ بھی ہمارے مضر نہیں جیسا لفظ ترضی
سے امید کیجاتی ہے جو عقلمند پر مخفی نہیں پھر سیرۃ مین کہا کہ
بعض اہل علم نے جمع مین ذکر کیا جسکا خلاصہ یہ ہے کہ ظاہرا
یہ درجہ بعد کو آنحضرت صلعم کو حاصل ہوا ہو پہلے نہ ہو
اور احیاء و ایمان اس سے متاخر ہو تو کوئی معارضہ نہیں

انتہی ملخصاً وسئل القاضی ابوبکر ابن العربی
احد الائمة المالکیة عن رجل قال ان ابا
النبی صلعم فی النار فاجاب بانہ ملعون لان اللہ
تعالیٰ یقول ان الذین یوذون اللہ ورسولہ
لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرة قال ولا اذی اعظم
من ان یقال عن ابیہ انہ فی النار قال السہیلی
فی روض الانف ولیس لنا ان نقول ذلک فی
ابویہ صلعم لقولہ لا توذوا الاحیاء بسبب الاموات
واللہ تعالیٰ یقول ان الذین یوذون اہ وقد امرنا
ان نمسک اللسان اذا ذکر اصحابہ بشئ یرجع
ذلک الی العیب وا لنقص فیہم فالاولی ان نمسک
ونکف عن ابویہ واذا تقرر ہذا فحق المسلم ان
یمسک لسانہ عما یخل لشرف نسبہ بوجہ من
الوجوہ ولا خفاء فی ان اثبات الشرک فی ابویہ
اخلال ظاہر لشرف نسبہ الطاہر وقال الشیخ
عبد الوہاب الشعرانی المصری فی کتابہ الیواقیت
والجواہر فی عقائد الاکابر اعلم انہ ینبغی لکل
مومن بر اجدادہ وآبائہ المسلمین وعز ابائہ
من اکابر الاولیاء من آدم الی ابیہ الاقرب انتہی

انتہی ملخصاً - قاضی ابوبکر ابن العربی سے جو ائمہ مالکیہ مین
تہے ایک مرد کی نسبت سوال کیا گیا جو یہ کہتا تہا کہ والدین
نبی صلعم دوزخ مین ہین تو جواب دیا کہ وہ ملعون ہی کیونکہ اللہ تعالیٰ
فرماتا ہی کہ جو لوگ اللہ اور اوسکے رسول کو ایذا دیتے ہین اونپر
اللہ نے دنیا و آخرت مین لعنت کی اور اس سے بڑہکر کوئی
اذیت نہین ہو سکتی کہ اونکے والد کو دوزخی کہا جاے امام سہیلی نے
روض الانف مین کہا کہ آنحضرت صلعم کے والدین کے متعلق
ہمکو یہ کہنا جائز نہین کیونکہ آپنے فرمایا ہی کہ زندونکو بسبب مردون کے
اذیت نہ دو اللہ تعالیٰ فرماتا ہی کہ جو لوگ اللہ اور اوسکے رسول کو
اذیت دیتے ہین الخ بلکہ جب آپکی صحابہ کا ذکر اسطرح کیا جاے جس سے
عیب و نقص لازم آتا ہو تو ہمکو اپنی زبان روکنے کا حکم دیا گیا ہی لہذا
بہتر یہ ہی کہ ہم آنحضرت صلعم کے والدین کے متعلق بہی اپنی زبان بند
رکہین لہذا ہر مسلمان کو اپنی زبان ایسی باتون سے جس سے آپکے شرف
نسب مین کسی طرح کا بہی خلل پڑے روکنا چاہیے اور اسمین شک نہین
آنحضرت صلعم کے والدین کا شرک ثابت کرنا آپکے شرف نسب مین
خلل اندازی ہی شیخ عبد الوہاب شعرانی مصری نے اپنی کتاب
یواقیت والجواہر فی عقائد الاکابر مین لکہا کہ ہر مسلمان کو
آنحضرت صلعم کے اجداد و آبا مسلمین و اکابر اولیا
حضرت آدمؑ سے آپکے والد تک کی عزت ملحوظ رکہنا چاہیے انتہی

واما وجوب الکف عن الخوض فی حکم ابوی النبی صلعم
فی الآخرة فللشیخ جلال الدین السیوطی فی هذه
المسئلة ست مولفات وقد طالعتها کلها وانتهائها
ترجع الی ان الادب مع رسول اللہ صلعم واجب
وان من اذاه فقد اذی اللہ تعالی وقال اللہ
تعالی ان الذین یؤذون اللہ ورسوله لعنهم اللہ
فی الدنیا والآخرة ولهم عذاب عظیم وفی القرآن
العظیم وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا ومن
طالع فیما نقله اهل السیر من کلام عبد المطلب
لما اراد نحر عبد اللہ فی قصة حفره بیر زمزم شهد له
بالتوحید وصاحب التوحید سعید بای وجه کان
توحیده قال الجلال السیوطی وقد ورد فی الحدیث
ان اللہ احیا ابویه صلعم حتی امنا به وعلی ذلك
جماعة من الحفاظ منهم الخطیب البغدادی وابو القاسم
ابن عساکر وابو حفص ابن شاهین السهیلی و
القرطبی ومحب الطبری وابن المنیر وابن سید الناس
والصفدی وابن ناصر الدین الدمشقی وغیرهم
رضی اللہ عنهم اجمعین قال المحب الطبری واللہ
تعالی قادر علی ان یحیی ابویه صلعم حتی یؤمنا به

اور آنحضرت صلعم کے والدین کے متعلق جو کچھ آخرت مین ہوگا
اوسمین غور وفکر نہ کرنیکی بابت شیخ جلال الدین سیوطی کی چہہ مؤلفات
ہین مین نے سب کا مطالعہ کیا ہی جسکا نتیجہ یہ نکلتا ہی کہ آنحضرت
صلعم کے ساتھ ادب واجب ہی اور جس نے آنحضرت کو اذیت
دی اوس نے اللہ کو اذیت دی اللہ تعالی فرماتا ہی کہ جو لوگ
اللہ اور اوسکے رسول کو ایذا دیتے ہین اللہ اونپر دنیا وآخرت مین لعنت کرتا ہی
اور اونکے لیے بڑا عذاب ہی - اور قرآن عظیم مین یہ ہے کہ ہم اون
لوگون پر عذاب نہین کرتے جبتک رسول نہین بہیج لیتے
اور جس نے اہل سیر کا وہ کلام جو اونہون نے عبد المطلب سے
در بارہ ارادہ ذبح عبد اللہ اور چاہ زمزم کہودنے کی نقل کیا ہے
دیکہا ہے اونکی بابت وہ توحید کی شہادت دیگا اور
صاحب توحید ہر حال مین سعید ہی جلال الدین سیوطی نے
کہا کہ حدیث مین ہی کہ اللہ نے آپکے والدین کو زندہ کیا
اور وہ آپ پر ایمان لائے اور اسی پر ایک جماعت حفاظ ہے
جنمین خطیب بغدادی وابو القاسم ابن عساکر وابو حفص ابن
شاہین سہیلی وقرطبی ومحب الدین طبری وابن منیر وابن
سید الناس وصفدی وابن ناصر الدین دمشقی وغیرہم ہین
محب طبری نے کہا کہ اللہ تعالی اسپر قادر ہے کہ اوسنے
والدین آنحضرت صلعم کو زندہ کردیا ہو اور وہ با ایمان مری ہون

ثم یموتا ویکون ذلک مما اکرم اللہ تعالی بہ سید
الاولین والآخرین وقال القرطبی لیس احیاءہما
وایمانہما بہ صلعم بممتنع لا عقلا ولا شرعا فقد ورد
فی القرآن احیاء قتیل بنی اسرائیل حتی اخبر
بقاتلہ انتہی وکان ابوبکر ابن العربی المالکی الفقیہ
المحدث یقول ما عندی احد اشد اذی لرسول
اللہ صلعم فمن یقول ان ابوی رسول اللہ صلعم
فی النار وفی حدیث مسلم لا تؤذوا الاحیاء بسبب
الاموات فیحرم جزما ان یقال ان ابوی النبی صلعم
فی النار انتہی قال الجلال السیوطی خاتمۃ حفاظ
مصر قد صرح جماعات کثیرۃ بان ابوی النبی صلعم
لم تبلغہما الدعوۃ واللہ یقول وما کنا معذبین
حتی نبعث رسولا وحکم من لم تبلغہ الدعوۃ
انہ یموت ناجیا ولا یعذب ویدخل الجنۃ قال
وہو مذہبنا لا خلاف فیہ بین المحققین
من ائمتنا الشافعیۃ فی الفقہ والاشاعرۃ
فی الاصول ونص علی ذلک الامام الشافعی
وتبعہ علی ذلک الاصحاب قال الحافظ السیوطی
ومما توضح لک انہما لم تبلغہما الدعوۃ انہما

اور اسی بات سے اللہ نے آنحضرت صلعم کو بزرگی دی اور قرطبی نے
کہا کہ اونکا زندہ ہو کر آنحضرت صلعم پر ایمان لانا نہ عقلاً ممنوع ہے
نہ شرعاً کیونکہ قرآن میں قتیل بنی اسرائیل کا جسنے اپنے قاتل کو
بتایا زندہ ہونا وارد ہے انتہے - اور فقیہ محدث ابوبکر ابن
عربی مالکی کہا کرتے تھے کہ میرے نزدیک رسول اللہ صلعم کو
اذیت دینے والا اوس سے بڑھکر کوئی نہیں جو یہ کہے کہ
رسول اللہ صلعم کے والدین دوزخ میں ہیں مسلم کی حدیث
میں ہے کہ زندوں کو مُردوں کی وجہ سے اذیت نہ دو
تو یہ کہنا قطعی حرام ہے کہ والدین آنحضرت صلعم دوزخ میں
ہیں انتہے - خاتمہ حفاظ مصر جلال الدین سیوطی نے کہا
کہ جماعات کثیرہ نے اس کی تصریح کی کہ آنحضرت صلعم
کے والدین کو دعوت نہیں پہونچی اور اللہ فرماتا ہے
کہ ہم عذاب نہیں کرتے جب تک رسول نہ بھیج لیں
اور جس کو دعوت نہ پہونچی اوس کا حکم یہ ہے کہ وہ
ناجی غیر معذب وجنتی ہے یہی ہمارا مذہب ہے
اور اس میں درمیان محققین ائمہ فقہاء شافعیہ واشاعرہ
اختلاف نہیں ہے اور اس پر امام شافعی دلیل لائے
اور اونکی متابعت اصحاب نے کی حافظ سیوطی نے کہا
کہ اون کو دعوت نہ پہونچنا اس امر سے بھی واضح ہوتا ہے

ماتا في حداثة سن رسول الله صلعم وصحح العلائي
وغيره ان والد رسول الله صلعم عاش من العمر
ثمان عشرة سنة والدته ماتت في حدود
العشرين ومثل هذا العمر لا يسع التفحص على
المطلوب في التوحيد مع القول بان الله تعالى
لم يحييهما حتى امنا به مع ان ذلك الزمان
الذي كانا فيه كان زمانا قد عم فيه الجهل والفترة
انتهى ونقل ابو جعفر ابن حبيب في تاريخه عن
ابن عباس ان عدنان ومعد وربيعة بن
خزيمة واسد كانوا على ملة ابراهيم فلا تذكروهم
الا بخير وروى الزبير بن بكار مرفوعا لا تسبوا مضر
ولا ربيعة فانهما كانا مسلمين قلت ولهذا الاثر
شاهد عند ابن حبيب عن مرسل سعيد بن
المسيب فافهم واغتنم ثم رايت في رسالة الشيخ
عبد الحليم عبارة تناسب هذا المقام فاستحسنت
ادخالها قال فحق المسلم واللائق بحاله ان تكون
له غيرة في هذا النسب ان تمسك لسانه عما
يخل بشرف نسب نبينا بوجه من الوجوه ويحفظ
لسانه عن شئ يؤدي الى العيب والنقص فيه

کہ وہ رسول اللہ صلعم کی صغر سنی مین مرے اور انکی
تصحیح علائی وغیرہ نے کی کہ رسول اللہ صلعم کے والد کی
اٹھارہ اور والدہ کی بیس برس کی عمر ہوئی اور ایسی عمر
تلاش مطلوب معاملہ توحید کے لیے کافی نہین اس قول کے
کہ اللہ تعالی نے اونکو زندہ نہین کیا اور وہ آپ پر
ایمان نہین لائے باوجود اسکے کہ وہ اوس زمانہ مین تھے
جس مین جہل وفترۃ عام تھی انتہی - اور ابو جعفر ابن
حبیب نے اپنی تاریخ مین ابن عباس سے نقل کیا
کہ عدنان ومعد وربیعہ بن خذیمہ واسد ملت ابراہیم پر
تھے لہذا اونکو بخیر یاد کرنا چاہیے اور زبیر بن بکار نے
مرفوعا روایت کی کہ مضر وربیعہ کو برا نہ کہو کیونکہ
وہ مسلمان تھے مین کہتا ہون کہ ابن حبیب کے
پاس اسی کے شاہد سعید بن المسیب کی بھی ایک
حدیث مرسل ہے پھر مین نے رسالہ شیخ عبد الحلیم مین
ایک عبارت مناسب مقام دیکھی لہذا لکھتا ہون
کہا ہے مسلمان کو اس نسب مین غیرت ہونا
چاہیے اور اپنی زبان ایسی بات سے جس سے
آنحضرت صلعم کے شرف نسب مین کسی طرح کا
خلل ہو یا منجر بنقص وعیب ہو روکنا چاہیے

لان مرتبته ارفع ولا خفاء فی ان اثبات الشرک فی
ابویه اخلال ظاهر لشرف نسبه الطاهر وقال
بعض المحققین انه لا ینبغی ذکر هذه المسئلة مع
مزید الادب ولیست من المسائل التی یضر جهلها
او یسئل عنها فی القبر او فی الموقف فحفظ اللسان
عن التکلم فیها الا بخیر اولی واسلم ولنعم ما افاده
الشیخ الدهلوی فی شرح العربی للمشکوة فی باب
زیارة القبور عند حدیث ابی هریرة قوله فلم یوذن
لی فقیل فیه نزل ما کان للنبی الآیه هذا علی
طریقة المتقدمین واما المتاخرون فقد اثبتوا
اسلام والدیه بل جمیع اٰبائه وامهاته الی اٰدم
ولهم فی الاثبات ثلث طرق اما انهما کانا علی دین ابراهیم
او انهما لم تبلغ لهما الدعوة لکونهما فی زمان الفترة
وماتا قبل زمان نبوته صلعم او انهما احیاهما الله
علی یدیه صلعم فاٰمنا به وحدیث الاحیاء وان کان
فی حد ذاته ضعیفا لکنه صححه بعضهم لبلوغ درجة
الصحة لتعدد طرقه وهذا العلم کانه کان مستورا
عن المتقدمین فکشفه الله علی المتاخرین والله یختص
برحمته من شاء بما شاء من فضله وقد صنف الشیخ

کیونکہ آپکا مرتبہ اعلی ہی اور یہ امر ظاہر ہی کہ آپکے والدین کو مشرک
کہنا آپکے شرف نسب طاہر مین بظاہر خلل ڈالنا ہی اور بعض محققین کے
نزدیک تو اس مسئلہ کا ذکر ہی بسبب مزید ادب بہتر نہین اور
نہ مسئلہ ہی ایسا ہی جسکا جہل مضر ہو یا قبر مین سوال کیا جاے
یا حشر مین باز پرس ہو تو اس مسئلہ مین بجز اچہائی کی کچہہ بولنا ہی
بہتر ہی شیخ دہلوی نے شرح عربی مشکوة باب زیارة القبور مین
حدیث ابی ہریرہ مین کیا خوب افادہ کیا ہے کہ قولہ
فلم یوذن لی کہا گیا کہ اسی مین آیہ ما کان للنبی
اوتری یہ بر طریقہ متقدمین ہے لیکن متاخرین نے والدین
بلکہ کل آباء و امہات آنحضرت صلعم کا آدم تک اسلام
ثابت کیا ہے اور اثبات مین اون کے لیے تین
طریقے ہین یا یہ کہ وہ دونون دین ابراہیمی پر تہے یا اونکو دعوت
نہین پونہچی کیونکہ وہ زمانہ فترت مین تہی اور آنحضرت صلعم کی
زمانہ نبوت سے قبل وفات پاچکے تہے یا اللہ نے اونکو
آنحضرت صلعم کے ہاتہ پر زندہ کیا اور وہ ایمان لاے اور حدیث
احیا اگرچہ ضعیف ہی لیکن بعض نے اوسکو صحیح مانا ہی کیونکہ
وہ بوجہ اپنی تعدد طرق کے درجہ صحت تک پونہچ گئی ہے
اور یہ علم گویا متقدمین سے پوشیدہ تہا جسکو اللہ نے متاخرین
پر کہولا اور اللہ جسکو جب چاہتا ہی اپنے فضل و رحمت سے خاص کرتا ہے

جلال الدین السیوطی فی ھذا الباب رسائل وبینہ
بدلائل کثیرۃ واجاب عن شبھۃ المخالفین ولو نقلناہ
لطال الکلام فلینظر ثمہ وبالغ فیہ حتی انہ لا یکاد
ینقل مذھب المخالف صریحاً کراھۃ ان یجری علی
لسانہ ذلک الا بطریق الحکایۃ جزاہ اللہ خیراً انتھی

وفی حاشیۃ الطحطاوی علی الدر المختار حکی ان بعض
الفضلاء مکث متفکراً اللیلۃ فی ابویہ صلعم واختلاف العلماء
فی حدیث احیاھما وصحۃ ایمانھما بہ فمن مضعف ومن
مصحح وھل یمکن الجمع بین الاقاویل ام لا فاستھوتہ الفکرۃ
حتی مال السراج فلما کانت صبیحۃ تلک اللیلۃ اتاہ رجل
من الجند یسألہ ان یضیفہ فتوجہ الی بیتہ فمر فی
اثناء الطریق علی رجل خضری قد جلس بباب خزانۃ
تحت حانوت بھا موازینہ وباقی الات البیع فقام
ھذا الرجل حتی اخذ بعنان دابۃ الشیخ وقال لہ شعرا

امنت ان ابا النبی وامہ — احیاھما الحی القدیر الباری
حتی لقد شھدا لہ برسالۃ — صدق فتلک کرامۃ المختار
وبہ الحدیث ومن یقول بضعفہ — فھو الضعیف عن الحقیقۃ عاری

ثم قال خذھا ایھا الشیخ ولا تسھر ولا تتعب نفسک
متفکراً حتی عرق السراج ولکن امض الی المحل الذی انت

شیخ جلال الدین سیوطی نے اس باب مین کئی رسالے تصنیف کئے ہین
اور اونمین بہت سے دلائل بیان کرکے مخالفین کے شبہہ کا جواب
دیا ہی جسکی نقل مین طوالت ہی اونمین یہانتک لکھا ہی کہ مذہب
مخالفین بہی بوجہ اس کراہت کے کہ وہ زبان پر حکایۃً جاری
ہو گا صریحاً نقل نہ کرنا چاہیے اللہ اونکو جزای خیر دے طحطاوی کے
حاشیہ در مختار مین ہی کہ بعض فضلا کی حکایت ہی کہ وہ ایک شب
والدین آنحضرت صلعم کے متعلق متفکر تہے کہ علما نے اونکی احیا اور صحت
ایمان کے متعلق اختلاف کیا ہی تو کون مضعف ہی اور کون مصحح
اور جمع بین الاقوال کیسی ہوسکتی ہی اسی فکر مین سو رہے جب صبح
ہوئی تو ایک جندی اونکے پاس آیا اور اونہین مدعو کیا اور
اوسکے گہر چلے راستہ مین ایک خضری شخص پر گذرے جو گیہون کے
ڈہیر پر بیٹہا تہا اور اوسکے پاس آلات بیع واوزان تہے اوسنے
کہڑے ہو کر شیخ کی سواری روک لی اور یہ شعر پڑہے کہ میرا ایمان
ہی کہ آنحضرت صلعم کے والدین کو خدا نے زندہ کیا اور اونہون نے
آنحضرت صلعم کی سچی رسالت کی شہادت دی بس آنحضرت
کی یہ کرامت ہی اور اسکے متعلق حدیث ہی جو اسکو ضعیف کہے
وہ خود ضعیف اور حقیقت سے عاری ہی پہر کہا یا شیخ اس کو
سمجہہ لے اور راتون کو نہ جاگ اور متفکر ہو کر اتنا بیخود ہو
کہ چراغ گل ہو جائے اور جہان جا رہا تہا وہان جا

قاصدہ لتاکل منه لقمة حراما فبهت الشیخ لذلك
وطلب الرجل فلم یجدہ فاستخبر عنه جیرانه انه من
اهل السوق فلم یعرفه منهم احد واخبروا بانه لا عهد
لهم برجل یجلس بهذا المحل اصلا ثم ان الشیخ رجع الی
منزله ولم یمض الی دار الجندی کما سمعه من مقالة هذا الاوستاد انتهی

محاکمه - بالجملة هذہ المسئلة لیست من الاعتقادات
ولا حظ للقلب فیها واما اللسان فحقها الامساك عما یتبادر
منه النقصان خصوصا الی وهم العامة لانهم لا یقدرون
علی دفعه ومدارکه کذا فی الطحطاوی - قلت انی لم ادع
ایضا ان المسئلة اجماعیة بل هی اختلافیة غیر انی اخترت
اقوال القائلین بالنجات لانها انسب بمقام المحبة وذا عین
الایمان والایقان ثبتنی الله المنان والحمد لله القوی فقد
تبین الرشد من الغی والحمد لله رب العالمین وسلام
علی المرسلین - اللهم تقبل هذہ الرسالة من عبد الکئیب

الملوم احقر افراد البشر **علی** المدعو **بالانور** ابن
مولای ذی السلسلة الرفیعة العلیة القلندریة
العلویة ابینا ومولانا شاہ **علی اکبر قلندر** ابن
مولانا شاہ **حیدر علی قلندر** واجعلها
خالصة لوجهك الکریم ومخاصة لاقبال حضرت النبی الرؤف الرحیم

اور لقمہ حرام کھاوہ حیران ہوگئے اور اوسکو بلایا مگر وہ
نہ ملا تو اوسکے پڑوسی نے کہا کہ وہ بازاری ہے مگر اوسکو
کسی نے نہ پہچانا اور سبنے یہی کہا کہ کسی سے اوس سے
یہان بیٹھنے کا قرار نہ تہا پہر شیخ اوسکی گفتگو سنکر اپنے گہر
واپس آئے اور جنیدی کے گہر نہین گئے انتہے -

محاکمہ - بالجملہ یہ مسئلہ اعتقادیات سے نہین ہے اور قلب کو بہی
اسمین کوئی فائدہ ہے زبان کو ایسی باتون سے جس سے نقصان
پیدا ہو خصوصا وہم عام کی طرف روکنا چاہیے کیونکہ عام لوگ
اوسکی دفع پر قادر نہین جیسا کہ طحطاوی مین ہے - مین کہتا ہون
کہ مین بہی یہ دعوی نہین کرتا کہ یہ اجماعی مسئلہ ہے بلکہ اختلافی ہے
سوا اسکو کہ مین نے قائلین نجات کے اقوال اختیار کیے جو مقام محبت کے
زائد مناسب ہے اور محبت عین ایمان و یقین ہے خدا مجکو اوسپر
ثابت رکہے اور خدا کا شکر ہے کہ رہست روی گمراہی سے جدا ہوگئی
اور خدا پروردگار عالم کے لیے حمد اور رسولون کے لیے سلام ہے

الٰہی اس رسالہ کو بندہ غمگین و رنجور احقر افراد البشر **علی انور**
ابن صاحب سلسلہ رفیعہ علیہ قلندریہ علویہ ابی و مولائی شاہ
علی اکبر قلندر ابن مولانا شاہ **حیدر علی قلندر** سے
خاص اپنی ذات کریم اور مخصوص اقبال حضرت نبی
رؤف و رحیم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قبول فرما فقط

سوال[٥١] - آیا یہ عقیدہ صحیح ہے یا غلط کہ نور محمدی نور الٰہی سے پیدا ہے اور کُل چیزیں نور محمدی سے موجود ہوئی ہیں اور لفظ کُل اور نور کی تشریح اور کیفیت پیدایش نور مطلوب ہے - نیز اگر لفظ بحق فلان نبی و ولی کہہ کر دعا مانگی تو جائز ہے کہ نہیں

جواب سوال اول - یہ عقیدہ صحیح ہے علامہ قسطلانی مواہب لدنیہ کے مقصد اول میں تحریر فرماتے ہیں کہ عبدالرزاق نے بسند صحیح متصل جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ اونہوں نے کہا قلت یا رسول اللہ

بابی انت وامی اخبرنی عن اول شئ خلقه الله تعالیٰ قبل الاشیاء قال یا جابر ان الله

خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نوره یعنی میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں مجھے بتائیے کہ سب چیزوں سے پہلے اللہ نے کون چیز پیدا کی آپ نے فرمایا کہ اے جابر سب سے پہلے تیرے نبی کا نور پیدا کیا - اور کُل سب کا پیدا ہونا نور نبوی سے اسکو خود صاحب روضۃ الاحباب مقصد اول کتاب میں یوں لکھتے ہیں کہ پیش از شروع[٥٢] در ابواب این مقصد مقدمہ ذکر کردہ میشود در بیان ابتدای آفرینش و آنکہ اول مخلوق نور نبوت آنحضرت بود و سائر مکنونات ازان نور موجود اند انتہٰی - اور پہر اوسی مقدمہ میں ہے کہ در کیفیت[٥٣] نور محمدی صلعم روایات متنوعہ وارد شدہ وحاصل مجموع آنہا واللہ اعلم باین معنی راجع میشود کہ خداوند تعالیٰ بچندین ہزار سال پیش از آفرینش آسمان وزمین وعرش وکرسی ولوح وقلم وبہشت ودوزخ وملک وجن وانس وسائر مخلوقات نور نبوت آنحضرت را

---

٥١ یہ سوالات بطور استفتا مولوی وکیل احمد سکندر پوری نے بذریعہ مولوی حاجی فرید الدین خان صاحب محدث کاکوروی پر بہی ریاست حیدر آباد دکن سے بہیجے تہے ۱۲ ٥٢ اس مقصد کے ابواب شروع کرنے سے پہلے ایک مقدمہ ذکر کیا جاتا ہی جو ابتداے آفرینش کے بیان میں ہے نیز یہ کہ سب سے پہلے جو چیز پیدا ہوئی وہ نور نبوی صلعم تہا اور باقی سب چیزیں اوس سے پیدا ہوئیں ۱۲ ٥٣ کیفیت نور محمدی صلعم میں مختلف روایتیں آئی ہیں حاصل سب کا یہ ہے کہ خداوند تعالیٰ نے آسمان وزمین وعرش وکرسی ولوح وقلم وبہشت ودوزخ وملک وجن وانس وغیرہ پیدا کرنے سے چند ہزار سال قبل نور نبوی صلعم پیدا کیا اور فضاے عالم قدس میں اوسے ترتیب فرماتا رہا کبہی سجدہ کا حکم دیتا تہا اور کبہی تسبیح وتقدیس میں مشغول رکہتا تہا اور اوسکے ٹہراو کے لیے پردے بنائے اور ہر پردہ میں مدت دراز تک اوسکو رکہا اور وہ نور ایک خاص تسبیح سے اوسکو یاد کرتا تہا پہر جب پردوں سے باہر نکلا تو سانسیں لینا شروع کیں اونکے انفاس سے انبیاء واولیاء وصدیقین وشہدا ومومنین وملائکہ کی روحیں پیدا کیں اور اوسکی کئی قسمیں کیں اور اون سے عرش وکرسی ولوح وقلم وبہشت ودوزخ ومواد واصول وآسمان وزمین وآفتاب وماہتاب وستارے ودریا وہوا وپہاڑ پیدا کیے اور آسمان وزمین کو پہیلایا اور اون میں سے ہر ایک کے سات طبقہ کیے اور ہر طبقہ کو بہت سی مخلوقات کا مسکن مقرر کیا اور رات دن کو ظاہر کیا ۱۲

آفریده و در فضای عالم قدس آن نور را تربیت میفرمود گاہے بسجودش امر میکرد و گاہے بتسبیح و تقدیس مشغول میساخت و بجہت مستقر آن نور حجابہا خلق فرمود و در ہر حجابے مدتے مدید اورا نگاه میداشت و آن نور بتسبیح خاص حضرت حق را یاد میفرمود بعد ازان کہ ازان حجب بیرون آمد نفسہا برآورد و ازان انفاس متبرکہ او ارواح انبیا و اولیا و صدیقان و شہدا و سائر مومنان و ملائک بیافرید و آن را چند قسم ساخت و ازان اقسام عرش و کرسی و لوح و قلم و بہشت و دوزخ و مواد و اصول و آسمان و زمین و آفتاب و ماہتاب و کواکب و بحار و ریاح و جبال موجود گردانید بعد ازان آسمان و زمین را منبسط ساخت و ہر یکے را ازانہا ہفت طبقہ کرد و ہر طبقہ را بجہت مسکن جمعے از مخلوقات مقرر فرمود و روز و شب را پدید آورد - اور جبکہ اصل تمام اشیا - نور محمدی ہے پس حامل جملہ کمالات بھی نور محمدی ہوگا کیونکہ اشیا مین ذات و صفات و کمالات سب داخل ہین ؎ تو اصل وجود آمدی از نخست ✤ دگر ہرچہ موجود شد فرع تست - اور اسی وجہ سے آنحضرت صلعم کو نبی الانبیا و خاتم النبیین کہتے ہین کہ نبوت جملہ انبیا کی نبوت محمد صلعم سے مستفاد ہے اور سلسلہ نبوت آپکی ذات تک پہونچکر ختم ہو گیا شرف الدین بوصیری قصیدہ بردہ مین فرماتے ہین ؎ وکلھم من رسول اللہ ملتمس ✤ غرفا من البحر او رشفا من الدیم[۵۱] ✤

وکل آی اتی الرسل الکرام بہا ✤ فانما اتصلت من نورہ بھم - اور کنہ نور محمدی اور خلق و ظہور اوسکا نور الٰہی سے مجہول الکیفیت ہی کہ شرع شریف اوسکے بیان سے ساکت ہی اور عقل جزوی اوسکے ادراک سے عاجز اور زیادہ غور کرنے سے سلسلہ اس بحث کا مسئلہ وحدت وجود تک پہونچتا ہے لہذا اسیقدر پر اکتفا کیا گیا پس تعبیر اوسکی سوا اسکے نہین ہو سکتی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نور سے نور محمدی پھر نور محمدی سے تمام عالم پیدا کیا[۵۲] انتہے اور تفسیر حسینی مین آیۂ کریمہ قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین[۵۳] کی تفسیر مین لکھا ہے کہ بحر الحقائق مین ہے کہ حضرت کا اسم مبارک نور اسلیے ہے کہ حق تعالے نے پہلی جو چیز عدم سے ظہور مین لایا وہ آپ ہی کا نور ہی کہ اول ما خلق اللہ نوری

[۵۱] اور سب رسول اللہ سے ملتمس ہین خواہ دریا سے چلو بھر پانی ہو یا جوش کا پانی اور جس دلیل کو پیغمبران بزرگ لائے وہ آنحضرت صلعم ہی کی نور سے اونکو ملی ۱۲ [۵۲] البتہ تمہارے پاس اللہ سے نور و کتاب مبین آئی ۱۲ [۵۳] پہلی جو چیز اللہ نے پیدا کی وہ میرا نور ہے ۱۲

پہر عالم کو اوس نور کے ظہور کے لیے موجود کیا ہے انچہ اول شد پدید از جیب غیب ٭ بود نور جان او بے ہیچ ریب۔۔ انتہٰے اور نور کے معنی حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی ترجمۂ مشکوۃ شریف مین فرماتے ہین که نور در عرف عام بمعنی روشنی است و نور در اسم اللہ تعالی بمعنی منور است[۱] وے تعالی روشن گردانندہ سموات است بکواکب وسیارات وروشن گردانندہ زمین باولیا وانبیا وعلما ومومنین ومومنات وبساتین ودریاھیں وروشن گردانندہ دلہای مومنان وعارفان است بنور ایمان وطاعات واخلاق ومعارف وحقایق نور علی نور[۲] یهدی اللہ لنورہ من یشاء[۳] ونزد خواص نور عبارت است از چیزے که ظاہر تر بر خود بود وظاہر کنندہ غیر خود را وچون مقابلہ کردہ شود وجود را بعدم پس وجود در ظہور باشد وعدم را خفا وہیچ چیز تاریک تر از عدم ویرون آرندہ باشد ماہیات را از ظلمت عدم سزاوار تر است از غیر خود که نامیدہ شود او را نور و وجود او نور یست که فایض است بجملہ اشیا و وجود ہمہ از نور ذات اوست انتہٰے بقدر الضرورت اور تحقیق معنی نور کے جو کچھ تفسیر آیۂ کریمۂ اللہ نور السموات والارض[۴] مین کی گئی اوسکو حضرت امام غزالی نے اپنے رسالۂ مشکوۃ الانوار مین بالتفصیل بیان فرمایا ہے اوس کو دیکھنا چاہیے اور کل معنی سب کے ہے۔

جواب سوالِ دوم - دعا کرنا اس عبارت سے[۵] جائز ہے ملا علی قاری شرح فقہ اکبر مین لکھتے ہین که مین کہتا ہون که بہی آیا ہے که اللھم انی اسئلك بحق السائلین علیك وبحق ممشای الیك[۶] پس حق سے مراد حرمت ہے یا وہ حق جسکا وعدہ حق تعالے نے بمقتضاے اپنی رحمت کے فرمایا ہی انتہٰے طحطاوی لکھتے ہین که انبیاء علیہم السلام کا حق خالق تعالے پر وجوباً ثابت نہین تفضلاً وکرماً ثابت ہے

---

[۱] نور عام طور پر روشنی کے معنی مین ہی اور اللہ تعالی کا نام نور بمعنی منور ہی اللہ تعالی ہی آسمانون کو ستارون ور سیارون سی اور زمین کو انبیا و اولیا وعلما و مومنین و مومنات سی اور مومنین و عارفین کی دلون کو نور ایمان وطاعات واخلاق ومعارف وحقائق سی منور کرنیوالا ہی اور خواص کے نزدیک نور اوس چیز سی عبارت ہی جو اپنی او پر زیادہ ظاہر ہو اور اپنی غیر کو ظاہر کرنیوالی ہو اور جیب وجود کا عدم سی مقابلہ کیا جاے تو وجود کا ظہور ہوگا اور عدم کا خفا اور جو چیز عدم سی زیادہ تاریک ہے اور ماہیات کو ظلمت عدم سی باہر لانیوالی ہو وہ نسبت اپنی غیر کی نور کی نام سی موسوم ہونیکی زیادہ لائق ہے اور اُنکا وجود وہ نور ہے جو کل اشیاء پر فائض ہی اور سب کا وجود اُنکے نور ذات سی ہے انتہٰے بقدر ضرورت ۱۲ [۲] نور ہے نور پر اور اللہ اپنی نور کی طرف جسکو چاہتا ہی ہدایت کرتا ہی ۱۲ [۳] اللہ آسمان و زمین کا نور ہی ۱۲ [۴] یا اللہ مین تجھ سی سوال کرتا ہون بحق سائلین تجھ پر و بطفیل اپنی رفتار کی سلوک کے جو تیری طرف ہے

یہانتک کہ ازراہِ کرم حق سائلین بہی ثابت ہے چنانچہ حصن حصین مین حدیث ثابت ہے، اللّٰهم[۵۱] انی اسئالك بحق السائلین علیك اور اگر حق حرمت اور عظمت و وجاہت مراد لیجیے[۵۲] بطریق وسیلہ درست ہے قال اللّٰه تعالی وابتغوا الیه الوسیلة انتہے اور بحق نبی دعامین بمعنی وسیلہ کے کہنا تعلیم[۵۳] آنحضرت صلعم سے بہی ثابت ہے حیث علم اللّٰهم انی اسئالك واتوجه الیك بنبیك محمد[۵۴] نبی الرحمة انتہے اور دعا کرنا حضرت آدم علیہ السلام کا واسطے قبول توبہ کے باین عبارت کہ اسئالك بحق محمد الا غفرت لی خود کتب تفسیر و حدیث مین موجود ہے پس اس سے بہی حقِ تفضلی مراد ہے نہ حقِ ایجابی اور اسی قبیل سے ہے جو اللّٰه تعالے نے جابجا قرآن مجید مین فرمایا ہے وکان حقا علینا نصر المؤمنین وکتب ربکم علی نفسه الرحمة وکان علی ربك حتما مقضیا وغیرهما من الآیات۔

حضرت مولانا شاہ عبد العزیز تفسیر فتح العزیز مین تحریر فرماتے ہین کہ در کتب[۵۵] فقہ مذکور است کہ دعا کردن بحق کسے مکروہ است، زیرا کہ کسے را بر خدا حقے نمی باشد و تفصیل مقام آنست نزدِ معتزلہ کہ افعال عباد را مخلوق عباد میدانند جزاے آن افعال حقِ حقیقی بندگان است و بر مذہب اہل سنت و جماعت افعال عباد مخلوق خدا اند پس عباد را بسبب آن افعال حقے ثابت نیست حقیقتاً بلکہ وعداً و جعلاً چنانچہ در حدیث صحیح آمدہ است کہ من آمن باللّٰه ورسوله واقام الصلوة وصام رمضان کان حقا علی اللّٰه ان یدخله

---

[۵۱] یا اللہ مین تجہسے سوال کرتا ہون بحق سائلین جو تجہپر ہے ۱۲ [۵۲] اللہ تعالے نے کہا کہ اور پکڑو تم اوسکی طرف وسیلہ ۱۲ [۵۳] جیسا کہ سکہلایا اے اللہ مین تجہسے سوال کرتا ہون اور تیری طرف بذریعہ تیرے نبی محمد نبی الرحمۃ کے متوجہ ہوتا ہون ۱۲ [۵۴] اور تہا حق ہمپر ایمان والون کو مدد دینا ۱۲۔ اور تمہارے رب نے اپنی ذات پر رحمت کو فرض کیا ۱۲۔ اور تہا تیرے رب پر عہد پورا ہونے والا ۱۲ [۵۵] کتب فقہ مین مذکور ہے کہ کسی کے حق سے دعا مانگنا مکروہ ہے اس لیے کہ کسی کا خدا پر حق نہین تفصیل مقام یہ ہے کہ معتزلہ کے نزدیک جو بندون کے افعال کو بندون کا مخلوق جانتے ہین اون افعال کی جزا بندون کا حقیقی حق ہے اور بر مذہب اہلِ سنت و جماعت بندون کے افعال خدا کے مخلوق ہین پس حقیقتاً بندون کا اون افعال سے کوئی حق ثابت نہین بلکہ بطورِ وعدہ چنانچہ حدیث مین آیا ہے کہ جو اللہ پر ایمان لایا اور اوس کے رسول پر اور نماز قائم کی اور رمضان کے روزے رکہے تو

الجنۃ ھاجر فی سبیل اللہ او جلس فی ارضہ التی ولد فیھا۔ و نیز در حدیث صحیح از حضرت معاذ

بن جبل آمدہ ھل تدری ما حق العباد علی اللہ الخ۔ پس انچہ در روایت توبہ حضرت آدم علیہ السلام

آمدہ است محمول بر ہمان حق جعلی و تفضلی است و انچہ در کتب فقہ ممنوع است حق حقیقی است و از بسکہ

در سابق مذہب معتزلہ رواج بسیار میداشت و استعمال این لفظ موہم مذہب ایشان میشد فقہا مطلقاً

از استعمال این لفظ منع نمودہ تا خیال کسے بآن مذہب نرود این است انچہ درین مقام

موافق قرار داد علماے ظاہر است و اہل تحقیق چنین گفتہ اند کہ ہر یک از اکمل بنی آدم را باعتبار

صورت کمالیہ او اسمی است از اسماے الٰہی کہ تربیت او میفرماید پس سوال بحق کاملے از کاملان

اشارہ بآن اسم است اگر شخصے در وقت استعمال این لفظ ملاحظہ این معنی نماید قطعاً ملام و معاتب

نیست انتہیٰ واللہ اعلم بالصواب فقط

---

۴ تو اللہ پر حق ہوگا کہ وہ اوس کو جنت مین داخل کرے فی سبیل اللہ ہجرت کی یا وہین مقیم رہا جہان پیدا ہوا۔
نیز حدیث صحیح مین حضرت معاذ بن جبل سے مروی ہے کہ کیا جانتے ہو کہ بندون کا حق اللہ پر کیا ہے پس روایت توبہ
حضرت آدم علیہ السلام مین جو کچھہ آیا ہے وہ اوسی حق جعلی و تفضلی پر محمول ہے اور کتب فقہ مین جو ممنوع ہے وہ حق حقیقی ہے
چونکہ پہلے زمانہ مین مذہب معتزلہ بہت رائج تہا اور اس لفظ کا استعمال اونکے مذہب کا وہم دلاتا تہا تو فقہانے اس
لفظ کے مطلقاً استعمال کو منع کر دیا تا کہ کسی کا خیال اوس مذہب کی طرف نہ جاے یہ ہے جو یہان پر موافق قرار داد
علماے ظاہر کے ہے اور اہل تحقیق نے ایسا کہا ہے کہ ہر ایک اکمل بنی آدم کا باعتبار اپنی صورت کمالیہ کے اسماے
الٰہی سے ایک اسم ہے جو اوس کی تربیت فرماتا ہے پس کاملین مین سے کسی کامل کے حق سے سوال کرنا اشارہ
اوس اسم سے ہے اگر کوئی شخص اس لفظ کے استعمال کے وقت اس معنی کا لحاظ کرے تو ہرگز قابل ملامت
وعتاب نہین ہے ۱۲ فقط

تمت بالخیر

صحت نامہ رسالہ الدر الیتیم فی ایمان آباء نبی الکریم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷	۲م	العزا	العزۃ
"	۴م	نزہم	نزہہم
۲۵	۳م	مضافً	مضافاً
"	۷ات	ی کے	ہی کے
"	۸ات	ون کے	اون کے
۲۸	۱۰ت	جالی ہے	جاتی ہے
۳۵	۱۸م	اسدہما	احدہما
"	۱۵ات	اسے	استثنے
۳۷	۱۹م	فجبطوا	فخبطوا
"	۱۹ات	جبط	خبط
۴۳	۱۷م	جومنعوا	ومنعوا
۴۷	۱۳م	من یبلغه	من لم یبلغه
"	۱۵م	انه	انهم
"	۲ت	کلام	کلام مین

اشتہار

تالیفات حضرت مؤلف کتاب ہٰذا

تحریر الانور فی تفسیر القلندر - فارسی - مطبوعہ ریاست رامپور ...... قیمت ۴ر

الفیض التقی فی حل مشکلات ابن العربی - فارسی - مطبوعہ ریاست رامپور - قیمت ۸ر

کشف الدقائق عن رموز الحقائق - فارسی مع ترجمہ - مطبوعہ ریاست رامپور - قیمت ۸ر

فاتح الابصار - فارسی مع ترجمہ - مطبوعہ ریاست رامپور ... قیمت ۴ر

زواہر الافکار شرح جواہر الاسرار - فارسی مترجم - مطبوعہ اصح المطابع لکھنؤ ... قیمت ۱۰ر

القول الموجہ فی تحقیق من عرف نفسہ فقد عرف ربہ - فارسی مطبوعہ آسی پریس لکھنؤ قیمت ۶ر

انتصاح عن ذکر اہل الصلاح - فارسی - مطبوعہ آسی پریس لکھنؤ ... قیمت ۴ر

الدرۃ البیضا فی تحقیق صداق فاطمۃ الزہرا - اردو مطبوعہ اصح المطابع لکھنؤ - قیمت ۳ر

احسن الافادہ لارباب الارادہ معروف برسالہ بیعت و وجہ بانوجہ - اردو مطبوعہ گلشن ابراہیمی قیمت ۲ر

المشتہر

قاضی محمد انتظام علی خان - محلہ قاضی گڈھی کاکوری ضلع لکھنؤ